ج ۔ تفسیر دُر منثور اور خازن اور کبیر اور مجمع البیان اور فتح البیان وغیرہ مین یتلونہ کے معنے (یقرؤنہ اور یتبعون) لکہے ہین جس سے ثابت ہے کہ توریت مقدس کے مومن ہی لوگ ہین جو اسکی تلاوت اور پیروی کرتے ہین کیونکہ قولہ تعالی (یتلونہ حق تلاوتہ) مین اُس کتاب یأتی من اللہ یعنے شرائع منزل من اللہ مندرجہ ہر پانچ حصص توریت مقدس کی تلاوت اور پیروی کیواسطے حث اور ترغیب ہے اور چونکہ کلمہ (یتلون) کا (مضارع) کا صیغہ ہے ۔ سائے یہہ حکم اس آیۃ کا (دوام) اور (استمرار) کیواسطے بہی دلالت رکہتا ہے ۔ اسلئے ان شرائع منزل من اللہ مندرجہ ہر پانچ حصص توریت مقدس کی تلاوت اور پیروی ہمیشہ کیواسطے لازمی ہے ۔ اور قولہ تعالی (اولٰئک یؤمنون بہ) اس امر پر دلالت کرتا ہے ۔ کہ ایمان انہین لوگون پر مقصور ہے جو اس کتاب یأتی من اللہ یعنے شرائع منزل من اللہ مندرجہ ہر پانچ حصص توریت مقدس کی تلاوت کرتے ہین اور اسکی احکام حلت اور حرمت وغیرہ کو بہی کماینبغی بجالاتے ہین ۔

از جملہ وجوہات مندرجہ صدر سے ثابت ہوا کہ اس کتاب یأتی من اللہ یعنے شرائع منزل من اللہ مندرجہ ہر پانچ حصص توریت مقدس کی تلاوت اور پیروی مدعیان اتباع قرآن عربی کے واسطے

Marfat.com

تاقیام قیامت فرض ہے اور اسکی تلاوت اور پیروی کے ہی نہ کرنے کے سبب سے ...
سخت نقصان ہے۔

پانچوان مضمون۔ (ظنیات ملہمات میرزا غلام احمد قادیانی)۔

(اب ایک دانشمند سوچ سکتا ہے کہ اگر خدا تعالی کا یہی ارادہ تہا کہ قرآن شریف صحیفہ سا ایک
ناقص کتاب تہی اور اسکی تکمیل اس تمام مجموعہ کتب پر موقوف تہی کہ جو حضرت آدم سے لیکر تمام
متفرق قومون کے نبیون پر نازل ہوتی رہی ہین تو چاہئے تہا کہ خدا تعالی وہ تمام کتابین روے
زمین کی مسلمانون کے لیئے میسر کر دیتا یا قرآن شریف مین انکے نام تبلا دیتا)۔

(یقینیات حقہ فاتح الکتاب المبین متضمن بر رفع التباسات ظنیات مذکور۔

الف ۔ وہ دانشمندی کہ جسکا وجود کتاب اللہ مین نہین ہے ہمارے دیرینہ دشمن کا حصہ ہے
ہماری دانشمندی تو تابع احکام الہی کے ہے۔ کتاب اللہ سے آپکا اگر تمسک ہے تو کتاب اللہ کی سند
پیش کیجیئے۔ اور یاد رہے کہ مومن حقیقی یہی قوم ہی لوگ ہین جو کتاب اللہ سے ہے استدلال کرتے ہین
ب ۔ قرآن عربی براے کسی جدید یا علیحدہ شریعت کے مقرر کرنیکے واسطے نازل نہین ہوا ہے
بغرض رفع اختلافات بنی اسرائیل کے نازل ہوا ہے چنانچہ دوسرے مضمون کے ضمن میں درج
ہین سورۃ نمل نمبری ۲۷ کی آیۃ نمبری ۷۶ (ان ھذا القرآن یقص علی بنی اسرائیل اکثر
الذی ھم فیہ یختلفون) اسی غرض کے واسطے لکہی جا چکی ہے۔ آپکے گمان مین اگر
بغرض تقرر شریعت جدید یا علیحدہ کی قرآن عربی نازل ہوا ہے تو اوسکے ثبوت کے واسطے
کوئی ایسی آیۃ قرآن عربی کی جو منزل من اللہ ہو اور محکم بہی ہو پیش کیجئے۔
ج ۔ اور یہہ بہی واضح رہے کہ قرآن عربی کی تکمیل سوا صرف انبیاء بنی اسرائیل کی کتب مقدسہ یعنی
صحف توریت مقدس کے کسی ایسی مجموعہ کتب پر موقوف نہین ہے جو آدم سے لیکر محمد رسول اللہ
کی بعثت تک انبیا پر بہیجی جاتی ہون اور نہ آدم سے لیکر محمد رسول اللہ کی بعثت تک
تمام دنیا کی متفرق قومون میں انبیاء اللہ مبعوث ہوتے رہے ہین۔ اگر آپکے گمان
تمام دنیا کی متفرق قومون میں انبیاء اللہ مبعوث ہوتے رہے ہین تو بتلا دیجئے کہ ہندوستان
اور چین اور امریکہ وغیرہ ملکوت میں جو بڑے بڑے وسیع ملک ہین کون کون نبی یا رسول مبعوث ہوئے

د۔ ہان یہہ بہی کہتا ہون کہ تمام روئے زمین کی متفرق قومون پر بوساطت انبیاء برحق کی ایسی کتابین بہی نازل نہین ہوئی ہین جو کسی پہلی کتاب الٰہی سے مختلف ہون اور جنکا میسر کر دینا یا اُنکا نام کا ہی قرآن عربی مین مدعیان اتباع قرآن عربی کیواسطے بتلا دینا ہی اللہ جل شانہ پر ضرور اور لازمی سمجہا جاوے۔ آپنے کہا ہے کہ اگر تمام دنیا کی متفرق قومون پر من اللہ ایسی ایسی کتابین نازل ہوتی رہی ہین کہ جنمین شرائع علیحدہ علیحدہ ملتی رہی ہون تو اسکے ثبوت کیواسطے قرآن عربی کی کوئی ایسی آیت پیش کیجئے جو اس علم کے واسطے دلالت عبارت النص کا حکم رکہتی ہو ورنہ آپکا یہہ تمام مضمون متضمن قرار دینی محال کا اور اسکی تمہید بے اصل اور مبنی بر غلط ہوگا۔

چہٹا مضمون ۔ (ظنیات ملبسات میرزا غلام احمد صاحب قادیانی۔

(مگر ادنی توجہ حضرت موسیٰ کی کتاب توریت اور حضرت داؤد کی کتاب زبور اور صحف ابراہیم اور انجیل کی اور کسی کتاب کا نام بہی نہین بتلایا اور جن کتابونکا نام بتلایا اسکے ساتہہ ہی دل توڑنیوالی خبر بہی دیدی کہ وہ تمام کتابین محرف اور مبدل ہین)

(یقینیات حصہ فاتح الکتاب المبین متضمن رفع التباسات ظنیات مذکورہ)۔

الف ۔ سوائے توریت مقدس کے اور کسی بہی کتاب کے نام تک کا بہی نہ بتلانا کچہہ قابل اعتراض بات نہین ہے کیونکہ بنی نوع انسان کی نجات کے واسطے اللہ جل شانہ نے شرائع اپنے مقرر کی ہین۔ اسلئے مدار نجات بنی نوع انسان کا محض شرائع منزل من اللہ ہی پر ہے۔ اور تیسرے مضمون کے ضمن (ج) مین ثابت کر چکا ہون کہ آدمؑ سے لیکر موسٰے کلیم اللہ تک جسقدر شرائع منزل من اللہ ہین وہ تو تمام و کمال ہر پانچ حصص توریت مقدس مین موجود ہین۔ اسلیے اسی ایک ہی کتاب توریت مقدس کا ہی نام بتلانا کافی تہا اور اُسی کا نام خصوصیت سے بلقب امام بتلایا ہوگا۔

ب ۔ جہان کہین قرآن عربی مین توریت مقدس کا ذکر آیا ہے وہان یہہ خبر دل توڑنیوالی تو کہین بہی نہین ہے کہ توریت مقدس محرف اور مبدل ہے۔ اور نہ آپنے اپنے اس دعوی کی ثبوت کیلئے کوئی بہی آیۃ منزل من اللہ پیش کی ہے۔ آپکی گمان مین آپکے اس دعوی کی تصدیق کیواسطے اگر کوئی آیۃ مضمون دلالت عبارت النص ہے تو پیش کیجئے تاکہ آپکو سرخروئی حاصل ہو۔ ورنہ مین تو بخلاف اسکے ایسے ایسے آیات دکہتا ہون کہ جنسے بوجہ احسن یہ بات ثابت ہے کہ توریت مقدس محرف اور مبدل نہین ہے۔ بلکہ جیسی تہی ویسی کی ویسی صحیح سالم تغییر اور تبدیل سے محفوظ موجود ہے اور

[illegible]

اسی طرح ... [illegible]

با ... [illegible]

ہے کہ توریت کو ہم نے نازل کیا ہے ... [illegible]

احبار ہیں وہ تو اسی کے ... [illegible]

گواہ بھی ہیں اور وہ کتاب توریت ... [illegible]

کے ... [illegible]

ست ... [illegible]

د – قولہ تعالی ... [illegible]

[illegible]

[illegible] قولہ تعالی ... [illegible]

[illegible]

[illegible]

ھ – [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

Marfat.com

ونحکم الربانیون والاحبار ایضا بسبب ما حفظوہ من کتاب اللہ حسب ما وصاھم به انبیاءھم وسالوھم ان یحفظوہ - ولیس المراد بسببیۃ من حیث الذات بل من حیث کونہ محفوظا - فان تعلیق حکمہ بالموصول مشعر بسببیۃ الحفظ المترتب لا محالۃ علی ما فی خبر الصلۃ من الاستحفاظ له

ق - اور قولہ تعالی (فلا تخشوا الناس) کے تحت مین تفسیر مجمع البیان اور کبیر اور درمنثور مین یون ہی درج ہے کہ (اس حکم کا خطاب محمد رسول اللہ کو ہے)

ر - اور تحت قولہ تعالی (ومن لم یحکم بما انزل اللہ فاولئک ھم الکافرون) کی تفسیر درمنثور مین ابن عباس سے یون روایت ہے (کہ یہہ آیۃ یہودیون سے مخصوص نہین ہے بلکہ محمدیون کو بھی شامل ہے) اور ایسا ہی تفسیر مجمع البیان مین اور فتح البیان اور کبیر مین درج ہے (کہ حکم اس آیت کا عام ہے کیونکہ کلمہ (من) کا متضمن معنے عام کا ہے -

ش - اور یہہ بھی واضح رہے کہ چونکہ یہہ آیۃ اس سورہ مائدہ کی جو قرآن عربی کی تمام سورتون مین سے نزولا آخری سورہ ہے - اس لیئے یہہ حکم اس آیۃ کا منجملہ آخری حکمون قرآن عربی کے ہے - اور تسیر یہہ بھی ہے کہ یہ حکم اس آیۃ کا منسوخ ہی نہین ہے -

ط - اب کہئے کہ کیا بروئے وجوہات مندرجہ تفسیر ابو سعود کے توریت مقدس کا تحریف و تبدیل سے محفوظ ہونا ثابت نہین ہے اور کیا علاوہ برآن یہہ بھی ثابت نہین ہے کہ شرائع منزل من اللہ مندرجہ توریت مقدس کے واجب العمل ہین اور انکی بجا آوری سے نافرمانی کرنیوالے کافر ہین ذرا سوچئے اور سمجھئے تو سہی

ی - پھر دیکھئے کہ آیۃ مندرجہ ذیل نمبر ۹ رکوع ہفتم سورہ مائدہ مدنی نمبری ۱۱۲ (وانزلنا الیک الکتاب بالحق مصدقا لما بین یدیہ من الکتاب ومھیمنا علیہ) کی تفسیر مین تحت قولہ تعالی (مصدقا) کے معنے کتب تفسیر مین (مطابق) اور (موافق) لکھے ہین - اور بروئے کتب لغت کی اسکے معنے (راست گوئی وارندہ) ہین - اور تحت قولہ تعالی (ومھیمنا علیہ) کی تفسیر ابو سعود مین یون درج ہے (ای رقیبا علی سائر الکتب المحفوظۃ من التغییر لانہ یشھد لھا بالصحۃ والثبات) اور ایسا ہی تفسیر حمل مین منقول از تفسیر

ابو سعود ہے اور نیز ایسا ہی تفسیر کشاف میں بھی ہے۔ اور تفسیر مدارک اور بیضاوی میں لکھا ہے (ورقیبا علی سائر الکتب یحفظہ من التغییر ویشہد لہا بالصحۃ والثبات) اور ایسا ہی سراج المنیر اور حسینی اور قادری میں بھی درج ہے۔ اور تفسیر کبیر میں یوں درج ہے (واذا کان کذلک کانت شہادۃ القرآن علی ان التوراۃ والانجیل والزبور صدق باقیۃ ابداً فکانت حقیقۃ ہذہ الکتب لمعلومۃ ابداً) اب سمجھ لیجئے کہ اگر شرائع منزل من اللہ مندرجہ ہر پانچ حصص توریت مقدس کی بقول آپ کے محرف و مبدل ہیں تو قرآن عربی کی یہ صفت کہ وہ (مصدق) اور (مہیمن) ہے واقعی صفت نہیں ہے ذرہ سوچ سمجھ لیجئے!!! یا پھر دیکھئے کہ آیتہ مندرجہ ذیل نمبری ۱۱ رکوع پارہ دہم سورۃ انعام مکی نمبری ششم (وتمت کلمۃ ربک صدقاً وعدلاً لا مبدل لکلمات وہو السمیع العلیم) میں یہ خوش خبری اجر دینے والی ہے کہ اللہ جل شانہ کے کلمات کو تبدیل کرنیوالا کوئی نہیں ہے دیکھئے تفسیر کبیر اور اپنے اس سوء ظن سے لاحول کہہ کر توبہ کیجئے اور دل جمعی سے شرائع منزل من اللہ مندرجہ ہر پانچ حصص توریت مقدس کے پیروی کیجئے۔ اور تسلی کرکے سمجھ لیجئے کہ اگر قرآن عربی میں دل توڑنیوالی خبر تحریف و تبدیل شرائع منزل من اللہ سابقہ کی کچھ بھی درج ہوتی تو اس طرح سے دل جوڑنیوالی یہ خبر اس قرآن عربی میں ہرگز ہرگز درج نہ ہوتی تو پھر یہی کہتا ہوں کہ یقین کریں کہ شرائع منزل من اللہ سابقہ مندرجہ ہر پانچ حصص توریت مقدس کی ہرگز ہرگز محرف اور مبدل نہیں ہیں۔ — دیکھو تفسیر ... [illegible]

ساتواں مضمون (ظنیات ملبسات مرزا غلام احمد صاحب قادیانی)

(غرض اگر آپکا یہ دعویٰ صحیح ہے تو اول وہ دنیا کی تمام کتابیں آپ جمع کرکے ہمکو دکھلا دیں جنکے شمول العد الحاق پر قرآن شریف کی تکمیل موقوف ہے)

(یقینیات حصہ فاتح الکتاب المبین متضمن رفع التباسات ظنیات مذکورہ)

الف ۔ دنیا کی تمام کتابوں سے ہمیں کچھ غرض نہیں ہے اور نہ انکے جمع کرنے کی کچھ بھی ضرورت ہے کیونکہ بنی نوع انسان کی نجات کا انحصار تو محض بجا آوری شرائع منزل من اللہ مندرجہ ہر پانچ حصص توریت مقدس پر ہے چنانچہ پانچویں مضمون کے یقینیات حصہ کے ضمن (ب) اور چھٹے مضمون کے یقینیات حصہ کے ضمن (الف) میں مفصل اور بہت کافی جواب اسکا درج ہو چکا

ہے ذرہ اس طرف رجوع کرکے دیکھ لیجئے۔

آٹھوان مضمون - (ظنیات ملبسات میرزا غلام احمد صاحب قادیانی)۔

(میری دانست مین آپ نے ایک ایسا فضول اور بے بنیاد دعوی اپنے ذمہ لے لیا ہے جسکا ثبوت آپکے لیئے محال اور ممتنع ہے۔

(یقینیات حقہ فاتح الکتاب المبین متضمن رفع التباسات ظنیات مذکور۔

الف مین اپنے پہلے ہی خط مورخہ ۲۲ اپریل ۱۸۸۶ء مین لکھہ چکا ہون کہ میرے دعوی کی نسبت آیات قرآن عربی کی بڑے ہی زور شور سے گواہی دے رہی ہین جنسے ثابت ہے کہ میرا یہ دعوی فضول اور بے بنیاد نہین ہے کوئی شخص سچے ایمان والا سننے اور دیکھنے والا چاہیئے چنانچہ میرے اس خط مین آپنے دیکھہ لی بہی ہونگی۔ تعجب کہ آپ میری دعوی کو کس سمجھہ سے فضول اور بے بنیاد کہتے ہین اور اسکے ثبوت کو محال اور ممتنع قرار دیتے ہین کیونکہ یہ قول آپکا نہ تو کسی منقول منزل من اللہ پر مبنی ہے اور نہ کسی معقول پر بلکہ ایسی ظنیات ملبسات پر مبنی ہے کہ جنکی کچھہ بہی اصلیت نہین ہے اور واضح رہے کہ شرائع منزل من اللہ مندرجہ پانچ حصص توریت مقدس پر عمل کرنیکی واسطے تو دلایل حقہ منزل من اللہ موجود ہی ہین آپ اس بے سرو پا کہنے سے تو کچھہ بہی نہین ہو سکتا ہے۔

نوان مضمون (ظنیات ملبسات میرزا غلام احمد صاحب قادیانی۔

(بینات قرآنی سے آپ کیون بہاگتے ہین)۔

(یقینیات حقہ فاتح الکتاب المبین متضمن رفع التباسات ظنیات مذکورہ

الف - پہلے آپ یہہ تو کہیئے کہ آپنے اسوقت تک کون کون سی بینات قرآنی پیش کی ہین کہ جنسے مین بہاگا ہون اور آپکو ایسا لکہنے کا موقع ملگیا ہے۔ اگر آپ کوئی بہی نہین بتلا سکینگے تو بلا وجہ موجہ کے ایسا کہنا آپکا افسوس کے قابل ہوگا خصوصا اسوجہ سے کہ مین تو آپسے بینات قرآنی طلب کرون اور آپکا یہ حال ہو کہ کوئی بینہ قرآنی پیش نہ کرسکین اور باین ہمہ مجھکو آپ یون کہین کہ بینات قرآنی سے آپ کیون بہاگتے ہین۔

دسوان مضمون - (ظنیات ملبسات میرزا غلام احمد صاحب قادیانی)

کیا کبھی قرآن شریف کی تلاوت کا بھی اتفاق نہیں ہوا اللہ جل شانہ فرماتا ہے (یتلوا صحفا مطہرۃ فیہا کتب قیمہ)۔

یقینیات حصہ فاتح الکتاب المبین متضمن رفع التباسات ظنیات مذکور

الف بیشک اس قسم کی تلاوت کا اتفاق تو کبھی بھی نہیں ہوا ہے کہ بجای (مطہرۃ) کے (طہرتا) لکھدوں۔

ب۔ الا واضح رہے کہ یہہ کتابت آپ کی ایک عمدہ نمونہ آپکی تلاوت کا ہے)۔

گیارہواں مضمون۔ (ظنیات ملبات میرزا غلام احمد صاحب قادیانی)۔

سو جس حالت میں اللہ جل شانہ آپ فرماتا ہے کہ تمام پاک صداقتیں جو پہلی کتابوں میں تھیں اس کتاب میں درج ہیں تو آپ ایسی جامع کتاب کو کیوں نظر تحقیر سے دیکھتے ہیں۔

یقینیات حصہ فاتح الکتاب المبین متضمن رفع التباسات ظنیات مذکور

الف۔ وجوہ مندرجہ ذیل سے ثابت ہے کہ قرآن عربی میں (صحف) کا کلمہ جہاں کہیں آیا ہے اور خصوصاً آیۃ ما نحن فیہ (یتلوا صحفا مطہرۃ) میں بمعنے (صحف ابراہیم اور موسی) آیا ہے۔

وجہ اول۔ آیات مندرجہ ذیل نمبری ۱۴ تا ۱۹ رکوع اول سورۃ اعلی کی نمبر جی ہشتاد و ہفتم (قد افلح من تزکی ۵ وذکر اسم ربہ فصلی ۵ بل تؤثرون الحیوۃ الدنیا ۵ والاخرۃ خیر وابقی ۵ ان ھذا لفی الصحف الاولی ۵ صحف ابراھیم وموسی) میں خود قرآن عربی نے (الصحف الاولی) کی تفسیر (صحف ابراھیم وموسی) کردی ہے جس سے بوجہ احسن معلوم ہو گیا کہ قرآن عربی میں (صحف اولی) سے مراد (صحف ابراہیم او موسی) ہی ہیں اور سوا انکی اور کوئی بھی کتاب مثل قرآن عربی اور انجیل وغیرہ کو مراد نہیں ہے۔ اور واضح رہے کہ صحف ابراہیم یعنے وہ شرائع جو منزل من اللہ علی ابراہیم ہیں وہ تو توریت مقدس کے بیچ حصہ میں مندرج ہیں اور صحف موسی یعنے وہ شرائع جو منزل من اللہ علی موسی ہیں وہ تو توریت مقدس کے توحصہ دوم لغایت پنجم میں مندرج ہیں سو اس لیے کل شرائع منزل من اللہ مندرجہ ہر پانچ حصص توریت مقدس کی ہی مصداق قولہ تعالی (الصحف الاولی) کی ہیں اور اسی وجہ سے توریت مقدس کو ہی ڈکا جامع تسلیم کیا جاتا ہے۔

Marfat.com

... ھنا اولی ابو سراج المنیر

... میں (یتلوا صحفا) کے یون لکھا ہے (والرسول

... صحیکان کالتالی لھا) اوراس تغییر مفسرین مندرجہ

... آیہ کریمہ (یتلوا صحفا) مین آپکے اور ہمارے

... (صحف اولی) اسے مخصوص ہین اور سوا اراس کے قرآن عربی

... نسبت ... مندرجہ صدر سے نہین ہے اور نہ (قرآن عربی

... ہے ۔

... اولی ابراہیم اور موسی کو ضرور پڑھتے تھے چنانچہ اسکے ثبوت کیواسطے

... الظہارت کافی ہین اور کسی دوربیان کی حاجت نہین ہو ۔

... (ملف) سے ثابت ہو چکا ہے کہ کلمہ (صحف) کا آیہ ماخذ

... سے قرآن عربی ہرگز ہرگز نہین ہے اس لیے مین حیران ہون کہ

... ہے (یتلوا صحفا مطہرۃ فیہا کتب قیمۃ)

... ہے کہ تمام پاک صداقتین جو پہلی کتابون مین

... مین ۔

... کی عبارت مندرجہ ذیل (وآنرا صحف گفت برائی تعظیم یا آنکہ جامع

... اگر اس عبارت مین بہی تو صاحب حسینی کا اصل صاف

... صحف سے اصل قرآن عربی مراد نہین ہے ۔ الا چونکہ اسکو

... مطہرۃ فیہا کتب قیمۃ سے تعمیل شرایع منزل

... ہوتی ہے اور دشمن یا با آدم نے اوسکی اس پر وح

... تردید تقدس ہے سے منحرف ہوئی کیواسطے

... تحریف معنوی کا مرتکب ہوا اور کلمہ (صحف) سے

... حقیقت مندرجہ ذیل معرض تحریر مین لایا ایک یہ کہ

(... کے واسطے قرآن عربی کو (صحف) کہا

مگر چونکہ اس توجیہہ پر بھی صاحب حسینی کی دل جمعی ہونی امکانی نہ تھی [illegible]
کہ قرآن عربی جامع اسرار جمیع صحف کا ہے اس لئے انہوں نے پہلی توجیہہ کی [illegible]
بے اصل خیال کی بنا پر یوں دوسری توجیہہ لکھ دی کہ قرآن عربی تو جامع [illegible]
ہے اس سبب سے قرآن عربی کو اس آیت میں ملقب بہ صحف ملقب کیا گیا ہے [illegible]
ہے اگر قرآن عربی میں جمیع صحف کے اسرار جمیع ہوتے تو اس حالت میں قرآن عربی کو [illegible]
کے نام سے نامزد کرنے کے واسطے ایک صورت پیدا ہو جاتی۔ مگر فی الواقع [illegible]
اور صاحب حسینی نے چونکہ اس امر کا کوئی بھی ثبوت نہیں دیا ہے اور نہ ممکن ہے کہ وہ کسی طرح سے
بھی ثابت کر سکتے اس لیئے یہہ مقولہ ان کا محض دعوی ہی بلا دلیل ہے کیونکہ آیۃ نمبری ۱۶۴
رکوع بست و سوم سورۃ النساء مدنی نمبری چہارم (ورسلا قد قصصناھم علیک من قبل ورسلا
لم نقصص وکلم اللہ موسی تکلیما) سے بخوبی واضح ہے کہ قرآن عربی میں تمام رسل کے
قصص بھی درج نہیں ہیں۔ اور جب یہ صورت ہے تو قرآن عربی جامع اسرار جمیع صحف کیونکر
ہو سکتا ہے۔ اور کا تو ذکر ہی کیا ہے آپ نے بھی تو اپنے اس خط مورخہ ۲۶ اپریل [illegible]
لکھا ہے کہ (قرآن عربی میں تو سوائی توریت اور زبور اور انجیل کے اور کسی کتاب کا نام بھی
نہیں بتلایا گیا) کیونکہ یہ مضمون اس وقت یاد نہ رہا کہ جب آپ نے یوں لکھ دیا کہ [illegible]
ہے کہ تمام پاک صداقتیں جو پہلی کتابوں میں تھیں وہ اس کتاب میں درج ہیں [illegible]
عادت کے اشخاص کا حافظہ نہیں رہا کرتا ہے [illegible]
بھی رہا اور برخلاف اپنی پہلے مضمون کے آپ نے یہ دوسرا مضمون [illegible]
[illegible]۔ سوا اس کے اسی آیۃ (یتلوا صحفا مطہرۃ فیہا کتب قیمۃ) [illegible]
کہ احکام [illegible] منزل من اللہ مندرجہ ہر پانچ حصص توریت مقدس کی [illegible]
والی ہیں منسوخ اور محرف اور مبدل ہونے والی ہرگز ہرگز نہیں ہیں [illegible]
اور یہ خبر ایک [illegible] دل آج ہی کی خوشنودی والی خوشخبری آپ کی [illegible]
سے آپ نے یہہ لکھ دیا کہ [illegible] دل توڑنے والی خبر [illegible]
وہ تو محرف و مبدل ہیں [illegible] کیونکہ خدا تعالی [illegible]

137259

(نہ انہین صحف مین احکام قیمہ ہین) - اس لیئے کہ ضمیر (ہا) کا مرجع کلمہ (صحف) کا ہے -
اور صدر مین ثابت ہوچکا ہے کہ (صحف) سے مراد (صحف ابراہیم اور موسی) ہین جنکا مجموعہ
توریت مقدس کے ہر پانچ حصص ہین نظر براآن بوجہ احسن ثابت ہوگیا کہ شرائع منزل
من اللہ مندرجہ ہر پانچ حصص توریت مقدس کی نہ تو منسوخ ہین اور نہ محرف اور مبدل ہین -
ق - اور یہ بھی واضح رہے کہ میںنے یہ جو وجوہات صدر مین بیان کی ہین حق ہین کیونکہ مبنی
بر آیات حقہ ہین - اور آپکا دعوی اور دلایل بدین غرض کہ شرایع سابقہ منزل من اللہ کی محرف
اور مبدل ہین محض ظنی ملبس ہین اور اسی سبب سے ثابت بھی ہوگیا کہ بی اصل ہین - کیون نہو
سچ بھی تو ہے کہ آیت مندرجہ ذیل جزی ۳ رکوع چہارم سورۃ یونس کی جزی دہم (وما یتبع
اکثرھم الاظناً ان الظن لا یغنی من الحق شیئاً) سے یہہ ثابت ہے کہ حق سے ظن
مستغنی نہین کرتا ہے - اور یہ آیۃ آپکے ظنیات کے اعتبار کی حیثیت کی اظہار کے واسطے خوب
ہی صادق مشاہد ہے -
ر - اب آپ یہ کہیں کہ میری کس تقریر یا تحریر سے آپنے یہہ سمجھ لیا ہے کہ مین کلام الٰہی مندرجہ
قرآن عربی کو بنظر تحقیر دیکھتا ہون آپ براہ مہربانی میری ایسی تحریر کی نقل پیش کرین ورنہ
آپکی نسبت یہہ سمجھا جاویگا کہ آپکی طبع مین یہ احتیاط نہین ہے کہ جو کچھہ منہ سے نکلنے لگا ہی کہا ہے -
بارہوان مضمون - ظنیات ملبسات میرزا غلام احمد صاحب قادیانی -
آپکے لیئے یہہ طریق بہتر ہے کہ چند پاک صداقتین کسی ہی کتاب کی جو آپکے گمان مین قرآن شریف
مین نہین پائی جاتین ہین عاجز کے سامنے پیش کرین پھر اگر یہ عاجز قرآن شریف سے وہ صداقتین
نکالنے مین قاصر رہا تو آپکا دعوی خود ثابت ہو جائیگا کہ ایسی ضروری اور پاک صداقتین قرآن
شریف مین نہ پائی گئین ورنہ آپ کو اس غایت درجہ کی بے ادبی سے توبہ کرنی چاہیئے کہ جس کتاب
کا نام اللہ جل شانہ نے جامع الکتب اور لاریب فیہ رکھا ہے آپ اوس کتاب کو ناقص ٹھہراتے ہین
(یقینیات حقہ فاتح الکتاب المبین متضمن رفع التباسات ظنیات مذکور -
الف - امام الکتب فی الناس توریت مقدس کے ہر پانچ حصص ہین شرائع منزل من اللہ
بہت سی ایسی ہین کہ جنکی نسبت الیقین کامل رکھتا ہون کہ وہ قرآن عربی مین پائی نہین جاتی

Marfat.com

ہین ازانجملہ چند مسائل شرعیہ آپ کی درخواست پر ذیل مین لکھی جاتی ہین

۱ ۔ جو کوئی شخص کسی ایسی عورت کے ساتھہ وطی کرے کہ جس کے ساتھ نکاح کبھی [illegible]
نہین ہو سکتے ہے مثلاً مان بہن وغیرہ سے تو ایسی شخص کی کیا سزا ہے

۲ ۔ جو کوئی شخص وطی فی الدبر کرے یا کرا دے تو اوسکی کیا سزا ہے

۳ ۔ جو کوئی مرد کسی حیوان سے وطی کرے تو اسکی سزا کیا ہے ۔

۴ ۔ جو کوئی عورت کسی حیوان سے وطی کرا دے تو اوسکی سزا کیا ہے ۔

۵ ۔ انسان کے جسم کی اعضا مین سے ایسی ایسی اعضا کون کون ہین کہ جنکو دوسرون کی نظرون
سے چھپانا چاہیئے ۔

۶ ۔ پانی کی مقدار ایسی کون سی ہے کہ جسمین اگر کوئی نجس چیز پڑ جاوی تو پھر بھی پانی کو طیب سمجھا جاوے

۷ ۔ ظروف گلی یا مسی یا چوبی وغیرہ اگر ناپاک ہوجاوین تو انکے پاک کرنیکا طریقہ کیا ہے ۔

۸ ۔ چارپایون مین سے مثلاً کتا بلا اور اونٹ گہوڑا اور پرندون مین سے مثلاً چیل کوا اور کبوتر
اور بط اور حشرات الارض مین سے مثلاً چوہا اور گوہ اور دریائی جانورون مین سے مثلاً مگرمچھ وغیرہ
حلال ہین یا حرام ۔

۹ ۔ ذبح کرنیکا طریقہ کیا ہے یعنی کس طرح اور کس جگہہ سے کسقدر کاٹا جاوے اور اگر تمام کٹ جاوے
تو اوس کا کیا حکم ہے ۔

۱۰ ۔ حیض کے دنون کی تعداد بھی کچھ ہے یا نہین تا کہ معلوم ہو کہ عورت حیض سے کتنے دنون کے
بعد پاک سمجھی جا ہیئے ۔

۱۱ ۔ نفاس کے احکام اور اوسکی [illegible] کی تعداد کب تک ہے [illegible]

۱۲ ۔ ختنہ کرنا چاہیئے یا نہین اور اگر کرنا چاہیئے تو کب اور کس عمر [illegible]

۱۳ ۔ جو کوئی شخص خیانت کرے تو اوسکی سزا کیا ہے ۔

۱۴ ۔ زکوۃ نقد اور مویشی اور غلات اور اثمار کی کس کس قدر تعداد کی [illegible]

۱۵ ۔ کنجری کے نکاح کرنے سے جو بچہ پیدا ہو وہ حلال یا [illegible]

[illegible] مسائل [illegible]

Marfat.com

عربی مین منصوص ہو اُس کی آیۃ نص کو نقل کرکے بہیجین اور یہہ ہی شرط ہے کہ کسی ہی قسم
کی تحریف اور تاویلات باطلہ کو عمل مین نہ لاوین ۔

ج ۔ اگر آپ مسائل مستفسرہ مندرجہ صدر کو حسب دعوی خود عین نفس قرآن عربی مین سے
نکالنے مین قاصر رہین تو میری دعوی کی حقیت کا اقرار کرین اور میری دعوت دین اسلام حق کو قبول کرین

د ۔ اللہ جل شانہ نے (قرآن عربی) کا نام (جامع الکتب) کہین بہی نہین رکہا ہے
اس لیے یہہ دعوی آپکا بلا دلیل ہے ھان کوئی دلیل سکی کسی آیۃ قرآن عربی مین ہے تو پیش
کیجیے ورنہ آپ یہہ ہی تسلیم کرین کہ قرآن عربی جامع شرایع آلہیہ مندرجہ ہر پانچ حصص توریت مقدس
کا ہرگز ہرگز نہین ہے بلکہ شمولیت شرایع منزل من اللہ مندرجہ ہر پانچ حصص توریت مقدس
کا محتاج ہے ۔

تیرہوان مضمون ۔ ظنیات ملہمات میرزا غلام احمد صاحب قادیانی ۔

آپکو ابتک یہہ ہی خبر نہین کہ خود یہودیون اور عیسائیون وغیرہ اقوام کے اقرار سے ثابت ہے
کہ پہلی کتابین جو دنیا کے لوگون پر نازل ہوئی تہین کچہہ تو اُنمین سے نابود ہوگئین اور کچہہ تحریف
کی گئین اور کچہہ ناقص ہوگئین اور اب بصحت و کاملیت و جامعیت دستیاب ہونا اُن کتابون
کا محال ہے پس آپ قرآن شریف کی کاملیت کو محال پر موقوف رکہہ کر ایک خطرناک فتنہ مین
لوگون کو ڈالنا چاہتے ہین ۔

(یقینیات حقہ فاتح الکتاب المبین متضمن رفع التباسات ظنیات مذکور)۔

الف ۔ آپ ہی عجیب ہین جو مجہکو بے خبر ٹہراتے ہین اسوقت تک میری اور آپ کی
المواجہ مکالمہ کی ہی نوبت نہین پہونچی ہے اور نہ میری ایسی کوئی تحریر آپکے پاس گئی ہے کہ
جس سے آپ استدلال کر سکتے ہون ۔ معلوم ہوتا ہے کہ رجماً بالغیب آپ کی کچہہ خاص عادت ہی ۔
بہہ تو فرمایئے تارکان شرائع منزل من اللہ مندرجہ ہر پانچ حصص توریت مقدس یعنی یہودیون
اور عیسائیون اور آپ جیسون کے اقاویل کے علاوہ ایک اور ہی ایسی اصلی ذریعہ سے ہی معلوم
ہے کہ جسکے مقابلہ مین کیا آپ اور کیا آپکے وہ معتمد علیہ یہود اور نصاری وغیرہ سب کے سب ہیچ
در ہیچ ہین ۔ یعنی آیتہ مندرجہ ذیل نمبری ۱۶ از رکوع دہم سورۃ ہود کی نمبری یازدہم ولقد

Marfat.com

اٰتینا موسی الکتاب فاختلف فیہ ولولا کلمۃ سبقت من ربک لقضی
بینھم وانھم لفی شک منہ مریب) سے اور سوا اسکی اور بہی کئی ایک آیات قرآن عربی
سے بخوبی معلوم ہے کہ یہودیون اور عیسائیون ورمحمدیون وغیرہ مین سے جو جو لوگ شرائع منزل
من اللہ مندرجہ ہر پانچ حصص توریت مقدس سے سرکش ہین اُنکا یہی حال ہے کہ خود ہی انمین شک
کرتے ہین اور دوسرون کو بہی شک مین ڈالتی ہین اور کہتے ہین کہ اصل توریت مقدس تو بخت
نصر بادشاہ کے عہد مین غارت کے سبب سے جاتی رہی تہی اور اسی طرحسے ناواقفان کتب دین
اور دشمنان عقل کو بہکا کر گمراہ کرتے ہین۔ مگر دای برحال ہمچون شما محمدیان کہ وہ اپنے ہی بزرگان
کی روایات اور قرآن عربی کی آیات کو چہوڑ چہوڑ کر ایسی ایسے مضلان یہود اور نصاری کی پیروی
کرتے ہین اور قرآن عربی اور بزرگون کی روایات مین ایسی ایسے مضلان کے اقاویل کے برخلاف
جو جو کچہہ لکہا ہے اوسمین تدبر نہین کرتے ہین چنانچہ دیکہو کہ آیتہ مندرجہ ذیل بزی ۱۰ رکوع
پنجم سورۃ توبہ مدنی نمبری نہم (وقالت الیھود عزیر ابن اللہ وقالت النصاری المسیح
ابن اللہ) کے تحت مین آپکی ہی معتبر تفاسیر مین مثل تفسیر دُرمنثور اور معالم التنزیل ورخازن اور جمل
اور سراج المنیر اور حسینی اور قادری اور موضح القرآن اور عمدۃ البیان وغیرہ مین بروایات ابن
عباس ورسدی اور کلبی کے یہہ ہی درج ہے کہ عزیر والی توریت اسوقت کی لوگون مین تہی تو بالا
اتفاق یا سمجہی گئی تہی کہ جب اصل توریت ملگئی تہی اور اوس اصلی توریت کی ہمراہ مقابلہ کرنے سے
عزیر والی توریت مطابق نکلی تہی افسوس صد افسوس کہ آپکو ابن عباس ورسدی اور کلبی کی رُوایات
پر تو اعتبار نہین ہے الا جنکو قرآن عربی (مریب) کہتا ہے آپکو اُنکا اعتبار ہے اور انکی آپ
پیروی کرتے ہین اور آپ کہتی ہین کہ کتب الہیہ تمام نابود ہوگئین سبحان اللہ سبحان اللہ۔
ب۔ توریت مقدس مین جسقدر شرائع منزل من اللہ ہین اُنکے محرف ہونیکی نسبت آپنے جو
کچہہ لکہا ہے اوسکا جواب کافی ضمن (جہ) لغایت (ی) تک یقینیات حقہ مندرجہ تحت مضمون
ششم کے لکہہ چکا ہون ذرہ سمجہہ لیجئے۔
جہ۔ شرائع منزل من اللہ مندرجہ ہر پانچ حصص توریت مقدس کی صحیح اور سالم اور کامل اور جامع
موجود مین اُنکا دستیاب ہونا محال نہین ہے۔ آپکی رائی جو برخلاف اسکی ہے وہ دلیل

امر کی ہے کہ آپ اس قسم کے مضامین قرآن عربی سے ناواقف ہین جو شرائع منزل من اللہ مندرجہ توریت مقدس کی صحت اور کاملیت اور جامعیت کی گواہ ہین۔

د۔ قرآن عربی کو جب تک شرائع منزل من اللہ مندرجہ ہر پانچ حصص توریت مقدس سے وصل کیا جاوے تب تک وہ بذاتہ کامل نہین ہے اور آپنے بہی تو یہہ ثابت کرکے نہین دکہلایا ہے کہ قرآن عربی بنفسہ کامل و جامع ہے اس لیئے قرآن عربی کو شرایع منزل من اللہ مندرجہ ہر پانچ حصص توریت مقدس پر موقوف رکہنا کامل کو محال پر موقوف رکہنا نہین ہے جیساکہ آپنے سمجھ لیا ہے بلکہ برعکس اس کے ہے۔ ہان اگر آپ مسایل مستفسرہ صدر مندرجہ تحت بقیہ پارہ حصہ مضمون دوازدہم کو قرآن عربی مین سے نکال کر دکہلادینگے تو پہر احتمال پیدا ہو سکیگا کہ باقی ماندہ شرایع منزل من اللہ مندرجہ ہر پانچ حصص توریت مقدس بہی بنفس قرآن عربی سے حل ہوجاوینگے اور تب قرآن عربی کی کاملیت اور جامعیت مین شاید حصہ لے سکے گا۔

ھ۔ زہرناک فتنہ مین لوگون کو مین نہین ڈالتا ہون بلکہ اوس زہرناک فتنہ سے بچانے کے واسطے مین کوشش کر رہا ہون جو شرائع منزل من اللہ مندرجہ ہر پانچ حصص توریت مقدس کی نافرمانی سے پیش آنیوالا ہے کیونکہ مین تو اُن شرائع منزل من اللہ مندرجہ ہر پانچ حصص توریت مقدس کی بجاآوری کی دعوت کرتا ہون کہ جنسے اعراض کرنیوالون کی نسبت حکم ہے (ومن لم یحکم بما انزل اللہ فاولٓئک ہم الکافرون) ربی تانل

چودہوان مضمون۔ (ظنیات ملبسات میرزا غلام احمد صاحب قادیانی (مگر یہ آپکے لیئے ممکن نہوگا)۔

(یقینیات حقہ ناسخ الکتاب المبین متضمن رفع التباسات ظنیات مذکور)

الف۔ یہ بات تو اللہ جل شانہ ہی بہتر جانتے ہین کہ کون امر ممکن ہے اور کون ناممکن آپکا یہہ کہنا معلوم نہین ہے کہ کس صداقت پر مبنی ہے کیونکہ آپنے یہ دعوی کیا کہ میرا بیٹا پیدا ہوگا اور وہ نبی ہوگا اور پیدا ہوئی بجائے بیٹے کے بیٹی۔ اور پہر اسکی نبیہ ہونیکا دعوی کیا مگر وہ بیٹی تو زندہ بہی نہ رہی بعد ازان نبی ایسی ایسے دعاوی کے بعد آپنے اپنی نبی ناقص ہونیکا دعوی کردیا خیر جو ہوا سو ہوا مگر آپ یہہ تو کہیئے کہ کیا یہ بہی فقرہ آپکا الہامی ہے۔

Marfat.com

(پنجم زوال تشویش ظنیات ملبسات میرزا غلام احمد صاحب قادیانی) ۔
(اور عنقریب آپکو ندامت کیساتھہ اس مفسد اعتقاد سے رجوع کرنا پڑیگا)
(تنقیحات حصہ فاتح الکتاب المبین متضمن رفع التباسات ظنیات مذکور)

الف ۔ جس اعتقاد کو آپ مفسد کہتے ہین قرآن عربی تو اوسکے مصدق ہونیکا دعوی بار بار کرتا ہے اب کہئے کہ آپکے ایسے اعتقاد کی نسبت کیا سمجھنا چاہیئے جو قرآن عربی کے مضامین حقہ کے برخلاف ہے ۔

ب ۔ میرے رجوع کرنیکی نسبت جو آپنے لکھا ہے کیا آپنے یہہ بھی الہام سے لکھا ہے اور عنقریب کی قید جو آپنے لگائی ہے اس سے کسقدر عرصہ مراد ہے فقط مرسلہ ۲ ستمبر ۱۸۹ الراقم

محمد امام الدین فاتح الکتاب المبین از مقام ڈیرہ غازیخان ۔

نقل اس خط میرزا غلام احمد صاحب قادیانی کی جو انہون نے بجواب میرے خط مرسلہ ۲۴ ستمبر ۱۸۸۹ء کے مجھے لکھہ بھیجا تہا

بسم اللہ الرحمن الرحیم نحمدہٗ و نصلی

میرے دوست جناب مولوی امام الدین صاحب سلمہ تعالی ۔

السلام علیکم و رحمۃ اللہ عنایت نامہ پہونچا مین افسوس سے لکھتا ہون کہ بباعث بعض موسمی بیماریون کے آپکے خط کا جواب لکھنے سے قاصر ہون دعا کرتا ہون کہ خدا تعالی آپکو خوش رکھے اور بوجہ ضعف بشریت ایک غلطی جو آپکے خیال پر غالب آ رہی ہے اوسکو رفع و دفع فرماوے کہ مرا یک ابتدا اوسی کی طرف سے ہے اور انشاء اللہ میرا ارادہ ہے کہ براہین احمدیہ کے کسی محل پر آپکا جواب لکھون نہ بحث کی غرض سے بلکہ اس غرض سے کہ ہادی مطلق اوسکے ذریعہ سے آپ کو راہنمائی کرے مگر میرے نزدیک اوس سے پہلے مناسب ہے کہ آپ بائبل کے ان مقامات کی صاف طور پر تشریح کر دین جنسے نہ صرف یہہ بات قطعاً معلوم ہوتی ہے کہ وہ قصص و احکام خدا تعالی کا

کلام نہین بلکہ یہہ بہی ثابت ہوتا ہے کہ کسی عقلمند و متقی و دیندار کا بہی وہ کلام نہین ہوسکتا بائبل مین
بعض بیانات عقل طبعی کے برخلاف ہین اور بعض خداتعالی کے تقدس اور اسکی پاک تعلیم کے برخلاف اور
بعض اسکے انبیاء کی شان کے برخلاف اور بعض ایسے امور ہین جو حال کی تحقیقاتون سے جہوٹہی ثابت
ہوگئے ہین - مسلمانون کا یہ عقیدہ ہے کہ قرآن شریف اجمالی طور پر تمام امور ضروریہ علمی و عملی کا جامع
اور تمام معارف و حقایق پر بطور ایجاز و اجمال مشتمل ہے اور خود خداتعالی نے تفصیل کا حوالہ
اپنے رسول کیطرف کردیا ہے جہان فرمایا ہے کہ جو کچھہ رسول دے وہ لے لو اور جس چیز سے منع
کرے اوس سے باز آجاؤ اور اگر فرض کے طور پر یہ خیال کیا جاوے کہ بغیر بائبل کے تکمیل قرآن
شریعت نہین ہوسکتی اور اگر بائبل کو قرآن شریف کیساتہ پڑہا جاوے تو پہر کوئی حکم اور کوئی دینی صداقت
باہر نہین رہیگی تو یہہ بہی خیال خام اور گمان باطل ہے اگر آپ کو سیر احادیث نبویہ ہو کہ کسقدر صدہا
جزئیات متعلق حقوق عباد و معاملات و حقوق باری عز اسمہ وغیرہ انمین مندرج ہین اور پہر کسقدر
فقہا نے ان جزئیات کی تشریح کرنے کے وقت اجتہاد سے کام لیا ہے اور کسقدر مسائل
پیدا ہوگئی ہین تو آپکو اقرار کرنا پڑے ہان بزور سے اقرار کرتا ہون کہ ان ضروری امور سے تمام
بائبل خالی ہے تو پہر ہم بائبل کی تہیدستی کا شکوہ کہان لیجائین اور کسکی پاس جاکر روؤین
سچ تو یہہ ہے کہ انجیل اور توریت کی حالت کی نسبت یہ آیت نہایت موزون معلوم ہوتی ہے
واثمہما اکبر من نفعہما انہون نے اپنی قوم کو جنکے ہاتہ مین صدہا سال سے یہہ کتابین ہین کیا فایدہ
پہونچایا ہے جو آپکو بہی پہونچائینگی جنکے گندہ اور غیر مہذب بیانات کی بڑی فاضل انگریز جان ڈیون پورٹ
دلائل وغیرہ جیسے قائل ہوگئی ہین آپنے انمین کیا دیکھہ لیا کہ آپ قائل نہین ہوتے خداتعالی رحم
کرے رب اغفر وارحم ولا تہدی نفسی الا بفضلک و رحمتک و توفیقک والسلام
علی من اتبع الہدی - خاکسار غلام احمد مورخہ ۳۰ ستمبر ۱۸۹ع

مرزا غلام احمد صاحب قادیانی کے خط مندرجہ صدر کا جواب ذیل مین درج ہے

میرے بنی نوع جناب میرزا غلام احمد صاحب السلام علیکم
آپکے خط مورخہ ۳۰ ستمبر ۱۸۹ع مین درج تہا کہ براہین احمدیہ مین جواب الجواب لکہا جاویگا - اس لئے

ابتک مجھے اسکی انتظاری رہی - الا اب با طمینان معلوم ہوگیا ہے کہ آپنے جواب المطلب تک نہین لکہا ہے اور نہ امید پڑتی ہے کہ آپ لکہینگے - اس لئے اب مین آپ کے خط مورخہ ۳ ستمبر ۱۸۹۰ء کے معان جواب طلب کا جواب بذیل مضامین مندرجہ ذیل کے لکہتا ہون -

پہلا مضمون - ظنیات ملبسات میرزا غلام احمد صاحب قادیانی) -

آپ بائبل کے اُن مقامات کی صاف طور پر تشریح کر دین جنسے یہہ بات قطعاً معلوم ہوتی ہے کہ وہ قصص و احکام خدا تعالی کا کلام نہین بلکہ یہہ بہی ثابت ہوتا ہے کہ کسی عقلمند و متقی و دیندار کا بہی وہ کلام نہین ہوسکتا بائبل مین بعض بیانات عقل وطبعی کے برخلاف ہین اور بعض خدا تعالے کے تقدس اور اسکی تعلیم کے برخلاف اور بعض اوس کے انبیاء کی شان کے برخلاف اور بعض ایسے امور مین جو حال کی تحقیقاتون سے جہوٹے ثابت ہوگئی ہین -

(یقینیات حقہ ... الکتاب المبین متضمن رفع التباسات ظنیات مذکور) -

الف - مین نہین سمجہتا کہ آپ بائبل کس کو کہتے ہین اور نہ مین کسی بائبل کا معتقد ہون اور میرے خطوط مین کہین بہی (بائبل) کا کلمہ درج ہے - اگر میرے کسی خط مین (بائبل) کا کلمہ درج ہے تو آپ اُس عبارت کی نقل پیش کرین تاکہ مین سمجہ لون کہ آپنے یہ تو سچا حوالہ دیا ہے - ورنہ فریقثانی کو الزام دینے کی غرض سے محض اپنی ذہنی تراش خراش سے کسی ایسے امر کو فریقثانی کا مسلمہ قرار دے لینا کہ جسکی نسبت فی الحقیقت اس قسم کا کچہہ بہی ثبوت نہو کہ وہ امر ضرور ہی مسلمہ فریقثانی کا ہے - بلکہ اپنا ہی محض بے اصل ظنی ہو تو آپ ہی سمجہہ لین کہ ایسی عادت کیسی ہوتی ہے -

ب - مین تو محض شرائع منزل من اللہ مندرجہ ہر پانچ حصص توریت مقدس یعنی پیدایش خروج و احبار و گنتی و استثنا کا معتقد و عامل ہون اور سوا اُن شرائع کے اور کسیکا بہی پیرو نہین ہون -

ج - مین یقینا جانتا ہون کہ احکام منزل من اللہ مندرجہ ہر پانچ حصص توریت مقدس مین ایسا مضمون کوئی بہی نہین ہے جیسے کہ آپنے لکہے ہین -

د - اپنے علم و یقین کے علاوہ یہہ بہی وجہ رکہتا ہون کہ آیتہ مندرجہ ذیل نمبری ۴۱ رکوع پنجم سورۃ بقر مدنی نمبر دوم (و امنوا بما انزلت مصدقا لما معکم) مین یہ درج ہے کہ بنی اسرائیل کے پاس جو کچہہ ہے قرآن عربی اس تمام کا (مصدق) یعنے راست گوئی دار ...

کح - اور پہر آیۃ مندرجہ ذیل نمبری ۷۳ رکوع ہشتم سورۃ آل عمران مدنی نمبری سویم۔ (قل ان
الہدی ہدی اللہ ان یوتی احد مثل ما اوتیتم) مین یہ دعوی ہے کہ قرآن عربی
مثل توریت مقدس کے ہے دیکہئے تفسیر جلالین اور مدارک۔

کط - پہر دیکہئے کہ آیۃ مندرجہ ذیل نمبری ۲۳ رکوع سوئم سورۃ زمر مکی نمبری بست و نہم (اللہ نزل
احسن الحدیث کتابا متشابہا مثانی) مین یہ دعوی کیا گیا ہے کہ قرآن عربی توریت مقدس
کے پانچوین حصہ مسمی باستثنا سے متشابہ ہے کیونکہ (مثانی) کتاب استثنا کا نام ہے۔

ل - غالبا آپکو کلام الہی کی تمیز اور سمجہہ مین غلطی ہوئی ہے۔ اگر بالفرض آپکو اپنے اس ظن پر
دل جمعی ہو تو آپ ایسی ایسی مقامات کی عبارات کی نقل کو پیش کرین کہ جنسے آپ اپنی ایسے ظنیات طبعیۃ
کی تصدیق کا ہونا سمجہتے ہین تب اوسپر غور کی جاوے کہ فی الواقع یہ بات ہی کیا ہے۔ اور دیکہا جاوے
کہ قرآن عربی اپنے تئین توریت مقدس کا مثل اور اسکے پانچوین حصہ مثانی کا متشابہ کیون بناتا ہے
اور جو کچہہ بنی اسرائیل کے پاس موجود تہا بار بار اپنے تئین اسکا مصدق کیون ٹہراتا ہے۔ اگر شرایع
منزل من اللہ مندرجہ ہر پانچ حصص توریت مقدس کا ویسا ہی حال ہے کہ جیسا آپنے تحریر کیا ہے
تو پہر ضرور ہی غور سے قرآن عربی کو اس غرض کیواسطے دیکہنا پڑیگا کہ کہین اسکا بہی تو ویسا ہی
حال نہین ہے۔ کیونکہ مثل مشہور کہ ایسون کی تصدیق کرنیوالے ویسے ہی ہوا کرتے ہین۔

لا - اور نیز آپ ساتہ ہی اوسکے واضح طور پر یہہ بہی تحریر کرین کہ آپ مطلق کلام منزل من اللہ
کی شناخت کی علامات کیواسطے کون کون سی نصوص قرآن عربی کی رکہتے ہین تاکہ ان
نصوص قرآن عربی کے ذریعہ سے کلام الہی مندرجہ قرآن عربی اور کلام منزل من
اللہ مندرجہ ہر پانچ حصص توریت مقدس مین بذریعہ امتحان اور مقابلہ کے تمیز کی جاوے۔

لب - آپ یہ بہی تحریر کرین کہ آپ خدا تعالی کا تقدس کن کن صفات سے سمجہتے ہین۔ اور نیز
انبیا کی شان کا بہی بیان کافی طور پر بذریعہ نصوص قرآن عربی کے کردین جس سے سمجہا جاوے
کہ کون کون امر انکے شان کے قابل ہے اور کون کون امر انکے شان کے شایان نہین ہے اور اسیطرح
سے متقی اور بدکار کی بہی تشریح نصوص قرآن عربی کے ذریعہ سے کردین تاکہ
اسکے ذریعہ سے دیکہا جاوے کہ کسکی کلام قرآن عربی اور شرایع منزل

Marfat.com

من اللہ مندرجہ ہر پانچ حصص توریت مقدس ثابت ہے ایسی ہے کہ جیسے آپ کہتے ہیں۔
ثانی۔ اور اسیطرح سے عقلمند کی یہی معقول تعریف بیان کریں اور اسیطرح سے علم طبعی کی بھی
تعریف بیان کریں اور علاوہ بران اُنکی ایسی قواعد بھی بیان کریں کہ جنکے برخلاف شرائع منزل
من اللہ مندرجہ ہر پانچ حصص توریت مقدس کے ہوں اور نیز تفصیل ان شرائع منزل من اللہ کی بھی
بیان کریں کہ جنکو آپ برخلاف علم طبعی کے سمجھتے ہیں تاکہ آپکے اس دعوی کی تصدیق ہو۔
ثالثاً۔ اور اسیطرح سے حال کی تحقیقاتوں کے بھی وہ وہ مضامین قلمبند کریں کہ جنکے دعوی سے
آپ احکام منزل من اللہ مندرجہ ہر پانچ حصص توریت مقدس کی نسبت یہ سمجھتے ہیں کہ وہ بیہودہ
ہیں اور انکے ساتھ ہی اُن اُن احکام منزل من اللہ مندرجہ ہر پانچ حصص توریت مقدس کی آیت
نقول بھی آپ لکھیں کہ جن جن مضامین کو آپ بیہودہ سمجھتے ہیں۔

دوسرا مضمون (ظنیات ملبسات میرزا غلام احمد صاحب قادیانی)۔

(مسلمانوں کا یہ عقیدہ ہے کہ قرآن شریف اجمالی طور پر تمام امور ضروریہ علمی اور عملی کا جامع
اور تمام معارف وحقائق پر بطور ایجاز و اجمال مشتمل ہے۔

یقینیات حقہ فاتح الکتاب للبیین متضمن رفع التباسات ظنیات مذکور)

الف۔ اولاً آپنے شرائع منزل من اللہ مندرجہ ہر پانچ حصص توریت مقدس کی تعمیل کو نا
کی غرض کے واسطے اپنے پہلی خط مورخہ ۲۸ اپریل ۱۸۹۸ء میں یہ جملہ پیش کیا تھا کہ ذکر آیات
مندرجہ ذیل قرآنی پارہ ۳۰ سورۃ بینہ مدنی نمبری نود و ہشتم (یتلوا صحفا مطہرۃ فیہا کتب قیمۃ)
میں اللہ جل شانہ آپ فرماتا ہے کہ تمام پاک صداقتیں جو پہلی کتابوں میں ہیں انکا ہی کتاب میں درج ہیں
تسپر جیسے اپنی خط مرسلہ ۲ ستمبر ۱۸۹۸ء کے گیارہویں مضمون کے یقینیات حقہ کے ضمن الف
لغایت (ہ) میں بحوالہ آیات قرآن عربی اور نقل عبارت بیضاوی وغیرہ چند تفاسیر معتبر اور رسالہ
آپ لوگوں کے یہ ثابت کر دکھلایا تھا کہ آپ آیات یتلوا صحفا مطہرۃ فیہا کتب قیمۃ
کے صحیح معنے نہیں سمجھ سکے ہیں۔ اور آپکے لکھی ہوئی معنے کے برخلاف جو معنے ہیں انکو لکھ دیئے تھے
انہیں معنی پر یہ بھی ثابت کر دیا تھا کہ ان آیات کے صحیح معنے یہ ہیں کہ (صحف) یعنے ہر پانچ حصص
توریت مقدس میں ایسے احکام الٰہی ہیں کہ جو ہمیشہ قائم اور برقرار رہنے والے ہیں نہ کہ منسوخ یا محرف

تبدل ہونیوالی نہین ہین -
ب - ثانیاً آپ نے یہ بہی لکہا تہا (آپکے لیئے یہ طریق بہتر ہے کہ چند پاک صداقتیں کسی پہلی کتاب کی
جو آپکے گمان مین قرآن شریف مین نہین پائی جاتی اس عاجز کے سامنے پیش کرین پہر اگر یہ عاجز
قرآن سے وہ صداقتین دکہلانے مین قاصر رہا تو آپکا دعوی خود ہی ثابت ہوجائیگا کہ ایسی
ضروری اور پاک صداقتین قرآن شریف مین نہ پائی گئین ورنہ آپکو اس غایت درجہ کی بے
ادبی سے توبہ کرنی چاہیئے) اسپر مینے یہہ کیا کہ منجملہ اُن بہت سی ضروری پاک صداقتون مندرجہ
ہر پانچ حصص توریت مقدس کے کہ جنکی نسبت مجہے یقین کامل تہا کہ وہ قرآن عربی مین ہرگز ہرگز
موجود نہین ہین چند ضروری پاک صداقتین آپکی ہی استدعا پر بذریعہ اپنے اسی خط مرسلہ
۲۴ ستمبر ۱۸۹۰ء کے بارہوین مضمون کے یقینیات حقہ کے ضمن (الف) کے آپکو لکہہ بہیجی تہین
الا آپ انکو قرآن عربی مین سے کاسنے مین بالکل قاصر رہے اس لیئے آپکے ہی لکہے ہوئے
کے بموجب دعوی میرا ثابت ہوگیا کہ (ایسی ضروری اور پاک صداقتین قرآن عربی مین
پائی نہین جاتی ہین) اور ان وجوہات سے یہہ بہی ثابت ہوگیا کہ مین نے قرآن عربی کی نسبت
کوئی بہی بے ادبی نہین کی ہے بلکہ جو کچہہ لکہا تہا حق حق لکہا تہا -
ج - میرے خط مرسلہ ۲۴ ستمبر ۱۸۹۰ء کے مضمون دوازدہم کے یقینیات حقہ کے ضمن (الف)
تا ضمن (د) مین آپکو ایسا کافی اور وافی جواب ملا تہا کہ اگر کوئی حق طلب راستی پسند ہوتا
اول تو وہ میری دعوت دین اسلام حق کی قبول کر لیتا ورنہ غالباً وہ اپنی تحریر کے
اصل مضامین کی سبب سے غرق عرق ہوکر یہ اقرار تو ضرور ہی کرتا کہ ہان قرآن عربی جمیع شرائع
اولین کا جامع ضرور نہین ہے اور بذاتہ کامل ہی نہین ہے مگر آپنے تو باوجود قاصر رہنے
کے اسکا پہلو ہی ایسا چہوڑا کہ گویا اسبات کا کوئی ذکر ہی نہین تہا -
د - آپنے بجائی شرط (جامع جمیع شرائع اولین) کے یہ شرط جو لگا دی ہے کہ (قرآن تمام
امور ضروریہ علمی اور عملی کا جامع ہے) اور اسکی تائید کیواسطے آپکو سوا پیش کرنے عقیدہ اپنے
جیسے مسلمانون کے اور کچہہ بہی نہ سوجہا - اور وجہ اوسکی خواہ آپکا یہ دوراندیشہ ہو کہ اگر مثل سابق
معروف اور بے جوڑ معنے کرکے کوئی آیۃ قرآن عربی کی ثبوت مین پیش کی جاوے تو کہین ایسا نہو

Marfat.com

کہ جسطرح سے پہلے کئے ہوئے معنے آیات (ربیلو ا صفا لطہرۃ منہ کتب ...) کے غلط
ہوئے تھے اسیطرح اسمین بھی کہین غلطی نہ کرلی جاوی۔ اور خواہ یہہ سبب ہو کہ قرآن عربی میں
اسکی تائید کے واسطے کوئی ایسی بھی آیۃ نہ ملی ہو کہ جسکے معنے مین تحریف کی بھی گنجایش ہو اور اس غرض کے
واسطے پیش کرسکتے ہون۔ ہر کیف بسبب نہونے تائید کسی آیۃ منزل من اللہ مندرجہ قرآن عربی کے
یہہ تو پایا گیا کہ یہ دوسرا حیلہ بھی آپکا محض ظنی ہی ضرور ہے۔

8 علاوہ بران بڑی ہی تعجب کی یہ بات ہے کہ آپنے (امور ضروریہ) کی شرط لگانے مین فائدہ
ہی کیا سوچا کہ جسمین کچھہ بھی آپکا بچاؤ نہوا کیونکہ مین نے منجملہ شرائع منزل من اللہ مندرجہ ہر پانچ
حصص توریت مقدس کی جسقدر پاک صداقتین بذریعہ اپنے خط مرسلہ ۲۲ ستمبر ۱۸۹۲ء کے مضمون
دوازدہم کے یقینیات حقہ کے ضمن (الف) مین آپکو لکہہ بھیجی تہین اون مین سے وہ کونسی صداقت
ہے جو ضروری نہین ہے۔ کیا محرمات کے ساتہہ وطی کرنے والے کی نسبت حکم دریافت کرنیکا
مسئلہ ضروری نہین ہے جسکی نسبت آپکی معتبر کتب فقہ ہدایہ اور شرح وقایہ اور کنز الدقائق اور
درمختار وغیرہ مین بذریعہ اجتہاد آپکے مجتہدین کی یون درج ہے (من تزوج امرأۃ لا یحل له
نکاحها فوطئها لا یجب علیه الحد عند ابی حنیفة)۔ اور در منثور اور فتح البیان اور
احمدی از ملا جیون مین یون درج ہے (اخرج عبد الرزاق وابن ابی حاتم بسند صحیح
عن مالك بن اوس بن الحدثان قال کانت عندی امرأۃ فتوفیت وقد ولدت
لی فوجدت علیها فلقینی علی بن ابی طالب فقال مالك فقلت توفیت امرأۃ
فقال علی لها ابنة قلت نعم وهی بالطائف قال کانت فی حجرك قلت لا قال فانکحها
قال فاین قول الله (وربائبکم اللاتی فی حجورکم) قال انها لم تکن فی حجرك انما
ذلك اذا کان فی حجرك) یا آنکہ وطی فی الدبر کرنیوالے کا مسئلہ ضروری نہین ہے جسکی نسبت
کتب مندرجہ صدر فقہ مین یون درج ہے۔ (ومن اتی امرأۃ فی الموضع المکروہ او عمل عمل
قوم لوط فلا حد علیه عند ابی حنیفة) اور خازن اور ترمذی اور معالم التنزیل اور در منثور
وغیرہ مین تحت آیۃ مندرجہ ذیل نمبری ۲۲۳ رکوع بست وہشتم سورۃ بقر نمبری دوم (نساءکم حرث
لکم فأتوا حرثکم انی شئتم الآیة) کے خلیفہ صاحب ثانی عمر بن الخطاب کی نسبت یون درج

Marfat.com

فیہ هلکت قال وما الذی اهلکت قال حولت رحلی البارحة) اور صحیح بخاری اور درمنثور وغیرہ مین یون درج ہے (نزلت (نساء کم حرث لکم) رخصة فی اتیان الدبر) اور امام مالک صاحب یون کہتے ہین (لی الساعة غسلت اسی منہ) دیکھیے درمنثور۔ اور علی ہذا القیاس دوسری احکام کا بہی یہی حال ہے۔

فؔ۔ اب دیکہہ لیجیے کہ مضامین مندرجہ صدر سے صاف ظاہر ہے کہ اگر نفس قرآن عربی مین ایسی امور ضروری کی نسبت کچہہ بہی حکم ہوتا تو ایسے ایسے خلفا اور مجتہدین اس اس قسم کے افعال اور اقوال کی جرات شاید ہی پاتے اور پس ماندگان کو حوصلہ تو نہ دلاتے۔

زؔ۔ مین تو اپنے پہلے ہی خط مورخہ ۲۳ اپریل ۱۸۹۸ء مین اپنا عقیدہ لکہہ چکا ہون جس سے صاف ظاہر ہے کہ میرا عقیدہ آپ جیسے مسلمانون کے عقیدہ کے مطابق نہین ہے۔ اسلیے بہت ہی تعجب ہے کہ پہر آپنے کس سمجہہ سے اپنے جیسے مسلمانون کے عقیدہ کو میرے روبرو بطور حجہ ثبوت کے پیش کیا۔ آپکو لازم تہا کہ بشرط امکان میرا انہین عقاید مین سے میرے لیے حجت پیدا کرتے۔ کیونکہ فریقثانی کے ہی مسلمات مین سے ہر ایک امر کا ثبوت فریقثانی کو دینا معقولیت ہے۔ چنانچہ دیکہہ لیجیے کہ مین نے آپکو ایسی ایسی آیات قرآن عربی کی سے اپنے دعاوی کا ثبوت دیا ہے کہ جنکے ظاہری معنون کے ساتہ تسلیم کرنے سے آپ کسی طرح سے بہی انکار نہین کرسکتے ہین ہان اگر عادتاً اُن کے معنون مین تحریف کرلین تو اور بات ہے

حؔ۔ آپنے لکہا ہے کہ قرآن عربی مجمل ہے۔ اور کتب اصول فقہ مین کلمہ (مجمل) کی ضد کا (مفصل) اور (مبین) اور (مفسر) لکہے ہین۔ اور قرآن عربی اپنے تئین ہر صفات (مفصل) اور (مبین) اور (مفسر) سے موصوف ہونیکا دعوی کرتا ہے۔ چنانچہ دیکہیے کہ آیۃ مندرجہ ذیل نمبری ۱۱۵ رکوع چہاردہم سورۃ انعام مکی نمبری ششم (افغیر اللہ ابتغی حکما وهو الذی انزل الیکم الکتاب مفصلا) مین اپنے تئین مفصل ہونیکا دعوی کرتا ہے۔ اور آیۃ مندرجہ ذیل نمبری ۱۵ رکوع سوئم سورۃ مائدہ مدنی نمبری پنجم (یا اهل الکتاب قدجاءکم رسولنا یبین لکم کثیرا مما کنتم تخفون من الکتاب و یعفوا عن کثیر قد جاءکم من اللہ نور و کتاب مبین) مین (کتاب مبین) ہونیکا دعوی کرتا ہے

اور آیات مندرجہ ذیل نمبری ۳۲ و ۳۳ رکوع سوئم سورۃ فرقان کی نمبری بست و نہم (وقال الذین کفروا لولا نزل علیہ القرآن جملۃ واحدۃ ۔ کذلک ۔ لنثبت بہ فوادک ورتلناہ ترتیلا ۔ ولا یاتونک بمثل الا جئناک بالحق واحسن تفسیرا) مین اپنے تئین مفسر ہونیکا دعوی کرتا ہے ۔ اور واضح رہے کہ اسی مضمون کی اور بہی بہت سی آیات بہی قرآن عربی مین ہی ہین اس لیئے برخلاف دعاوی قرآن عربی کے اپنے ظنیات سے تمام قرآن عربی کو مجمل کہنے والا قرآن عربی کا مکذب سمجہی جایگا قایل ہے ۔

ط ۔ پہر دیکہیئے کہ آپکی کتب اصول فقہ مین سے اصول شاشی اور فصول الحواشی اور تلویح اور حسامی مین کلمہ (مجمل) کی تعریف یون لکہی ہے المجمل ما احتمل وجوہا فصار بحال لا یوقف علی المراد بہ الا ببیان من قبل المتکلم وقیل لحوقہ بیانا لہ لحوی الکلام اور اس تعریف مجمل سے صاف ظاہر ہے کہ کلام (مجمل) کی تفصیل بہی اسی کلام والیکیطرف سے ہونی ضروری ہے ۔ اور اس بیان کا لاحق ہونا بہی (لحوی الکلام) سے قابل قبولیت ہوتا ہے پس اس سے واضح ہوگیا کہ اگر بالفرض کوئی ایک آیات قرآن عربی کی مجمل بہی ہونگی تو انکا بیان بہی صاحب کلام کی طرف سے اسی قرآن عربی مین ہی موجود بہی ہوگا اور وہ بیان بہی ایسا ہی ہوگا کہ جو لحوی الکلام سے قبولیت کے قابل ہوگا چنانچہ آیتہ نمبری یکم سورۃ ہود کی نمبری یازدہم (الر کتاب احکمت ایاتہ ثم فصلت من لدن حکیم خبیر) سے ثابت ہے کہ اللہ جل شانہ نے اپنی آیات کو اولا محکم کیا اور بعد ازان انکی تفصیل بہی کردی ۔ اور جب یہ صورت ہے تو اس سے تو کوئی بہی آیتہ قرآن عربی کی مجمل نہین رہی ہوگی بسبب تفصیل کے قرآن عربی (مجمل) ہی نرہا ۔ اور اس حالت مین عربی کی مجمل ہونیکا دعوی آپکا نصوص قرآن عربی اور آپکے ہی اصولیون کے قواعد کے برخلاف نکلا ۔ اگر آپ ان آیات قرآن عربی کو اور نیز ان قواعد اصولیون کو ملحوظ رکہتے تو کیا ہی اچہا ہوتا مجہے جواب مین سننی کی نوبت تو نہ ہوتی افسوس صد افسوس فافہم ۔

ی ۔ اور آیات نمبری ۷ اتا ۹ ارکوع اول سورۂ قیامت کی نمبری ہفتاد و پنجم (ان علینا جمعہ وقرآنہ ۔ فاذا قراناہ فاتبع قرآنہ ۔ ثم ان علینا بیانہ) مین اللہ جل شانہ نے احکام مجملہ

Marfat.com

مندرجہ قرآن عربی کے بیان کرنیکو اپنی ذات خاص پر منحصر کیا ہے۔ کیونکہ اس آیۃ مین ظرف مقدم
ہے اور ظرف کا مقدم ہونا حصر کے واسطہ آتا ہے دیکھیئی کتب بلاغت اور معانی کی۔ اور تفسیر ان
آیات کی اگر آپ بخاری اور ارشاد الساری اور فتح البیان وغیرہ سے دیکھینگے تو آپ کو معلوم ہو
جائیگا کہ قرآن عربی کو بحالت مجموعی **مجمل** کہنا کیسا خلاف واقع ہے کیونکہ ارشاد الساری مین یون
درج ہے۔ (وفسرہٗ غیر ابن عباس ببیان ما اشکل من معانیہ) اور فتح البیان
مین یون درج ہے (ای تفسیر ما فیہ من الحلال والحرام وبیان ما اشکل من معانیہ)
اور کبیر مین یون درج ہے (یدل علی ان بیان المجمل واجب علی اللہ تعالیٰ) اور کشاف اور مدارک
مین یون درج ہے (اذا اشکل علیک شیٔ من معانیہ) اور خازن مین یون درج ہے۔
(وقیل اذا اشکل شیٔ من معانیہ فنحن نبینہ لک وعلینا بیان ما فیہ من الاحکام
والحلال والحرام وذلک ان النبی صلعم کان اذا اشکل علیہ شیٔ سأل جبرئیل
من معانیہ لغایۃ حرصہ علی العلم فقیل لہ نحن نبینہ لک) اور بیضاوی اور ابو سعود
مین یون درج ہے (ای بیان ما اشکل علیک من معانیہ واحکامہ)
یاؔ۔ عقود الجمان مین (ایجاز) کی نسبت یون درج ہے۔ (نقل صاحب سر الفصاحۃ عن بعضہم
ان البلاغۃ ہی الایجاز۔ اور شرح جواہر المکنون مین (ایجاز) کی تعریف یون درج ہے
(والایجاز کون اللفظ اقل من المعنی من غیر اخلال) اب آپ ہی بتلائیے کہ قرآن عربی کی
نسبت آپنے کلمہ (ایجاز) کا جو استعمال کیا ہے کن معنون سے کیا ہے۔ آیا انہین معنی والا جو صدر
مین درج کئے گئے ہین یا کسی اور معنی والا کیونکہ اگر انہین معنی والا ہے تو پہر تو قرآن عربی اداء
مقصود مین بغیر کسیطرح کے بہی خلل کے **کافی اور وافی** ہونا چاہیئے یہانتک کہ کسی کی بہی
تفصیل کا محتاج نہو۔ اور اگر قرآن عربی ادائے معنی مقصود مین وافی
نہین ہے۔ تو پہر تو وہ بلیغ ہی نہین ہے۔ کیونکہ تلخیص المفتاح مین درج ہے (ان البلاغۃ مرجعہا
الی الاحتراز عن الخطاء فی تادیۃ معنے المراد)۔

تیسرا مضمون۔ (ظنیات ملبسات میرزا غلام احمد صاحب قادیانی)۔

(اور خود خدا تعالیٰ نے تفصیل کا حوالہ اپنے رسول کیطرف کر دیا جہان فرمایا کہ جو کچھہ رسول دیوے وہ لے لو اور جس

جنیر سے منع کرے باز آجاؤ)۔

(یقینیات حصہ فاتح الکتاب المبین متضمن رفع التباسات ظنیات مذکورہ)

الف۔ آپکا یہ تیسرا حیلہ ہے جو پہلوں کیطرح صرف بے اصل ہی نہیں ہے بلکہ اللہ جل شانہ کے کلام پاک پر بہتان ہی لگایا ہوا ہے کیونکہ ضمن (سے) لغایت (ی) مندرجہ مضمون ... حصہ سے واضح ہو چکا ہے کہ اللہ جل شانہ نے قرآن عربی کی احکام مجمل کی بیان کرنے یعنی تفصیل کرنیکو خاص اپنی ذات پر منحصر رکہا ہوا ہے۔ اور ماسوا اسکے اس عبارت میں تو ایسا کوئی بھی کلمہ نہیں کہ جسکے معنے یہ ہوں کہ (قرآن عربی کی تفصیل کا کرنا محمد رسول اللہ کے حوالہ کیا گیا ہے۔) اور یعنی نہ ... کا ذکر جو اس آیۃ پیش کردہ آپ کی میں ہے وہ ہی تو اس لوٹ کے مال کی بابت نص صریح ہے جو محمد رسول اللہ کو بنی نضیر کے مال و ملک سے بدون لڑائی کے ہاتہ لگا تہا چنانچہ اصل آیۃ کہ جسکا ترجمہ آپ نے پیش کیا ہے معہ آیات متعلقہ کے ذیل میں لکہی جاتی ہے تاکہ سمجھنے والے کلام کے سیاق ہی سے سمجھ لیں کہ یہ آیۃ کس مطلب کے بیان کیواسطے اس محل پر واقع ہوئی ہے۔

ب۔ دیکھئے آیات مندرجہ ذیل نمبری ۶ تا ۹ رکوع اول سورۃ حشر مدنی نمبری پنجاہ و نہم کی۔

۶۔ وما افاء اللہ علی رسولہ منہم فما اوجفتم علیہ من خیل ولا رکاب ولکن اللہ یسلط رسلہ علی من یشاء واللہ علی کل شیء قدیر ٥

۷۔ ما افاء اللہ علی رسولہ من اہل القری فللہ وللرسول ولذی القربی والیتمی والمساکین وابن السبیل کی لا یکون دولۃ بین الاغنیاء منکم وما اتاکم الرسول فخذوہ وما نہاکم عنہ فانتہوا واتقوا اللہ ان اللہ شدید العقاب ٥

۸۔ للفقراء المہاجرین الذین اخرجوا من دیارہم واموالہم یبتغون فضلا من اللہ ورضوانا وینصرون اللہ ورسولہ اولئک ہم الصادقون ٥

۹۔ والذین تبوؤ الدار والایمان من قبلہم یحبون من ہاجر الیہم ولا یجدون فی صدورہم حاجۃ مما اوتوا ویؤثرون علی انفسہم ولو کان بہم خصاصۃ ومن یوق شح نفسہ فاولئک ہم المفلحون ٥

اور ترجمہ آیات مندرجہ صدر کا حسب ذیل ہے اور تصدیق اس ترجمہ کی حسینی ...

اور عمدة البیان وغیرہ سے ہوسکتی ہے۔

۶۔ مال ور ملک بنی نضیر مین سے اللہ نے اپنے رسول کیطرف جو کچھہ پہیرا ہے ای دعویدارو تمنے
اس مال غنیمت کی حاصل کرنیکے واسطے کوئی گہوڑا یا اونٹ نہین دوڑایا ہے مگر اللہ اپنے رسولون کو
جسپر چاہتا ہے غالب کرتا ہے اور اللہ سب چیز پر غالب ہے۔

۷۔ اللہ نے اپنے رسول کیطرف مال و ملک گاؤن والون بنی نضیر مین سی جو کچھہ پہیرا ہے پس
وہ مال خاص اللہ اور رسول اور قرابت والون اور یتیمون اور محتاجون اور مسافرون کیواسطے ہے تاکہ
ایسا نہو کہ تم مین جو لوگ دولتمند ہین انہین مین لوٹ کا مال دست بدست پہرنیوالا ہو۔
اور لوٹ کی مال مین سے پیغمبر تمکو جو کچھہ دیوی پس تم وہ مال لے لو اور لوٹ کی جس مال کے لینے
سے پیغمبر تمکو منع کرے تو تم اس لوٹ والی مال کے مانگنے سے باز آجاؤ اور تم اللہ سے ڈرو
کیونکہ اللہ ضرور سخت عذاب کرنیوالا ہے۔

۸۔ ایسی لوٹ کا مال ایسے فقیرون ہجرت کرنیوالون کیواسطے ہی جو اپنی مال اور ملک سے نکالے گئے
ہین اور وہ لوگ مہاجرین ایسے ہین کہ اللہ جل شانہ سے اسکا فضل اور اسکی رضامندی چاہتے
ہین اور اللہ اور اسکے رسول کی نصرت کرتے ہین پس صادق یہی تو وہی لوگ ہین۔

۹۔ اور جو لوگ مدینہ والے ایسے ہین کہ جنہون نے پہلے ہی سے گہر اور ایمان کو انکا نہ اختیار کیا ہے
اور وہ لوگ ایسے ہین کہ جو کوئی ہجرت کرکے انکی طرف جاتا ہے اس سے محبت کرتے ہین اور وہ لوگ
ایسے ہی ہین کہ اگرچہ انکو لوٹ کے مال کے لینے کی ضرورت ہی ہو مگر جب لوٹ کی مال مین سے فقرا
مہاجرین کو کچھہ دیا جاتا ہے تو وہ لوگ مدینہ والے اس مال کے لینے کی اپنے دلون میں چاہ [illegible]
پاتے ہین بلکہ اپنے نفس پر اسبات کو اختیار کرتے ہین کہ فقرا مہاجرین کو ہی وہ لوٹ کا مال [illegible]
اور سمجھہ رکھو کہ جو کوئی اپنے نفس کو لالچ سے روک رکہتا ہے قیامت کے دن نجات ہی وہی لوگ پاوینگے

۔ اب دیکھہ لیجیے کہ یہ جملہ آیات مال غنیمت کی بابت نص صریح ہین۔ محمد رسول اللہ کو
قرآن عربی کی تفصیل کرنیکا اختیار دینے کی بابت تو ان آیات مین سے کوئی بہی آیۃ تو کیا بلکہ
ایک کلمہ بہی نص نہین ہے۔ درمنثور مین حسن سے اور فتح البیان مین حسن اور سدی سے جو روایت
درج ہے اسمین بہی تو یون ہی لکھا ہے کہ مال غنیمت مین سے رسول تمکو جو کچھہ دی سو لے لو اور

Marfat.com

جس مال غنیمت کے لینے سے منع کرے اسکو [illegible]

اور بھی جن جن تفاسیر میں آیا ہے منعقد طور پر [illegible]

درج ہے کہ یہہ آیات مال غنیمت کی بابت نازل [illegible]

کتب تفسیر کی سیر تو آپ ہی اس آیۃ کے تفسیر میں [illegible]

اس آیۃ کے ترجمہ کو اس غرض کے واسطے پیش کر [illegible]

رسول کی طرف کر دیا ہے) **فافهم**

ڈ۔ ہان اگر آپ یہہ کہیں کہ مورد اس آیۃ کا اگر [illegible] مال غنیمت کو خاص ہو الحکم اسکا عام ہے

یہانتک کہ محمد رسول اللہ کی امر و نہی کو بھی شامل ہے کیونکہ آیۃ [illegible] (ما اتاکم الرسول فخذوہ

وما نہاکم عنہ فانتہوا) میں کلمات (ما اتاکم [illegible]) قبل بین کلمہ (ما)

کا جو ہے وہ متضمن معنی (عام) کا ہے۔ تو مین کہتا ہون کہ اس آیۃ میں یہہ کلمہ (ما) کا جو ہے

وہ متضمن معنی (عام) کا ہے [illegible] عمومیت کا یہانتک [illegible] سمجھنا کہ محمد رسول اللہ کی امر و نہی

بھی شامل ہے یہ بالکل غلط فہمی ہے کیونکہ کلمہ (عام) کی تعریف کتب اصول فقہ میں سے کا [illegible]

اصول شاشی میں یون درج ہے۔ (و العام کل لفظ ینتظم جمعاً من الافراد [illegible]

نور الانوار میں یون درج ہے۔ (و اما العام فما یتناول افراداً متفقة الحد [illegible]

سبیل الشمول) اور حسامی میں یون درج ہے (و العام و ہو کل لفظ ینتظم جمعاً من الاسماء

اور کشف بزدوی اور اصول بزدوی میں [illegible] (العام کل لفظ ینتظم جمعاً من الاسماء

لفظا او معنی و معنی قولنا من الاسماء [illegible] مرة [illegible]

تفسیر للانتظام) علے ہذا القیاس توضیح وغیرہ میں بھی ایسا ہی درج ہے [illegible]

ہٰ ۔ پس ان معانی کلمہ (عام) سے جو کتب متذکرہ میں درج ہیں [illegible]

(عام) کا افراد [illegible] المحدود [illegible] ہوتا ہے۔ اس لیے اس آیۃ [illegible] (ما اتاکم الرسول

فخذوہ وما نہاکم عنہ فانتہوا) میں عمومیت اس کلمہ (ما) کی [illegible]

کو ہی شامل ہے [illegible] مال غنیمت کی [illegible]

مال غنیمت میں سے [illegible] رسول [illegible]

کچھ بہی مت مانگو۔ اور اوامر اور نواھی محمد رسول اللہ کے تو (افراد متفقۃ الحدود) مال غنیمت کی ہر گز نہین نہین :- اسلیئے حکم اس آیۃ مانحن فیہ کا اوامر اور نواھی محمد رسول اللہ کو ہرگز ہرگز شامل نہین ہے -
اور یہ بہی واضح رہے کہ یہی مطلب کشف بزدوی کی عبارت مندرجہ ذیل (علی ان المراد من الاٰیۃ واللہ اعلم ما اعطاکم الرسول من الغنیمۃ فاقبلوہ وما نھاکم عنہ ای عن اخذہ فانتھوا) سے بدلالت عبارت النص ثابت ہی۔ اور اسی عبارت کشف بزدوی سے چلپی نے تمسک کرکے علامہ تفتازانی کے اعتراض مندرجہ تلویح کی تردید کی ہے۔ اور جبکہ بروئے قواعد علم اصول فقہ اور تشریح اصولیون کے یہ ثابت ہوگیا کہ حکم اس آیۃ مانحن فیہ (ما اٰتاکم الرسول فخذوہ ق وما نھاکم عنہ فانتھوا) کا اوامر اور نواہی محمد رسول اللہ کو شامل ہے نہین ہے تو پہر دیکھہ لیجئے کہ یہ بات تو کہین سے بہی نہین نکل سکیگی کہ خداوند تعالی نے قرآن عربی کی تفصیل کا کرنا محمد رسول اللہ کے حوالہ کر دیا ہے۔ فافھم۔
ق - پہر یہ بہی دیکھہ لیجئے کہ اس آیۃ (ما اٰتاکم الرسول فخذوہ ق وما نھاکم عنہ فانتھوا) پیش کردہ آپ کی مین منجملہ (وجوہ البیان) کے کونسی وجہ ہے آیا (ظاہر یا نص یا تفسیر یا محکم۔ مگر واضح رہے کہ آپ کی اس مطلب یعنی محمد رسول اللہ کو تفصیل قرآن عربی کی کرنیکے واسطہ یہ آیۃ پیش کردہ آپکی (نص) ہر گز ہرگز نہین ہے۔ کیونکہ (نص) کی تعریف اصول شاشی اور توضیح اور نور الانوار وغیرہ مین یون درج ہے۔ (ما سیق الکلام لاجلہ) اور ظاہر ہے کہ یہ کلام یعنے آیۃ پیش کردہ آپکی منجانب متکلم یعنے صاحب قرآن عربی کی نسبت نازل ہوئی ہے اور مال غنیمت کے حق مین (نص صریح) ہے اور آیۃ نمبری ۱۹ ارکوع اول سورۃ قیامت مکی نمبری ہفتاد و پنجم کی (ان علینا بیانہ) احکام مجمل کے بیان کرنیکے حق مین نص محکم ہے اور آیۃ نمبری یکم سورۃ ہود مکی نمبری یازدہم (الر کتاب احکمت اٰیاتہ ثم فصلت من لدن حکیم خبیر) سے اظہر من الشمس ہی کہ اللہ جل شانہ نے تفصیل کر بہی دی ہی اور یہ آیۃ بہی اس غرض کے واسطہ (نص محکم) ہے اور بموجب قواعد اصولیون کے بصورت معارضہ (نص محکم) اور (ظاہر) کی (نص محکم) ہی ہے قابل ترجیح کے ہے۔ اصول فقہ کی کتب متذکرہ صدر مین سے جسمین سے چاہین دیکھہ لین۔ اسلیئے اگر آپ کھینچ تان کر اس آیۃ پیش کردہ اپنی کو اپنے

Marfat.com

دعوی کیواسطے (وجہ ظاھر) مین داخل کرینگے تو بہی بمقابلہ نصعص محکم کے ہرگز ہرگز استدلال نہین ہوگی۔

ہدایہ لایا ہی تمام ہوا جو تنبیہ اوسنے ان مین ہی پس قابل ترجیح ہدایہ کا بنظر قسم اول کی اوپر احادیث
بخاری یا مسلم کی مبتدع ہی اور مخالف اجماع امت کا اور قابل ترجیح ہدایہ کا بنظر قسم دوم کی اوپر
ہی بڑھکر مبتدعی اور فاسق ہے اور قابل ترجیح اوسکی کا بنظر قسم سوم کی مشرک ہی اور دین سے
خارج نعوذ باللہ من ذلک **ثبوت دعوی اول کا یہہ ہی** کہ باجماع امت محمدیہ
ثابت ہو چکا ہی کہ احادیث بخاری اور مسلم کی مقدم اور مرجح ہین صحت مین اور قوت عمل مین
ساتھہ اونکی غیر پر قَالَ الْاِمَامُ الْاَجَلُّ اَبُو عَمْرِو بْنُ الصَّلَاحِ فِی کِتَابِ مَعْرِفَةِ اَنْوَاعِ
عُلُومِ الْحَدِیْثِ اَوَّلُ مَنْ صَنَّفَ الصَّحِیْحَ الْبُخَارِیُّ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِیْلَ
الْجُعْفِیُّ مَوْلَاهُمْ وَتَلَاهُ اَبُو الْحُسَیْنِ مُسْلِمُ بْنُ الْحَجَّاجِ النَّیْشَاپُوْرِیُّ الْقُشَیْرِیُّ
مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمُسْلِمٌ مَعَ اَنَّهُ اَخَذَ عَنِ الْبُخَارِیِّ وَاسْتَفَادَ مِنْهُ یُشَارِکُهُ فِی کَثِیْرٍ
مِنْ شُیُوْخِهِ وَکِتَابَاهُمَا اَصَحُّ الْکُتُبِ بَعْدَ کِتَابِ اللّٰهِ الْعَزِیْزِ وَاَمَّا مَا رُوِّیْنَاهُ
عَنِ الشَّافِعِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ قَالَ مَا اَعْلَمُ فِی الْاَرْضِ کِتَابًا فِی الْعِلْمِ اَکْثَرَ صَوَابًا
مِنْ کِتَابِ مَالِکٍ وَمِنْهُمْ مَنْ رَوَاهُ بِغَیْرِ هٰذَا اللَّفْظِ فَاِنَّمَا قَالَ قَبْلَ وُجُوْدِ کِتَابَیِ
الْبُخَارِیِّ وَمُسْلِمٍ ثُمَّ اِنَّ کِتَابَ الْبُخَارِیِّ اَصَحُّ الْکِتَابَیْنِ صَحِیْحًا وَاَکْثَرُ فَوَائِدَ وَاَمَّا
مَا رُوِّیْنَا عَنْ اَبِیْ عَلِیٍّ النَّیْسَابُوْرِیِّ اُسْتَاذِ الْحَاکِمِ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَافِظِ مِنْ

اَنَّہٗ قَالَ مَا تَحْتَ اَدِیْمِ السَّمَاءِ کِتَابٌ اَصَحُّ مِنْ کِتَابِ مُسْلِمِ بْنِ الْحَجَّاجِ فَھٰذَا قَوْلُ مَنْ
فَضَّلَ مِنْ شُیُوْخِ الْمَغْرِبِ کِتَابَ مُسْلِمٍ عَلٰی کِتَابِ الْبُخَارِیِّ اِنْ کَانَ الْمُرَادُ بِہٖ اَنَّ
کِتَابَ مُسْلِمٍ یَتَرَجَّحُ بِاَنَّہٗ لَمْ یُمَازِجْہُ غَیْرُ الصَّحِیْحِ فَاِنَّہٗ لَیْسَ فِیْہِ بَعْدَ خُطْبَتِہٖ اِلَّا
الْحَدِیْثُ الصَّحِیْحُ مَسْرُوْدًا غَیْرَ مَمْزُوْجٍ بِمِثْلِ مَا فِیْ کِتَابِ الْبُخَارِیِّ فِیْ تَرَاجِمِ اَبْوَابِہٖ
مِنَ الْاَشْیَاءِ الَّتِیْ لَمْ یُسْنِدْھَا عَلَی الْوَصْفِ الْمَشْرُوْطِ فِی الصَّحِیْحِ فَھٰذَا لَا بَاْسَ بِہٖ
وَلَیْسَ یَلْزَمُ مِنْہُ اَنَّ کِتَابَ مُسْلِمٍ اَرْجَحُ فِیْمَا یَرْجِعُ اِلٰی نَفْسِ الصَّحِیْحِ عَلٰی کِتَابِ
الْبُخَارِیِّ وَاِنْ کَانَ الْمُرَادُ بِہٖ اَنَّ کِتَابَ مُسْلِمٍ اَصَحُّ صَحِیْحًا فَھٰذَا مَرْدُوْدٌ عَلٰی مَنْ
یَقُوْلُہٗ اِلٰی اَنْ قَالَ بَعْدَ عَدِّ الْاَقْسَامِ السَّبْعَۃِ لِلصِّحَاحِ ھٰذِہٖ اُمَّھَاتُ اَقْسَامِہٖ
وَاَعْلَاہُ الْاَوَّلُ وَھُوَ الَّذِیْ یَقُوْلُ فِیْہِ اَھْلُ الْحَدِیْثِ کَثِیْرًا صَحِیْحٌ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ
یُطْلِقُوْنَ ذٰلِکَ وَیَعْنُوْنَ بِہٖ اتِّفَاقَ الْبُخَارِیِّ وَمُسْلِمٍ لَا اتِّفَاقَ الْاُمَّۃِ لٰکِنَّ
اتِّفَاقَ الْاُمَّۃِ عَلَیْہِ لَازِمٌ مِنْ ذٰلِکَ وَحَاصِلٌ مَعَہٗ لِاتِّفَاقِ الْاُمَّۃِ عَلٰی
تَلَقِّیْ مَا اتَّفَقَا عَلَیْہِ بِالْقَبُوْلِ انتہی مختصرا ترجمہ کہا امام ابو عمرو بن صلاح نے
بیچ کتاب معرفۃ انواع علوم الحدیث کی کہ پہلی جسنی کتاب صحیح تصنیف کی امام بخاری تہا اور
اوسکی پیچہی لگا مسلم اور باوجودیکہ بخاری سی سیکہتا اور فایدہ اوٹہاتا تہا بخاری کی استادو
سی روایت رکہتا ہی اور انکی دونون کتابین صحیح ترہین سب کتابون سی بعد قرآن کی اور جو
شافعی سی بطور روایت پہونچی ہی کہ اونہون نے کہا ہی کہ موطا ہی امام مالک سی بہتر کتاب میں نہین
جانتا ہون سو یہہ کہنا اونکا پہلی وجود کتاب بخاری و مسلم کی تہا یعنی جبتک یہہ کتابین جمع
نہین ہوئی تہین تو موطا بہتر تہی پہر جسوقت تصنیف ہوئین یہہ کتابین تو موطا کی بہتری انکی
سامنی پست ہوگئی پہر ان دونون بخاری کی کتاب بہت صحیح اور فایدہ مند ہی اور جو ہمکو
ابو علی نیشاپوری استاد حاکم سی روایت پہونچی ہی کہ اونسی کہا ہی کہ صحیح مسلم سی صحیح تر
کتاب زیر آسمان کوئی نہین سو یہہ کہنا اونکا اوس غرض کو ہی جو مسلم کو ترجیح دیتی ہین اگر اس

Marfat.com

غرض سی ہو کہ مسلم کی کتاب کو اس سبب سی ترجیح ہی کہ اوسمین بجز احادیث متصل الاسانید
کی اور کچھ نہین جیسا کہ صحیح بخاری مین تراجم ابواب مین بی سند حدیثون کی طولانی ہی تو
کہنا انکا بجا ہی کچھ برا نہین لیکن اس سی صحیح مسلم کی ترجیح نفس صحت احادیث کی جہت سے
ثابت نہوئی اور اگر یہہ کہنا اونکا اس مرادسی ہو کہ کتاب مسلم کی نفس صحت مین برتر ہے
تو یہہ کہنا اونکا مردود ہے یہانتک کہ کہا امام ابن الصلاح نی بعد شمار کرنی سات قسم صحاح کے
دیہہ مین حاصل اقسام صحاح کی اونمین بلند تر اور قسم اول وہ ہی جسکو اہل حدیث صحیح متفق علیہ بولا
کرتی ہین یہہ کہکر مراد رکہتی ہین اتفاق بخاری اور مسلم کا نہ اتفاق تمام امت کا لیکن اس سے
اتفاق تمام امت کا ثابت ہو جاتا ہی کیونکہ تمام امت نی انکی کتابون کی قبول کرنی پر اتفاق
کر لیا ہی تمام ہوا کلام ابن الصلاح کا مختصرا وقال شیخ الاسلام ابن حجر الحافظ فی
شرح نخبة الفکر ويلتحق بهذا التفصیل ما اتفق الشیخان علی تخریجه بالنسبة
الی ما انفرد به احدهما وما انفرد به البخاری بالنسبة الی ما انفرد به مسلم
لاتفاق العلماء علی تلقی کتابیهما بالقبول واختلاف بعضهم فی ایهما ارجح
فما اتفقا علیه ارجح من هذه الحيثية وقد صرح الجمهور بتقدیم صحیح البخاری
ولم یوجد عن احد التصریح بنقیضه واما ما نقل عن ابی علی النیسابوری
انه قال ما تحت ادیم السماء اصح من کتاب مسلم فلم یصرح بکونه اصح
من صحیح البخاری لانه نفی وجود کتاب اصح من کتاب مسلم اذ المنفی انما هو
لصیغة افعل من زیادة الصحة ولم ینف المساوات وکذا ما نقل عن بعض
المغاربة انه فضل صحیح مسلم علی صحیح البخاری فذلک فیما یرجع الی حسن
السیاق وجودة الوضع والترتیب ولم یفصح احد منهم بان ذلک راجع
الی الاصحیة الی اخرها قال ترجمہ اور کہا اسلام کی بزرگ حدیث کی حافظ ابن حجر
شرح نخبة الفکر مین کہ ملتی ہی تفصیل سابق ہی یہہ کہ بخاری مسلم کی متفق علیہ حدیث کہ

اوسپر ہوا ایک ہی روایت ہی اور اونکی اکیلی اکیلی روایتون مین بخاری اکیلی کی روایت کو ترجیح
ہے اہلسنت کے علما کا اتفاق ہی انکی کتابون کی قبول کرلنی پر اور اختلاف بعضونکا اسمین ہے کہ
ان دونون مین کون مرجح ہی پس جسپر دونونکا اتفاق ہووے تو اس اتفاق سی مرجح ہوے
اور صحیح بخاری کی مسلم سی ترجیح اور تقدیم اکثر علما نی بیان کی ہی اور اوسکا خلاف کسی ایک
سی بہی ثابت نہین اور جو ابو علی نیشاپوری سی منقول ہی کہ کہا اونسی کہ زیر آسمان مسلم سی
زیادہ صحیح کوئی کتاب نہین سو اسمین یہہ بیان نہین کہ مسلم بخاری سی زیادہ صحیح ہی کیونکہ
اونسی اوس کتاب کا نہونا بیان کیا ہی جو مسلم سی زیادہ صحیح ہو اور اسمین مسلم کی برابر صحیح
کی نفی نہوئی ایسا ہی جو بعض مغربیون سی منقول ہے کہ اونسی صحیح مسلم کو صحیح بخاری سی
بہتر کہا ہی سو یہہ بہتر کہنا اوسکا راجع ہی طرف خوبی سیاق اور پختگی ترتیب اور وضع احادیث
کی اور کسینی بیان نہین کیا کہ یہہ بہتر کہنا راجع ہی طرف صحت کی یعنی بہتر کہنا اوسکا بنظر
وضع و ترتیب مسلم کی ہی نہ اس نظر سی کہ مسلم کو صحت مین ترجیح ہی وَقَالَ الْاِمَامُ النَّوَوِیُّ
فِی مُقَدِّمَةِ شَرْحِ صَحِیْحِ مُسْلِمٍ اِتَّفَقَ الْعُلَمَاءُ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی اَنَّ اَصَحَّ الْکُتُبِ
بَعْدَ الْقُرْاٰنِ الْعَزِیْزِ الصَّحِیْحَانِ الْبُخَارِیُّ وَمُسْلِمٌ وَتَلَقَّتْهُمَا الْاُمَّةُ بِالْقُبُوْلِ وَ
کِتَابُ الْبُخَارِیِّ اَصَحُّهُمَا صَحِیْحًا وَاَکْثَرُهُمَا فَوَائِدَ وَمَعَارِفَ ظَاهِرَةً وَغَامِضَةً
وَقَدْ صَحَّ اَنَّ مُسْلِمًا کَانَ مِمَّنْ یَسْتَفِیْدُ مِنَ الْبُخَارِیِّ وَیَعْتَرِفُ بِاَنَّهٗ لَیْسَ لَهٗ نَظِیْرٌ
فِیْ عِلْمِ الْحَدِیْثِ وَهٰذَا الَّذِیْ ذَکَرْنَا مِنْ تَرْجِیْحِ کِتَابِ الْبُخَارِیِّ هُوَ الْمَذْهَبُ
الْمُخْتَارُ الَّذِیْ قَالَهُ الْجَمَاهِیْرُ وَاَهْلُ الْاِتْقَانِ وَالْحِذْقِ وَالْغَوْصِ عَلٰی اَسْرَارِ
الْحَدِیْثِ وَقَالَ اَبُوْ عَلِیٍّ الْحُسَیْنُ بْنُ عَلِیٍّ النَّیْسَابُوْرِیُّ الْحَافِظُ شَیْخُ الْحَاکِمِ اَبِیْ عَبْدِ
اللّٰهِ بْنِ الْبَیِّعِ کِتَابُ مُسْلِمٍ اَصَحُّ وَوَافَقَهٗ بَعْضُ شُیُوْخِ الْمَغْرِبِ وَالصَّحِیْحُ الْاَوَّلُ انتهٰی
ترجمہ اور کہا امام نووی نی شرح صحیح مسلم کی مقدمہ مین کہ متفق ہین علما اس بات پر
کہ صحیح تر کتابون سی بعد قرآن کی صحیح بخاری و صحیح مسلم ہین تمام امت محمدیہ نی

Marfat.com

انکو قبول کرلیا ہی اور کتاب بخاری کی دونون مین سی زیادہ صحیح اور فایدہ مند ہی اور
صحیح ہو چکی ہی یہہ بات کہ مسلم فایدہ اوٹھاتا تھا امام بخاری سی اور اقرار کرتا تھا کہ بخاری
بی نظیر ہی علم حدیث مین یہہ جو ہمنی بخاری کو غالب ٹہرایا ہی مذہب ہے جمہور علما کا اور صاحبان
مضبوطی اور مہارت کا اور غوطہ مارنی والون کا دریای اسرار حدیث مین اور کہا ابو علی نیشاپوری
حاکم کی استاد نی کہ کتاب مسلم کی زیادہ صحیح ہی اور اوسکی موافق ہوی بعض مشایخ مغرب کے
لیکن صحیح وہی بات ہی جو پہلی کہی گئی یعنی صحیح تر ہونا کتاب بخاری کا وَقَالَ شَیْخُ الْاِسْلَامِ
الْحَافِظُ الذَّهَبِیُّ فِیْ تَارِیْخِ الْاِسْلَامِ اَمَّا جَامِعُ الْبُخَارِیِّ الصَّحِیْحُ فَاَجَلُّ کُتُبِ
الْاِسْلَامِ وَاَفْضَلُهَا بَعْدَ کِتَابِ اللّٰهِ وَهُوَ اَعْلٰی فِیْ وَقْتِنَا هٰذَا یَعْنِیْ
سَنَةَ ثَالِثَ عَشَرَ بَعْدَ سَبْعِمِائَةٍ وَمِنْ ثَلٰثِیْنَ سَنَةً یَفْرَحُوْنَ الْعُلَمَاءُ بِعُلُوِّ
سَمَاعِهٖ فَکَیْفَ الْیَوْمَ فَلَوْ رَحَلَ شَخْصٌ لِسَمَاعِهٖ مِنْ اَلْفِ فَرْسَخٍ لَمَا ضَاعَتْ رِحْلَتُهٗ
انتہی ترجمہ اور کہا شیخ الاسلام حافظ ذہبی نی تاریخ الاسلام مین کہ کتاب جامع صحیح
بخاری کے بزرگ تر ہی کتب اسلام سی اور بہتر ہی تمام سی بعد قرآن کی اور وہ بلند تر ہی ہماری
اس زمانہ مین یعنی ۷۱۳ھ مین اور تیس سال سی علما خوش ہوتی ہین اسکی سماع عالی رتبہ سی
پس اگر کوئی اسکی سننی کی واسطی ہزار کوس سفر کری تو اوسکا سفر رایگان نہوگا وَقَالَ
الْقَسْطَلَانِیُّ فِیْ شَرْحِ الْبُخَارِیِّ وَاَمَّا تَاٰلِیْفُهٗ یَعْنِی الْبُخَارِیَّ فَاِنَّهَا سَارَتْ مَسِیْرَ
الشَّمْسِ وَدَارَتْ فِی الدُّنْیَا فَمَا جَحَدَ فَضْلَهَا اِلَّا الَّذِیْ یَتَخَبَّطُهُ الشَّیْطَانُ
مِنَ الْمَسِّ وَاَجَلُّهَا وَاَعْظَمُهَا الْجَامِعُ الصَّحِیْحُ انتہی ترجمہ اور کہا قسطلانی نے
شرح بخاری مین کہ تصنیفات بخاری کی پہر رہی ہین جہان کہین کہ سورج پہرتا ہی اور دنیا
بہر مین دورہ کر رہی ہین یعنی تمام جہان مین لوگ انکو دستور العمل جانکر لیئی پہرتی ہین اور مشہور
کرتی ہین پس اسکی بزرگی کا منکر نہوگا مگر وہی جسکو شیطان نے دیوانہ کر رکہا ہی ہاتہہ
لگا کر اور بڑی بزرگ سب تصانیف سی اوسکی جامع صحیح ہے وَقَالَ الشَّیْخُ الْحَافِظُ

Marfat.com

ابن كثير في البداية والنهاية وكتابه الصحيح يستسقى بقرائته الغمام واجمع على
قبوله وصحة ما فيه اهل الاسلام انتهى ترجمہ اور کہا شیخ حافظ ابن کثیر نی
تاریخ بدایہ ونہایہ مین کہ کتاب بخاری کی جامع صحیح اسکی پڑہنی کی برکت سی مینہ مانگا جاتا ہی
اور اسکی مقبول ہونی اور صحیح ہونی پر تمام اہل اسلام کا اجماع ہوگیا ہی وقال مولانا
شاہ ولی اللہ فی حجۃ اللہ البالغۃ اما الصحیحان فقد اتفق المحدثون على
ان جميع ما فيهما من المتصل المرفوع صحيح بالقطع وانهما متواتران الى
مصنفيهما وانه كل من يهون امرهما فهو مبتدع متبع غير سبيل
المؤمنين وان شئت الحق الصراح فقسه بكتاب ابن ابي شيبة وكتاب
الطحاوي ومسند الخوارزمي وغيرها لتجد بينها وبينهما بعد المشرقين انتهى ترجمہ
اور کہا مولینا شاہ ولی اللہ نی حجۃ اللہ البالغہ مین کہ صحیح بخاری ومسلم جو ہین انمین جو حدیث
متصل مرفوع ہی سو صحیح ہی یقینا باتفاق محدثین کی اور سند متواتر سی مصنفون تک پہنچی
ہی اور جو کوئی انکو خفیف اور ہلکا جانی وہ بالاتفاق چلنی والا ہی راہ جو مومنون کی نہین اگر تو
حق صریح ڈہونڈہی تو انکو کتاب ابن ابی شیبہ و کتاب طحاوی اور مسند خوارزمی سی مقابلہ کرکی
دیکہہ تو تجکو انمین اور انمین دو مشرقون کی دوری معلوم ہو ف ابن ابی شیبہ بخاری ومسلم کا استاذ ہی
اور اسکی کتاب کا نام مصنف ہی اور طحاوی حنفی مذہب کا ایک فقیہ ہی اسکی کتاب شرح معانی
الآثار ہی اور مسند خوارزمی ابو المؤید محمد بن محمود خوارزمی کی تالیف ہی اور اوسی سند امام
اعظم کہتی ہین کیونکہ اسمین خوارزمی نی مرویات امام اعظم کو بزعم خود جمع کیا ہی اور بہت جگہ خطا کی
ہی مولانا فرماتی ہین کہ اگر کسیکو جلالت شان صحیحین کی دریافت کرنی منظور ہو تو ان کتابو
سی مقابلہ کرکی دیکہی تو معلوم ہو کہ یہہ کہان اور وہ کہان وقال السید جمال الدين
صاحب روضة الاحباب في رسالته في اصول الحديث اول من صنف
في الصحيح المجرد الامام البخاري ثم مسلم وكتاباهما اصح الكتب بعد

Marfat.com

كتاب الله العزيز الى ان قال واعلى اقسام الصحيح ما اتفقا عليه ثم ما انفرد به
البخاري ثم ما انفرد به مسلم الى اخر ما قال ترجمه اور كها سيد جمال الدين نے جو مصنف
روضة الاحباب کے ہین اپنے رسالہ اصول حدیث مین کہ پہلی جنسی فقط صحیح یعنی بی ملوئی حسن و ضعیف
کی تصنیف کی ہی امام بخاری ہی پہر امام مسلم اور اونکی کتابین سب کتابون سی زیادہ صحیح ہین
ماسوای قرآن کی یہانتک کہ کہا سید جمال الدین نی کہ بلندترین اقسام صحیح وہ ہی جسپر
بخاری ومسلم کا اتفاق ہو پہر وہ جو اکیلی بخاری کی روایت ہو پہر وہ جو اکیلی مسلم کی روایت
ہو الخ وقال الشيخ العلامة الحبر الفهامة محمد الملقب بالمعين السندي
في الدراسات وكونهما اصح كتاب في الصحيح المجرد تحت اديم السماء و
انهما اصح الكتب بعد القرآن العزيز باجماع من عليه التعويل في هذا
العلم الشريف قاطبة في كل عصر واجماع كل فقيه مخالف وموافق على
ما لا يوجد مثل ذلك الاجماع على فضل ابي حنيفة رح على الفقهاء الثلثة من
المعاند والمخالف مع دعوى ذلك من اكثر اهل المذهب انتهى ترجمه اور كها
شیخ علامہ بہت دانشمند وفہمیدہ نے جنکا نام محمد اور لقب معین سندہی ہے کتاب دراسات مین
کہ بخاری ومسلم کا کتب صحیحہ محض سی جو زیر آسمان ہین زیادہ صحیح ہونا اور انکا قرآن کی بعد
درجہ صحت مین پہونچنا اجماع سی ہر زمانہ کی محدثین اور فقہا کی مخالف ہون خواہ موافق
ثابت ہی ایسا اجماع کہ پایا نہین گیا ویسا اجماع ابو حنیفہ کی بزرگی پر بہ نسبت باقی تینون
امامون کی حالانکہ اوس بزرگی کا اکثر اہل مذہب حنفی نی دعوی بہی کیا ہی ایسا ہی اور بہت
علمای حنفیہ وشافعیہ ومحدثین وغیرہم اپنی تصانیف مین لکہتی ہین کہ حدیث بخاری ومسلم کی
مقدم اور مرجح ہی غیر پر باجماع مسلمین کے پہر بعضی محققین اتباع ائمہ اربعہ سی وراکثر اشعری
اور عامہ اہل حدیث اس سی بہی بڑہکر فرماتی ہین کہ حدیث مسلم وبخاری سی علم نظری یقینی حاصل
ہوتا ہی پس بنابر اس مذہب کی منکر حدیث شیخین کا کافر ہوگا اور بعضی جو کہتی ہین کہ علم

یقینی انکی حدیث سی حاصل نہین ہوتا اونکی نزدیک اگرچہ منکر انکی حدیث کا کافر ہوگا لیکن
فاسق اور تارک واجب ضرور ہوگا کیونکہ اونکی نزدیک جوب عمل مین ساتہہ حدیث شیخین کے او
صحیحہ اور احجیتہ مین اوسکی کچہہ تردد وکلام نہین قال الامام ابو عمرو بن الصلاح فی
علوم الحدیث وھذا القسم یعنی المتفق علیہ مقطوع بصحتہ والعلم الیقینی
النظری واقع بہ خلافا لقول من نفی ذلک محتجا بانہ لا یفید الا
الظن وانما تلقتہ الامۃ بالقبول لانہ یجب علیہ العمل بالظن والظن
قد یخطیٔ وقد کنت امیل الی ھذا واحسبہ قویا ثم بان لی ان المذھب
الذی اخترناہ اولا ھو الصحیح لان ظن من ھو معصوم من الخطاء
لا یخطیٔ والامۃ فی اجماعھا معصومۃ من الخطاء ولھذا کان الاجماع
المبنی علی الاجتھاد حجۃ مقطوعا بھا واکثر اجماعات العلماء کذلک
وھذہ نکتۃ نفیسۃ نافعۃ ومن فوائدھا القول بان ما انفرد بہ
البخاری او مسلم مندرج فی قبیل ما یقطع بہ لتلقی الامۃ کل واحد
من کتابیھما بالقبول سوی احرف یسیرۃ تکلم علیھا النقاد من الحفاظ
کالدارقطنی وغیرہ وھی معروفۃ عند اھل ھذا الشان انتھی کلام
ابن الصلاح ترجمہ کہا امام ابو عمرو بن الصلاح نے کتاب علوم الحدیث مین اور یہ قسم
جس حدیث پر شیخین کا اتفاق ہو یقینی صحیح ہی اور علم یقینی جو دلیل سی حاصل ہوا کرتا ہی
اس قسم سی حاصل ہے بخلاف قول اوس شخص کے جو کہتا ہی یقینی علم حاصل نہین ہوتا بلکہ
ظنی حاصل ہوتا ہی اور قبول کرنا امت کا اس قسم کو اسی جہت سے ہی کہ عمل کرنا ساتہہ ظنی کا
کی واجب ہوتا ہی اور ظن مین خطا کا بہی احتمال ہی اور مین بہی اس مذہب مخالف کی طرف
مایل ہوگیا تہا اور اوسکو اچہا جاننے لگا تہا پہر مجہکو معلوم ہوا کہ مذہب صحیح وہی ہے جو ہمنے پہلی
اختیار کیا تہا یعنی حدیث متفق علیہ کو مفید علم یقینی جاننا اسلیے کہ ظن معصوم مین خطا کا

احتمال نہین اور امت اپنی اجماع مین خطا سی معصوم ہوا کرتی ہے اسیواسطی جو اجماع مبنی
اجتہاد پر ہوتا ہی دلیل قطعی شمار کیا جاتا ہی اور اکثر اجماع علما کی ایسی ہی ہوتی ہین سو یہہ
ایک بڑا النفیس نکتہ ہی اس سی یہہ بات بہی نکل آئی کہ جو اکیلی بخاری کی روایت ہو یا اکیلی
مسلم کی وہ بہی قسم مفید علم یقینی مین داخل ہے کیونکہ امت نی دونون کی کتابون کو
قبول کرلیا ہی سوای تہوڑی حرفون کی جنپر دارقطنی وغیرہ پرکہنی والون نی کلام کیا ہے
اور وہ حرف مشہور ہین اس فن والون مین تمام ہوا کلام ابن صلاح کا وقال البلقيني
قد نقل بعض الحفاظ المتأخرين مثل قول ابن الصلاح عن جماعة من الشافعية
كابي اسحاق الشافعي وابي حامد الاسفرائني والقاضي ابي الطيب والشيخ ابي
اسحق الشيرازي وعن السرخسي من الحنفية والقاضي عبد الوهاب من
المالكية وابي يعلى وابي الخطاب وابن الزاغوني من الحنابلة وابن فورك
واكثر اهل العلم من الاشعرية واهل الحديث قاطبة ومذهب السلف
عامة انتهى على ما نقله السيوطي في التدريب ترجمہ کہا بلقینی نی بیشک
نقل کیا ہی بعضی حدیث کی حافظون نے مثل قول ابن الصلاح کی ایک جماعت شافعیہ سی
جیسے ابو اسحق شافعی ہوئی اور ابو حامد اسفرائنی اور قاضی ابو الطیب اور شیخ ابو اسحق شیرازی
اور نقل کیا ہی امام سرخسی سی حنفیہ مین سی اور قاضی عبد الوہاب سی مالکیہ مین سی اور ابو یعلی اور
ابن الزاغونی سی حنبلیہ مین سی اور ابن فورک اور اکثر اہل علم سی اشعریہ مین سی اور سب کی
سب اہل حدیث سی اور یہی نقل کیا مذہب تمام سلف کا تمام ہوا کلام بلقینی کا جیسی سیوطی
تدریب مین نقل کیا ہی وقال النووي في مقدمة شرح مسلم بعد ايراد كلام ابن
الصلاح متعقبا ومعترضا عليه وهذا الذي ذكره الشيخ في هذه المواضع
خلاف ما قاله المحققون والاكثرون فانهم قالوا احاديث الصحيحين التي
ليست بمتواترة انما تفيد الظن فانها احاد والاحاد انما تفيد الظن على

Marfat.com

ما تقرر ولا فرق بين البخاري ومسلم وغيرهما في ذلك وتلقي الامة
بالقبول انما افاد وجوب العمل بما فيهما وهذا متفق عليه فان اخبار
الاحاد التي في غيرهما يجب العمل بها اذا صحت اسانيدها ولا تفيد
الا الظن فكذا الصحيحان وانما يفترق الصحيحان وغيرهما من الكتب
في كون ما فيهما صحيحا لا يحتاج الى النظر فيه بل يجب العمل به مطلقا
وما كان في غيرهما لا يعمل به حتى ينظر ويوجد فيه شروط الصحيح
ولا يلزم من اجماع الامة على العمل بما فيهما اجماعهم على انه مقطوع
بانه من كلام النبي صلى الله عليه وسلم وقد اشتد انكار امام ابن برهان
على من قال بما قاله الشيخ انتهى كلام النووي قال السيوطي في التدريب
قال شيخ الاسلام ما قاله النووي مسلم من جهة الاكثرين
فاما المحققون فلا فقد وافق ابن الصلاح ايضا محققون انتهى ترجمه

اور کہا نووی نی مقدمہ شرح صحیح مسلم مین بعد نقل کرنی کلام ابن الصلاح کی اوسپر اعتراض
کی نظر سی کہ یہہ جو شیخ ابن صلاح نی ذکر کیا ہی سو خلاف ہی قول محققون کی اور اکثر علما کی
ہی کہ اونہون نے حدیث شیخین کو جو متواتر نہو مفید ظن بتلایا ہی کیونکہ وہ خبر واحد ہوتی ہے
اور خبر واحد بجز ظن فایدہ نہین دیتی اور اس مفید ظن ہونی مین بخاری و مسلم اور اونکی سوا
برابر ہین ہان یہہ فرق کہ اونکو علمانی قبول کر لیا ہی سو اس سی یہہ بات ثابت ہوئی کہ
انپہ عمل واجب ہے بالاتفاق اور بجز انکی اورونکی حدیثون پر جو غیر متواتر ہین عمل کرنا تب واجب
ہوتا ہی جب اونکی صحت ثبوت کو پہونچ لی الحاصل یہہ دونون مفید ظن ہی ہین اور فرق اگر
یہی ہی کہ بخاری و مسلم کی حدیث کی صحت ثابت ہو چکی ہی اوسمین کچھہ بحث و تامل کی ضرورت
نہین ہے اور بہر حال اوسپر عمل واجب ہے اور اسپر سب کا اتفاق ہی اور بجز انکی اورون کی
حدیث واجب العمل نہین جبتک کہ اوسکی صحت ثابت نہولی اور اوسمین بحث و نظر کر کی صحت

کو نہ دیکھہ لیا جاوی اور اس اجماع سی جو بخاری و مسلم کی وجوب العمل ہونی پر منعقد ہو چکا ہی علم یقینی حاصل نہین ہوتا اور بلا شبہ سخت انکار کیا ہی امام ابن برہان نی اوسپر جو شیخ ابن الصلاح کی طرح کہی تمام ہوا کلام نووی کا کہا امام سیوطی نی تدریب مین کہ شیخ الاسلام فرماتی ہین کہ جو نووی نی ابن الصلاح پر اعتراض کیا ہی کہ قول اوسکا اکثر علما کی خلاف ہی سو ٹھیک ہی لیکن یہہ جو کہا ہی کہ یہہ قول محققین کی بہی خلاف ہی سو غلط ہی کیونکہ محققین ابن الصلاح کی ساتھہ بہی ہین یعنی ابو اسحق شافعی اور ابو حامد اسفرانی اور قاضی ابو الطیب اور شیخ ابو اسحق شیرازی اور سرخسی حنفی اور قاضی عبد الوہاب مالکی اور ابو یعلی اور ابو الخطاب اور ابن الزاغونی حنبلی اور ابن فورک اور اکثر اہل علم اشعریہ اور اہل حدیث سب کے سب اور سلف صالحین تمام و قال الحافظ الامام ابن حجر فی شرح نخبة الفکر الخبر المحتف بالقرائن یفید العلم خلافا لمن ابی ذلک وقال وهو انواع منها ما اخرجه الشیخان فی صحیحیهما مما لم یبلغ التواتر فانه احتف به قرائن منها جلالتهما فی هذا الشان و تقدمهما فی تمییز الصحیح علی غیرهما وتلقی العلماء لکتابیهما بالقبول و هذا التلقی وحده اقوی فی افادة العلم من مجرد کثرة الطرق القاصرة عن التواتر الا ان هذا مختص بما لم ینقده احد من الحفاظ وبما لم یقع به التجاذب بین مدلولیهما من غیر ترجیح وما عدا ذلک فالاجماع حاصل علی تسلیم صحته قال وما قیل انهم اتفقوا علی وجوب العمل به لا علی صحته فممنوع لانهم اتفقوا علی وجوب العمل بکل ما صح ولو لم یخرجاه فلم یبق للصحیحین مزیة فیما یرجع الی نفس الصحة انتهی قال السیوطی قال ابن کثیر وانا مع ابن الصلاح فیما عول علیه قلت وهذا الذی اختاره ولا اعتقد سواه انتهی کلام السیوطی رحمه الله

اور کہا حافظ امام ابن حجر نی شرح نخبة الفکر مین کہ حدیث گہری ہوئی نشانیون صحت

Marfat.com

مفید یقین ہوتی ہے بخلاف قول اوس شخص کے جو اسکا منکر ہے اور کہا کہ وہ لیکن قسم
ہے ایک اونمین سی وہ حدیث ہی جسکو شیخین بخاری و مسلم روایت کرین اور وہ تواتر کو نہ پہونچی
ہو اسکو کئی نشانیان صحت کی لگ رہی ہین جلالت شیخین کے اور اونکا مقدم ہونا حدیث
صحیح کی تمیز و پہچان مین اور تمام علما کا قبول کر لینا اونکی کتابون کو اور یہہ قبول کر لینا
اونکا اکیلا ہی قوی نشانی ہے واسطی مفید ہونے اونکی حدیث کی یقین کو اور بڑی مفید ہے
بنسبت اوس کثرت سندون کی جو تواتر کو نہ پہونچی لیکن یہہ حکم قطعیت و یقین کا
اون حدیثون سے جنکو کسی حافظ نے پر کہا نہین ہے اور اونسی جنمین باہم تعارض نہین
اسکے باقی حدیثون کی تسلیم صحت پر اجماع ہو چکا ہی کہا امام ابن حجر نے کہ یہہ جو کسی
نے کہا ہی کہ علما کا اجماع اسپر ہے کہ انکی حدیث پر عمل کرنا واجب ہے نہ اسپر کہ انکی صحت
مسلم ہے سو یہہ بات قابل تسلیم نہین کیونکہ عمل تو ہر حدیث صحیح پر واجب ہے خواہ اوسکو شیخین
نے روایت کیا ہو پس خاص انکی حدیث کو صحت کی راہ سے کیا فوقیت رہی تمام ہوا کلام ابن حجر
کا کہا امام سیوطی نے کہ فرمایا ابن کثیر نے کہ مین تابع ہون ابن الصلاح کی اوس بات مین
جو اونہون نے کہی ہے اور اوسپر اعتماد کیا ہی مین کہتا ہون کہ مین بھی اوسی کو اختیار
کرتا ہون اور یہی اعتقاد رکھتا ہون تمام ہوا کلام سیوطی کا پہر ان دونون مذہبون
مین بعضی محققون نے تطبیق بہی دی ہے چنانچہ دراسات مین مفصل و مدلل مذکور
ہے اور بعض نے مذہب ابن الصلاح کو ترجیح دی ہے چنانچہ ابن کثیر اور امام سیوطی کی
عبارات تذکرہ بالا مین مدلل مذکور ہے اور ہمکو اس مقام مین اسکی تفصیل و ایراد الفریقین
منظور نہین بلکہ غرض ہماری اتنی ہی ہے کہ رتبہ صحیحین کا اسقدر بلند ہی کہ کئی محققین
انکے احادیث کو مفید علم یقینی نظری کہتے ہین اور بعضی اگرچہ مفید علم ظنی کہتے ہین لیکن
وہ بہی مرجح اور واجب العمل ہونے مین انکی احادیث کی کچہہ چون و چرا نہین کرتے اب ایک
بات واجب التنبیہ کہی جاتی ہے وہ یہہ ہے کہ جو کلام مین ابن الصلاح

Marfat.com

کی گزرا ہے کہ سوی احرف یسیرة تکلم علیہا بعض اھل النقد من الحفاظ کالدار قطنی
وغیرہ اور کلام من شارح نخبہ کی گزرا ہی کہ الا ان ھذا مختص بما لم ینقدہ احد
من الحفاظ یہہ مستثنی ہی حکم قطعیت سی اور معنی اسکی یہہ ہین کہ سب احادیث صحیحین قطعی الصحۃ
ہین سوا اون چند احادیث کی جنمین دارقطنی وغیرہ نی کلام کیا ہی یعنی وہ قطعی الصحۃ نہین یہہ کہ مستثنی ہے
حکم صحت اور حجیۃ اور وجوب العمل ہونی سی احادیث صحیحین کے چنانچہ شاہد ہین سیر الفاظ مستثنی منہ
کی ان دونون اماموں کی کلام مین امام ابن الصلاح کی یہہ الفاظ ما انفرد بہ البخاری ومسلم
مندرج فی قبیل ما یقطع بہ سوی احرف یسیرة ای فھی لا تندرج فیما یقطع
ابن حجر کی یہہ الفاظ وھذا التلقی وحدہ اقوی فی افادة العلم الا ان ھذا مختص
بما لم ینقدہ احد ای فھو لا یشمل القدر المنتقد منھما لعدم وجود التلقی لہ
ایسا ہی ثابت کیا ہی امام سیوطی و صاحب دراسات نے قال صاحب الدراسات ثم مما یھم
ان یعرف ان ما انتقد علیھما انما استثنی عما حکمہ المقطوع کما صرح بہ شارح
النخبۃ وصرح ایضا الشیخ ابن الصلاح قال السیوطی استثنی ابن الصلاح من
المقطوع بصحتہ ما تکلم فیہ من احادیثھما فقال سوی احرف یسیرة تکلم علیھا
بعض اھل النقد من الحفاظ کالدار قطنی وغیرہ فان جمیع ما اخرجاہ مقطوع
الصحۃ کالمتواتر الا ان القطع فیہ نظری کما مر من المقدمات القطعیۃ
وفی المتواتر ضروری فما لم ینتقص علیہ تلک المقدمات مما لم تجتمع
علیہ الامۃ وشذ منہ بعض الحفاظ لم یکن قطعی الصحۃ فیزول منہ حکم
القطعیۃ من عدم حنث الحالف وتکفیر الجاحد وما یشبہ ذلک لا کون
ما انتقد علیہ صحیحا یجب بہ العمل من غیر وقفۃ ونظر الی ان قال فجمیع ما
فی الکتابین یجب العمل بہ من غیر وقفۃ ونظر اذا المنتقد منھما لم ینزل
عن اعلی درجات الصحۃ وھی درجۃ ما اخرجہ الشیخان فان

كون اخراجهما في تلك الدرجة انما ذلك لما يرجع الى سلطنتهما في الصنعة وامامتهما في الفن وتقدمهما في تمييز الصحيح على غيرهما وعرفان العلل جليها ودقيقها فهما اماما ما من الجرح والتعديل ومعرفة الاسباب الخفية التي لم يبلغ الى عشر عشيرها من انتقد عليهما فهذه الصحة لما اتفقا على اخراجه مسببة كمالهما في علم الحديث من غير رجوع الى امر غريب عن ذلك الكمال لتلقي الامة وغيره من القرائن الخارجة من اعتبار مجرد علمهما وهذا القدر وهو الاتفاق على الاخراج يوجد في المنتقد منهما فثبت انه في اعلى درجات الصحة ويتحقق ما هو على شرطهما ولم يخرجاه فلا ريبة في وجوب العمل بالمنتقد منهما من غير وقفة الى ما يندفع به ذلك الانتقاد بمجرد اخراجهما ثم انه اذا نظر فيما اجابوا عن ذلك بما جعلوه هباء منثورا حتى حكم المنقبون حكما تاما على ما نقل السيوطي عن النووي في شرح البخاري ان كل ما ضعف من احاديثهما فهو مبني على علل ليست بقادحة وحكموا حكما كليا ان كل ما فيهما من الانقطاع والتدليس في الظاهر فليس ذلك به في الحقيقة هذا مما عقدوا عليه الانامل مجملا وقد صنف في تفصيل الرد والجواب عن حديث حديث اجزاء على حيازة قال السيوطي وقد الف الرشيد العطار كتابا في الرد والجواب حديثا حديثا وقال العراقي قد افردت كتابا لما تكلم فيه من احاديث الصحيحين او احدهما مع الجواب عنه وقد سود شيخ الاسلام ما في البخاري من الاحاديث المتكلم فيها في مقدمة شرحه واجاب عنها حديثا حديثا ثم قال السيوطي ونجمل ههنا يعني في التدريب بجواب شامل

لا یختص بحدیث دون حدیث ثم ساق ما حاصله ذلک الاجمال
المتقدم من تقدم مهما فی هذا الشان علی اجلة المشایخ حتی علی من اخذ
عنه کابن المدینی وعنه اخذ البخاری ومع ذلک فکان ابن المدینی
اذا بلغه عن البخاری شیء یقول ما رای مثل نفسه وکان محمد
ابن یحیی الذهلی اعلم اهل عصره بعلل حدیث الزهری وقد استفاد
ذلک من الشیخین جمیعا وقال مسلم عرضت کتابی علی ابی زرعة الرازی
فما اشار ان له علة ترکتها قال ای السیوطی فاذا عرف ذلک وتقرر
انهما لا یخرجان من الحدیث الا ما لا علة له او له علة غیر مؤثرة عند
فبتقدیر توجیه کلام من انتقد علیهما یکون قوله معارضا لتصحیحهما
ولا ریب فی تقدیمهما فی ذلک علی غیرهما فتندفع الاعتراض من حیث
الجملة وقوله یعنی السیوطی فبتقدیر توجیه الخ اشارة الی ما هو الواقع فی
الاکثر من عدم توجیه کلامهم وسوء فهمهم ونسبتهم علیهما بما هما بریان
عنه ومن تصفح کلام الناقدین ثم سرد السیوطی امثلة مفصلة من ذلک
یجب علیک الرجوع الیها فما اعظم افتضاح من یظن من اهل زماننا
الانتقاد فی حدیثهما یوجب التوقف فی العمل فانه مفصح من عدم رجوع
الی اصول هذا الفن الشریف انتهی کلامه ترجمہ کہا صاحب دراسات نی
ایک بڑی مطلب کی بات یہ جانی چاہیے کہ جو حدیثیں یہ کہی گئی ہیں شیخین کی وہ متفق علیہ یعنی
گئی ہیں اوس قسم سے ہیں جو قطعا و یقینا صحیح ہے جیسا کہ بیان کیا ہی مصنف شرح نخبہ اور ترتیب
ابن صلاح نی کہا امام سیوطی نی کہ شیخ ابن صلاح نی حکم سے قطعی الصحۃ کی نکال لیا ہی ان حدیثون
کو جنمین لوگون نے کلام کیا ہی چنانچہ کہا ہی کہ سوای تھوڑی حرفون کی جنپر دارقطنی
پر کہتے والون نے کلام کیا ہی وجہ نکالنی کی یہ ہے کہ شیخین کے تمام و تہین متواتر

Marfat.com

قطعی الصحۃ مین فرق ادمین اورانمین یہی ہی کہ انکا قطعی ہونا دلیل سی ثابت ہے جیسا کہ مقدمات
قطعیہ اوسمین دلیل کے گزر چکی ہین اورمتواتر کا قطعی ہونا بداہتہً بلا دلیل ثابت ہی پس جو حدیث جسپر وہ مقدمات
قایم نہون مثلاً اتفاق امت ہی نہ پایا جاوی بلکہ بعضی حفاظ حدیث اسکی صحت سے انکار کرین تو وہ
قطعی الصحۃ نہوگی اورحکم قطعیت کا جیسی جہوٹا نہونا اوس شخص کا جو اونکی صحیح ہونے پر قسم کہائے
اورکافر ہوجانا اوس شخص کا جو اونکی حدیث سی انکار کری یہہ سب احکام قطعی الصحۃ کی اوس حدیث
غیر متفق علیہ سی اوٹہہ جاوینگی اوریہہ نہین کہ اوسکا صحیح ہونا اوربلا توقف وبلا تامل واجب العمل ہونا
جاتا رہیگا یہانتک کہ ارشاد کیا کہ تمام حدیثین جوان کتابونمین ہین یعنے خواہ یہ کہی ہوئی ہین خواہ اونکے ماسوا
سب واجب العمل ہین بلا توقف وبلا تامل اسلئی کہ جو یہ کہی ہوئی ہین وہ درجہ اعلی صحت سی یعنی
روایت شیخین سی تو پست نہین ہوگئین کیونکہ اوس درجہ مین ہونا اونکا منظر باد شاہی شیخین کے صنعت ہی
حدیث مین اوراونکی امامت کے اس فن مین اورمنظر اونکی مقدم ہونیکی اوروزیر اوراونکی پہچان کی حدیث
کی بڑی چہوٹی علتون کو کیونکہ وہ دونون امام ہین فن جرح وتعدیل مین اورپہچان مین علتون
احادیث کی اکثر پہچان کی مقابل پہچان اون شخصونکی جو اونپر اعتراض کرتی ہین دسوین حصہ کے
دسوین حصہ کو نہین پہونچتی پس یہہ صحیح ہونا اونکی اتفاقی حدیثون کا محض بسبب اونکی کمال کے
ہے فن حدیث مین بلا لحاظ کسی اجنبی سبب کے جیسے قبول کر لینا امت کا اونکی احادیث کو اورسوا
اسکی اوروہ اسباب جو علاوہ اونکے علم وکمال کی ہی ہین سو یہہ بات یعنی روایت کرنا شیخین کا
بالاتفاق اون کہی ہوئی احادیث مین پایا جاتا ہی پس ثابت ہوا کہ وہ حدیثین اعلی رتبہ صحت
مین ہین اوربلند ترہین اون احادیث سے جو شیخین کے شرط پر ہین لیکن شیخین نے اونکو روایت
نہین کیا اورکچہہ شک نرہا واجب العمل ہونے مین اون پر کہی ہوئی احادیث کی مقتضای فقط
روایت کرنی شیخین کے اون احادیث کو بلا تردد وانتظار اون جوابونکی جنسی اعتراضات
اون پر کہنی والون کی اوٹہہ جاوین پسپر کیا حال ہو جبکہ ہم نظر کرین طرف جوابات اون
اعتراضونکی جو علمای قلمبند کئی ہین اوراون اعتراضون کو اوڑا کی خاک بنا دیا ہے

یہانتک کہ حکم عام لگا دیا ہی ان ضبوطون کی چنانچہ نقل کیا ہی سیوطی نی امام نووی سی
شرح بخاری مین کہ شیخین کے جس حدیث کا ضعف کسینی بیان کیا ہے تو بنا اوسکی ایسی ہی علتون
پر ہے کہ وہ صحت کی خلاف نہین اور نیز عام حکم لگا دیا ہی کہ جہان کہین صحیحین مین بحسب ظاہر
انقطاع سند یا تدلیس معلوم ہوتی ہے وہ حقیقت مین تدلیس وانقطاع نہین ہے یہ مجمل تسلیم و تقریر
اونکی اور تفصیل وار ہر ہر حدیث کی جواب بہی کئی علیحدہ علیحدہ جزونمین تصنیف کئی گئی ہین کہا
امام سیوطی نے کہ مینیک تصنیف کی ہی ایک کتاب رشید عطا نی ایک ایک حدیث کی رد جواب مین
اور کہا امام عراقی نی کہ مینی بہی ایک کتاب مستقل بین وہ اعتراضات جو دونون کی یا ایک کی
حدیث پر کئی گئے ہین معہ اونکی جوابات کی قلمبند کئی ہین اور شیخ الاسلام نے بہی مقدمہ شرح
بخاری مین احادیث محل کلام اور اونکی جوابات کو ایک ایک کر کی لکہا ہی پہر کہا سیوطی نے کہ
ہم یہانیز یعنی کتاب تدریب الراوی مین ایک ایسا مجمل جواب دیتی ہین جو ہر ایک حدیث کا
جواب ہوسکی اور کسی ایک سی خصوصیت نرکہی پہر اوسکو بیان کیا جسکا خلاصہ وہی مجمل بات ہے
جو گذری یعنی مقدم ہونا شیخین کا اس فن مین بڑی بڑی مشایخ سی یہانتک کہ اپنی استادون
سے جیسی علی ابن المدینی کہ بخاری اونکا شاگرد ہے باوجود اسکی پہر جب ابن المدینی کو بخاری
کی کوئی بات پہونچتی تو فرماتی کہ بخاری نے اپنے جیسا کوئی نہین دیکہا اور محمد بن یحیی ذہلی اپنے زمانہ
کی بڑی جاننی والی تہی کہ زہری کی حدیث کو معلول کر دیا کرتی سو یہہ سب شیخین سے سیکہے تہی اور
کہا مسلم نی کہ مینی اپنی کتاب کو ابو زرعہ رازی کی سامنی پیش کیا پس اونہون نے کہین اشارہ
نکیا کہ اسمین فلان علت ہی جسکا مینی لحاظ نکیا ہو کہا سیوطی نے جب معلوم ہوا یہہ امر اور ثابت
ہوا کہ شیخین اوسی حدیث کو روایت کرتی ہین جو علت سے خالی ہے یا وہ حدیث جسمین علت ہے
تو اونکی نزدیک موثر نہین ہے تو درصورت بن پڑنی اعتراضونکی جو پرکہنی والون نے کئی ہین فی نکی
اعتراض اور شیخین کی تصحیح مین مقابلہ ٹہیریگا سو اس مقابلہ مین شیخین ہی مقدم ہونگی پس
دفع ہوگئی سب اعتراضات مجمل جواب ہے یہہ جو کہا ہی امام سیوطی نے کہ درصورت بن پڑنی

اونکی اعتراضون کی مقابلہ ہوگا سو یہہ اشارہ ہی طرف اس بات کی کہ اکثر اونکی اعتراض
بن نہین پڑتے اور وہ محض بدظنی اور سوء فہمی سی ناشی ہین اور دونسی شیخین پر ہین یہہ بیان
کین سیوطی نے مثالین اسکے تفصیل وار جو دیکھنی قابل ہین پس کتنی بڑی فضیحت ہے اون لوگونکی
واسطی جو ہمارے ہمعصر ہین اور وہ گمان کرتی ہین کہ پرکھی جاوی سی شیخین کے حدیثین واجب العمل
نہین ہین اونکی عمل سے توقف لازم ہوگیا ہی اس بات سی اونکی صاف واضح ہی کہ اونکو فن
حدیث شریف کی طرف رجوع نصیب نہین ہوا تمام ہوا کلام اونکا اور بعضی وجوہات جواب احادیث
منتقدہ کی بجواب طعن مخاطب کے شان مین صحیحین کے ذکر کی جاوینگی انشاء اللہ تعالی اسمقام مین
یہہ بات محقق ہوگئی کہ احادیث منتقدہ منجملہ احادیث بخاری ومسلم کی جو کلام مین ابن الصلاح کے
بلفظ سوی احرف یسیرة اور کلام مین حافظ ابن حجر کی بلفظ الا ان ہذا مختص بما لم ینتقد مستثنی
ہین وہ حکم قطعیت سے مستثنی ہین نہ حکم صحیت اور اصحیت سی و ثابت ہوا کہ جملہ احادیث بخاری
ومسلم کی بالاجماع اصح اور ارجح ہین اور ونکی احادیث سی پس قایل ترجیح ہدایہ کا احادیث بخاری
یا مسلم پر بنظر قسم اول کے بالاجماع مبتدع اور خارق اجماع ہوگا اور اگر ہم علی التنزل احادیث منتقدہ
کو حکم صحیت اور اصحیت سی مستثنی سمجھین تو بھی قایل ترجیح ہدایہ کا مطلق احادیث بخاری پر مبتدع ہے
کیونکہ اطلاق اسکا مقتضی ہے کہ ہدایہ کو احادیث غیر منتقدہ مسلمہ اجماعیہ پر بھی ترجیح ہی اور یہہ امر
بلا نزاع اہل تسلیم و تنقید کی باطل اور خلاف اجماع ہے بہر حال مبتدع ہونا اوس شخص کا ہر طرح
سے ثابت ہی **ثبوت دعوی دوم** محتاج دلیل و بیان نہین اسلئی کہ آجتک نہ کوئی محقق
نہ غیر محقق نہ کوئی محدث نہ فقیہ کوئی قایل نہین ہوا کہ احادیث ضعیفہ مرجح اور
مقدم ہین احادیث صحیحہ اجماعیہ پر بلکہ فی نفسہ احتجاج مین ساتھ حدیث ضعیف کی کلام ہے
محدثین کہتی ہین کہ فضایل اعمال مین حدیث ضعیف سی احتجاج درست ہے نہ احکام حلال وحرام
مین چنانچہ رسالہ اصول حدیث سید جمال الدین محدث وغیرہ کتب اصول حدیث مین تشریح
ہے اور بعضی فقہا کہتی ہین کہ اگر حدیث ضعیف کئی طرق سے مروی ہو تو تعدد

Marfat.com

طرق اوسکا جبر نقصان کردیتاہی اور وہ حسن لغیرہ ہوکر لایق احتجاج کی احکام مین ہوجاتی ہے اور بعضی کہتی ہین کہ اگر ضعف اوس حدیث کا بسبب مستور ہونی راوی کی یا قلیل الحفظ ہونیکی یا تدلیس کرنیکی ہو تو وہ حدیث ضعیف تعدد طرق سی جبر قبول کرکی ملحق بحسن ہوسکتی ہے اور احتجاج ساتھہ اوسکی درست ہوجاتا ہی اور اگر ضعف اوسکا بسبب اتہام راوی کی یا کذب اوسکیکی یا خطاء فاحش کی ہو تو وہ حدیث تعدد طرق سی کسیطرح درجہ قبول اور احتجاج کو نہین پہونچتی یہہ اقوال علما کی اصول حدیث مین مبسوط ہین بخوف طوالت نقل عبارات مناسب نجانا حاصل یہہ ہے کہ نفس احتجاج مین ساتھہ حدیث ضعیف کی یہہ اختلاف ہی مقدم اور مرجح ہونا اوسکا حدیث صحیح اتفاقی سی بجز نا واقف یا مبتدع کی کسکی وہم وخیال مین آسکتا ہی پس قایل ترجیح ہدایہ کا بنظر قسم دوم یعنی بنظر اون مسایل ہدایہ کی جو احادیث ضعیفہ سی مدلل ہین احادیث بخاری یا مسلم پر بڑا بھاری مبتدع اور مخالف امت اسلامیہ کا اور فاسق بلاشبہ وتردد ہوگا ثبوت دعوی سوم یعنی مشرک ہونا اوس شخص کا جو ہدایہ کو بنظر اون مسایل کے جو دلایل عقلیہ اور راے پر مبنی ہین حدیث بخاری یا مسلم پر ترجیح دی بہت ہی ظاہر ہے قَالَ الْقُسْطَلَانِیُّ فِی الْمَوَاهِبِ اللَّدُنِّيَّةِ وَرَأْسُ الْأَدَبِ مَعَهٗ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَالُ التَّسْلِيمِ لَهٗ وَالْاِنْقِيَادُ لِأَمْرِهٖ وَتَلَقِّي خَبَرِهٖ بِالْقُبُولِ وَالصِّدْقِ دُوْنَ أَنْ يُحَمِّلَهٗ مُعَارَضَةَ خَيَالٍ بَاطِلٍ يُسَمِّيْهِ مَعْقُوْلًا أَوْ يُسَمِّيْهِ شُبْهَةً أَوْ شَكًّا فَيُقَدِّمُ عَلَيْهِ آرَاءَ الرِّجَالِ وَزُبَالَاتِ أَذْهَانِهِمْ فَيُوَحِّدُهٗ بِالتَّسْلِيمِ وَالتَّحْكِيمِ وَالْاِنْقِيَادِ وَالْإِذْعَانِ كَمَا يُوَحِّدُ الْمُرْسِلَ بِالْعِبَادَةِ وَالْخُضُوْعِ وَالذُّلِّ وَالْإِنَابَةِ وَالتَّوَكُّلِ فَهُمَا تَوْحِيْدَانِ لَا نَجَاةَ لِلْعَبْدِ مِنْ عَذَابِ اللهِ تَعَالَى إِلَّا بِهِمَا تَوْحِيْدُ الْمُرْسِلِ وَتَوْحِيْدُ مُتَابَعَةِ الرَّسُوْلِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَا يُحَاكِمُ الرَّسُوْلَ إِلَى غَيْرِهٖ وَلَا يَرْضَى بِحُكْمِ غَيْرِهٖ انْتَهٰى مُلَخَّصًا مِنَ الْمَدَارِجِ مُلَخَّصًا

Marfat.com

اخر کلام القسطلانی ترجمہ کہا علامہ قسطلانی نی مواہب لدنیہ مین کہ مراد ساتھ
آنحضرت صلعم کی یہہ ہے کہ اونکی حکم کو پورا پورا مانا جاوی اور اونکی ارشاد کی تابعداری کیجاوی اور اونکی
حدیث کو سچا جانکر قبول کیا جاوی بدون اسکے کہ معارض ٹہیراوین اوسکو ایک خیال باطل کے
جسکا نام رکہین دلیل عقلی یا شبہ یا شک اور مقدم کرین اوسپر لوگون کی رای و قیاس کو اور اونکی
ذہنون کی تراشی ہوئی فضول باتون کو یعنی اس واہیات سی مجرد ہوکر آنحضرت کی تابعداری
اختیار کرین پس ایک کرنا مین آنحضرت کو حاکم جاننی اور تسلیم کرنی اور فرمانبرداری واوپر یقین کرنی
کی باب مین جیسا کہ ایک کرجانتی ہین اوسکی بہیجنی والی یعنی حق جل وعلا کو عبادت اور عاجزی
اور ذلت اور رجوع اور توکل کے بجالانی مین پس یہہ دو توحیدین ہین جنکی سوای بندی کو اللہ
کی عذاب سی چہٹکارا نہین ایک توحید رسول کی بہیجنی والی کی یعنی عبادت وغیرہ مین دوسری توحید
رسول مقبول کی یعنی تابعداری مین پس لیجاوین کوئی مقدمہ آنحضرت کا فیصلہ کروانی کو طرف کسی اور
کی اور نہ راضی ہون کسی اور کے حکم سی بیچ مقدمہ ارشاد آنحضرت کی تمام ہوئی یہہ بات مدارج سے
مختصر ہوکر یہہ ہے آخر کلام قسطلانی کا وَعَنْ بِلَالِ بْنِ مَسْعُودٍ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ ثَلٰثٌ لَا يَنْفَعُ
مَعَهُنَّ عَمَلٌ اَلشِّرْكُ بِاللّٰهِ وَالْكُفْرُ وَالرَّأْيُ قِيْلَ يَا أَبَا عَمْرٍو وَمَا الرَّأْيُ قَالَ تَرْكُ كِتَابِ
اللّٰهِ وَسُنَّةِ نَبِيِّهٖ وَتَقُوْلُ بِالرَّأْيِ رَوَاهُ الْهَرَوِيُّ ترجمہ اور روایت ہی بلال ابن مسعود سے
وہ کہا کرتی کہ تین چیزین ہین جنکی ہوتی کوئی عمل کام نہین آتا ایک شرک کرنا دوسرا کفر تیسرا رای
کسینی پوچہا ای ابو عمرو رای کیا چیز ہی فرمایا وہ یہہ ہے کہ قرآن وحدیث کو چہوڑکر قیاس سی بات
کہو روایت کی ہی یہہ ہروی نے وَقَالَ الشَّيْخُ الْأَكْبَرُ مُحْيِي الدِّيْنِ بْنُ الْعَرَبِيِّ فِي الْفُتُوْحَاتِ
إِذَا صَحَّ الْحَدِيْثُ وَعَارَضَهُ قَوْلُ صَاحِبٍ أَوْ إِمَامٍ فَلَا سَبِيْلَ إِلَى الْعُدُوْلِ عَنِ الْحَدِيْثِ
وَيُتْرَكُ قَوْلُ ذٰلِكَ الْإِمَامِ وَالصَّاحِبِ لِلْخَبَرِ ثُمَّ قَالَ وَلَا يَجُوْزُ تَرْكُ آيَةٍ أَوْ خَبَرٍ
بِقَوْلِ صَاحِبٍ أَوْ إِمَامٍ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَقَدْ ضَلَّ ضَلَالًا وَخَرَجَ عَنْ دِيْنِ اللّٰهِ
انتہی ترجمہ اور کہا شیخ محی الدین ابن عربی نی فتوحات مکیہ مین کہ جبکہ صحیح ہو کوئی حدیث

Marfat.com

اور اوس کے مقابل پایا جاوے قول کسی صاحب یا امام کا تو نہیں ہے راہ طرف پھر جانے حدیث
سے بلکہ چھوڑا جاویگا قول اوس امام اور صاحب کا اوس حدیث کی خاطر پھر کہا کہ نہیں جائز ترک
کرنا کسی آیت کا یا کسی حدیث کا کسی صاحب یا امام کی قول سے اور جو کوئی ایسا کرے پس وہ
گمراہ ہوا اور نکل گیا خدا کی دین سے ذکر کیا الشیخ محی الدین فی الفتوحات بسنده الی الامام
ابی حنیفة رض انه کان یقول ایاکم والقول فی دین الله تعالی بالرای وعلیکم باتباع
السنة فمن خرج عنها ضل اه وکان یقول ای ابو حنیفة حرام علی من لم یعرف
دلیلی ان یفتی بکلامی وکان یقول ایاکم وآراء الرجال ودخل علیه مرة رجل
من اهل الکوفة والحدیث یقرء عنده فقال الرجل دعونا عن هذه الاحادیث
فزجره الامام زجرا شدیدا وقال له لولا السنة ما فهم احد منا القرآن
ودخل علیه شخص الکوفة بکتاب دانیال فکاد ابو حنیفة یقتله وقال
له اکتاب ثم غیر القرآن والحدیث وقیل له مرة قد ترک الناس العمل بالحدیث
واقبلوا علی سماعه فقال رضی الله عنه نفس سماعهم للحدیث عمل به وکان یقول
لم یزل الناس فی صلاح ما دام فیهم من یطلب الحدیث فاذا طلبوا العلم بلا
حدیث فسدوا الی اخر ما نقل عنه الامام الشعرانی فی المیزان الکبری ونقل
الزندویسی فی روضة العلماء عن صاحب الهدایة ان ابا حنیفة سئل اذا قلت
قولا وکتاب الله یخالفه قال اترکوا قولی بکتاب الله فقیل اذا کان خبر الرسول
صلی الله علیه وسلم یخالفه قال اترکوا قولی بخبر الرسول صلی الله علیه وسلم فقیل
اذا کان قول الصحابة یخالفه قال اترکوا قولی بقول الصحابة انتهی ترجمه
اور روایت کیا ہے شیخ محی الدین نے فتوحات میں ساتھ اپنی سند کے جو امام ابو حنیفہ تک پہونچتی ہے
کہ وہ یعنی امام صاحب [illegible] لوگو اس بات سے کہ دین میں کوئی بات عقل سے کہو اور
لازم پکڑو اپنی اوپر پیروی حدیث کی کیونکہ جو کوئی اوس سے نکل گیا وہ گمراہ ہوگیا اور کہا

یعنی امام ابو حنیفہ کہ حرام ہی فتوی دینا میری کلام سی اوس شخص کو جو میری دلیل نجانی اور کہا
کرتے کہ بچو لوگون کی رای کی باتون سی اور آیا اونکی پاس ایک شخص کوفی جسوقت اونکی
پاس حدیث پڑہی جاتی تہی پس کہنی لگا کہ چہوڑدو ہمکو ان حدیثون سی پس امام نی اسکو سخت
ڈانٹا اور کہا کہ اگر حدیث نہوتی توہم مین سی کوئی بہی قرآن کو نہ سمجہتا اور ایکدفعہ کو زمین اونکے
پاس ایک شخص دانیال کی کتاب لے آیا پس امام اوسکو قتل کرنے لگی اور کہا کیا سوای قرآن اور حدیث
کی کوئی اور بہی یہان کتاب ہے اور ایکدفعہ کسی نے اونسے کہا کہ لوگ حدیث پر عمل کرنا چہوڑ بیٹہی ہین اور
فقط حدیثون کی سننی کی طرف متوجہ ہین امام نے فرمایا حدیث کا سننا خود عمل ہے اور کہا کرتی کہ
ہمیشہ لوگ درستی مین رہینگی جتبک انمین کوئی حدیث کا طالب رہیگا اور جب علم کو سوای حدیث کے
طلب کرنی لگینگے تو خراب ہو جاوینگی تا آخر اون اقوال تک جو امام سی میزان کبری مین شعرانی نے
نی نقل کیی ہین اور نقل کیا ہی امام قدوسی نے روضۃ العلماء مین بروایت صاحب ہدایہ کی کہ امام
ابو حنیفہ سی کسینی پوچہا کہ جب آپ کچہ بات کہین اور قرآن اوس سی مخالف ہو توہم کیا کرین
فرمایا کہ میری بات کو چہوڑدو قرآن کی سامنی پہر پوچہا کہ اگر حدیث اوسکی خلاف ہو پہر کیا کرین
فرمایا کہ چہوڑدو میری بات کو حدیث کی سامنی پہر پوچہا کہ اگر اقوال اصحاب اوسکی مخالف ہوان
فرمایا چہوڑدو میری بات کو سامنی اقوال اصحاب کی **ایسا ہی** مذمت اور امتناع اس عمل بالرای
کا معارض نص کے صدہا علما صحابہ و تابعین و ائمہ مجتہدین سی مروی ہی اور کتب سلف و خلف مین
جیسے میزان اور منہج اور لوایح انوار قدسیہ اور یواقیت اور صحیح مسلم اور جامع ترمذی اور قسطلانی
شرح بخاری اور نووی شرح مسلم اور طیبی شرح مشکوۃ اور دراسات اللبیب مین موجود ہے بخوف
اطناب کی نقل کرنا سب عبارات کا ملتوی کہا اور اصل اس باب مین یہہ آیہ کریمہ ہے اتَّخَذُوْا
اَحْبَارَھُمْ وَرُھْبَانَھُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰہِ ط اور ایک حدیث ترمذی کی اسپر شاہد ہی
جو ضمن عبارت تفسیر نیشاپوری عدی بن حاتم سی منقول ہوتی ہے قَالَ فِی التَّفْسِیْرِ
النَّیْشَابُوْرِیِّ اِخْتَلَفُوْا فِیْ مَعْنَی اتِّخَاذِھِمْ اِیَّاھُمْ اَرْبَابًا بَعْدَ الْاِتِّفَاقِ عَلٰی اَنَّہٗ

Marfat.com

لیس المراد انه جعلوهم الهة فقال اکثر المفسرین المراد انهم اطاعوهم
فی اوامرهم ونواهیهم ونقل عن عدی بن حاتم انه کان نصرانیا فانتهی
الی النبی صلی الله علیه وسلم وهو یقرء سورة براءة فلما وصل الی هذه الآیة
قال عدی انا لسنا نعبدهم فقال الیس تحرمون ما احل الله وتحلون ما حرم
فقلت بلی فقال تلک عبادتهم قال الربیع قلت لابی العالیة کیف کانت الربوبیة
فی بنی اسرائیل فقال انهم ربما وجدوا فی کتاب الله ما یخالف قول الاحبار
والرهبان فکانوا یاخذون باقوالهم وما کانوا یقبلون حکم الله تعالی قال
العلماء وانما لم یلزم تکفیر الفاسق بطاعته الشیطان خلاف ما علیه الخوارج لان
الفاسق وان کان یقبل دعوة الشیطان الا انه یلعنه ویستخف به بخلاف
اولئک الاتباع المعظمین قال الامام فخر الدین الرازی رح قد شاهدت
جماعة من مقلدة الفقهاء قرات علیهم آیات کثیرة من کتاب الله فی مسائل
کانت تلک الآیات مخالفة لمذهبهم فیها فلم یقبلوا تلک الآیات ولم
یلتفتوا الیها وکانوا ینظرون الی کالمتعجب یعنی کیف یمکن العمل بظواهر تلک
الآیات مع ان الروایة عن سلفنا وردت بخلافها ولو تاملت حق التامل
وجدت هذا الداء ساریا فی عروق الاکثرین انتهی ما فی النیشاپوری

ترجمہ کہا تفسیر نیشاپوری مین کہ اختلاف کیا ہی اہل تفسیر نے معنی مین ٹھیرالینے یہود و نصاری
کی اپنی مولویون اور درویشون کو معبود بعد اتفاق کی اس بات پر کہ وہ حقیقت مین ان مولویون
کی پرستش تو نہین کیا کرتی تہی پہر کیا مراد ہی اس معبود ٹھیرانی سی پس کہا اکثر مفسرین نی کہ مراد
یہہ ہے کہ وہ تابعداری کرتی درویشون کی امر و نہی مین چنانچہ روایت ہی عدی بن حاتم
سی کہ وہ نصرانی تہی پس پہونچی پاس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جس حالت مین کہ آپ سورہ
براءۃ پڑہ رہی تہی جب اس آیت تک پہونچی تو عدی بن حاتم بولی کہ ہم عبادت تو نہین کرتی

Marfat.com

اپنی مولویون اور درویشون کی یعنی پہر کیا وجہ کہ اللہ تعالی ہماری طرف اس بات کو منسوب کرتا
ہی آنحضرت نے فرمایا کہ کیا تم حرام نہین سمجہتی اوس چیز کو جو اللہ نے حلال کر دی ہی اور حلال
نہین جانتی اوس چیز کو جو اللہ نے حرام کر دی ہی عرض کیا کہ یہہ بات تو بیشک ہی فرمایا آنحضرت نے
کہ یہی عبادت ہے ان مولویون اور درویشون کی یعنی جیسی اللہ تعالی تمہاری نام لگاتا ہی راوی
کہتا ہی کہ مینی ابو العالیہ سی پوچہا کہ بنی اسرائیل مین خدا بنا لینا کیونکر مروج تہا اونہون نی کہا
کہ وہ جب کبہی اللہ کی کتاب مین کوئی بات مخالف قول اپنے دانشمندون کی اور درویشون کی پاتی
تو اونہین کا قول مانتی اللہ کی کتاب کا حکم نہ قبول کرتی علما نی کہا ہی کہ اگر مخالف حکم خدا کی کسی کا
کہنا مانا اوسکا معبود ٹہیرا لینا ہی تو پہر فاسق کو باوجودیکہ وہ خلاف حکم خدا کی شیطان کے
تابعداری کرتا ہی کیون نہین کافر کہتی جیسا کہ خارجی لوگ فاسق کو کافر کہتی ہین برخلاف اسکی
سو وجہ اسکی یہہ ہے کہ فاسق اگرچہ موافق کہنی شیطان کی عمل کرتا ہی لیکن اوسکو حاکم نہین جانتا
اسواسطی اوسپر لعنت کرتا ہی اور ذلیل جانتا ہی یعنی غفلت سی موافق مرضی شیطان کی اس
عمل مین ہو رہتے ہین نہ یہہ کہ یہہ اوسکو اپنا حاکم معظم جانکر اوسکی اطاعت کرتا ہی اور یہہ عذر اون
لوگون کی حق مین کارگر نہین جو اپنی مولویون اور درویشون کی عظمت و صدق سی خلاف
حکم خدا کی تابعداری کرتی ہین کہا امام فخر الدین رازی نی تفسیر کبیر مین کہ مینی دیکہا الٹی
تقلید فقیہون کو پڑہتی تہی اونپر آیتین قرآن کی درباب کئی مسایل کی جو مخالف تہین
آیتین اون مسایل مین اونکی مذہب سے پس نمانی اونہون نے وہ آیتین اور رجوع کیا اونکی طرف
اور حیران سی ہو کر میری طرف دیکہنی لگے کہ کیونکر عمل ہو سکے ان آیات پر حالانکہ روایت ہین
ہماری بزرگون سی اونکی خلاف وہ آیتین آچکی ہین اور اگر تو اے مخاطب تامل کرے تو ٹہیک
ٹہیک تو پاوے تو اس مرض کو گہسا ہوا بہتیرون کی رگون مین تمام ہوئی دنیا
جو نیشاپوری مین ہے اور ایسا ہی تفسیر کیا ہی اس آیہ کو تفسیر کبیر اور تفسیر مظہری اور
تفسیر عزیزی اور حجۃ اللہ البالغہ اور عقد الجید وغیرہ مین پس ثابت ہوا کہ ترجیح ہنود لا

ہدایہ کا نبظر اون مسایل کی جنکا کوئی اصل شرعی نہین اور مجرد رای اور عقلی دلیلون سی ثابت ہین احادیث بخاری یا مسلم پر مشترک ہے اور مخالف اجماع تمام ائمہ دین کا تمام ہوا جواب مخالف کی اوس قول کا جسمین زید کو مدعی کہنے پر پیچ وتاب کہاتا تہا اب دیکہا زید کس درجہ کو پہنچا ہے **قوله الثالث** اول انکہ صاحب ایہ تقلید ابوحنیفہ جس مسئلہ کو قبول کیا ہو بخاری سے رد کرین تو گویا رد کرنا ابوحنیفہ کا ہوتا ہی یہہ مردود نامحمود چونکہ مجتہد مستقل وامام مکمل کے قول اجتہادیہ کو رد کرین بخاری ہو خود وغیرہ چنانچہ عبدالحق محدث شرح سفر السعادت مین لکہا ہی کہ اعتماد بر تصحیح وتنقید ائمہ مجتہدین است واکابر سلف چون ایشان حدیثی را تلقی بقبول کردہ عمل بدان نمودہ انکار واعتراض بر ایشان بتقلید محدثین کہ مشہور اند جایز نباشد والتزام ایشان بحکم این جماعہ بحکم الخ ولذا قال شاہ ولی اللہ قطع نظر ازین اگرچہ حدیثی معمول بہ امام اعظم باشد در صحاح وغیرہ آنرا الضعف منسوب کردہ باشند تضعیف ایشان نسبت امام اعظم رح قابل بحث است الخ الغرض بہر حال مقدم افضلیست کہ نمیرسد متاخر بگوید درحق وی عبارت ہذا بر سالہ دلایل قوی ترک قرأت للمقتدی انتہی قول المخاطب **جوابہ** اقول عائذًا باللہ من الکاذبین السارقین المحرفین الکلم عن مواضعہ غیر خائفین عن یوم الدین اس کلام مین مخاطب نے عجب دہوکہ اور سرقہ اور کذب اور خیانت کی ہی کمال توجہ سی بقصد انصاف اگر کوئی جواب اسکا سنی تو اسی سی بی انصافی ومتعصبی نامخاطب کا اشتہر ہو جاوی **بیان دہوکہ اور سرقہ کا یہہ ہے** کہ مخاطب نے دعوی یہہ کیا کہ رد قول اجتہادی ابوحنیفہ کا بخاری سے مردود اور نامحمود اور دلیل مین وہ عبارتین لایا جنمین ترجیح مسایل اجتہادیہ ابوحنیفہ کا حدیث بخاری پر ذکر بہی نہین اسنی چالاکی اور دہوکہ سی ما قبل اور ما بعد اون عبارتون کا سرقہ کرکی اپنی دعوی کی دلیلین کر دکہائی ہین سو پہلی رد دعوی کا کرتا ہون پہر اوسکی دلیل کا یعنی بے ربط ہونا اور اوسکی دعوی سی اجنبی ہونا اور بعض عبارت کا مسروق ہونا بیان کیا جاویگا **رد دعوی** یہہ کہ رد کرنا قول اجتہادی ابوحنیفہ

بلکه اوسکی استاذ حماد اور استاذ الاستاذ ابراهیم کا بلکه باقی ائمه اجتهاد کا جو حدیث کی مخالف
هو حدیث نبوی سی جو بخاری مین مروی هو یا کسی اور کتاب حدیث مین صحت کو پهونچی هو
واجب و فرض هے اور مخالف اسکا مردود اور مخالف هی اجماع کا اور مصداق هی من شذ شذ
فی النار کا اور ثبوت اس امر کا بضمن اثبات دعوی ثالث رد قول ثانی مین مخاطب کے گزرا پس ایسے
امر اجماعی اتفاقی کو مردود نا محمود کهنا خود مردود هونا هی **بیان بی ربطی هوی دلیل
مخاطب کا اور اظهار اوسکی سرقه اور دهوکه کا یهه هی** که دعوی اوسکا یهه تها که ابو
حنیفه کی قول فرعی اجتهادی کو بخاری سی رد کرنا مردود هی سو یهه دعوی عبارات شرح عبد الحق
اور رساله دلیل قوی سی ثابت نهین هوتا کیونکه انمین ذکر رد قول فرعی اجتهادی ابو حنیفه کا ذکر نهین
بلکه رد کرنی تصحیح ابو حنیفه کا بعض احادیث کو ذکر هی باین طور که جس حدیث کو ابو حنیفه صحیح کهدی
اور قبول کر لی اوس حدیث کو تقلید محدثین مشهور کی رد کرنا چاهیی اور ضعیف نکهنا چاهیی عبارت
رساله دلیل قوی تو اس مطلب پر صریح ناطق هی لیکن عبارت شرح عبد الحق کی کچهه تفصیل چاهتی
هی جسکو مخاطب نی بطور سرقه چهوڑ دیا هی سو کچهه بیان اسکا هم کرتی هین واضح هو که شیخ نی شرح
سفر مین ایک تنبیه منعقد کرکی ابن الهمام سی نقل کیا هی که محدثین جو بخاری و مسلم کو اور مصنفات
کتب حدیث پر ترجیح دیتی هین یهه تحکم بلا دلیل هے اور یهه بات مقلد کی واسطی لایق تسلیم هی
نه مجتهد کی واسطی بلکه مجتهد کو پهونچتا هی که صحت و سقم حدیث کا اپنی اجتهاد سی دریافت کری پس
هو سکیگا که بعضی حدیثین مجتهد کی نزدیک بخاری و مسلم کی برابر هوان یا بڑهه جاوین یهه مختصر
ترجمه کلام ابن الهمام کا نقل کیا گیا تفصیل اسکی شرح شیخ مین دیکهنی چاهیی اس کلام ابن الهمام
کی ختم پر عبد الحق نے کها هی و حاصل این سخن آنست که اعتماد بر تصحیح و تضعیف مجتهدین و اکابر سلف است
تا آخر اوس عبارت تک جو مخاطب نے نقل کے هی پس بنظر انصاف دیکهو که ان عبارتون مین
ترجیح مسئله فرعیه اجتهادیه ابو حنیفه کی حدیث بخاری پر کهان فرمائی هے انمین تو اتنا هی ذکر
هے که جس حدیث کو امام مجتهد ابو حنیفه وغیره صحیح کهدین اوسکو تقلید محدثین ضعیف نکهنا چاهیے

سو ظاہر ہی کہ اونکی حدیث صحیح کو رد کرنی سی رد کرنا اونکی قول اجتہادی کا ضروری ہی جو محال
ہو صریح احادیث صحیحہ کی کہاں لازم آتا ہی باقی رہا کلام آمین کہ بقطع نظر [illegible] تو اور [illegible]
ہوں ان عبارات کی [illegible] مخاطب سی یہہ عبارات فی نفسہا ہی صحیح ہین [illegible] سو اسکو یہ
سننا چاہیے کہ کلام ابن الہمام اور اوسکی مقلد عبد الحق کا مخالف ہے اجماع امت کی کیونکہ زمانہ [illegible]
کتب [illegible] حدیث سی [illegible] آٹہہ سو آٹہہ تک علما کا اسپر اتفاق رہا کہ بخاری و مسلم کی حدیث
مقدم و ارجح ہی حدیث غیر اونکی سی چنانچہ یہہ اجماع امت کا بضمن ثبوت دعوی اول کی [illegible]
قول ثانی مخاطب کے بیسوں علما سی نقل کیا گیا جب ابن الہمام [illegible] آٹہہ سو [illegible] آئی [illegible]
اور اوسکو ترمیم مذہب حنفی کی مدنظر ہوئی تو سب کتابوں مین سی حنفیہ کی لائق توجہ اور ترمیم کی
ہدایہ پائی کیونکہ لوگون مین بڑی معتبر مشہور تہی و حقیقت مین ضعیف مسائل اور روایات ضعیفہ
حدیثوں سی پر تہی اور صحیح حدیثوں بخاری و مسلم کی مخالف تہی پس اسکو کوئی سبیل نظر نہ آئی
جس سی اسکی ترمیم ہو اور اسکی حدیثین جو شیخین کی سوا اورون کی روایتین ہین قوی ہو جاتی اور
بخاری و مسلم کی برابر ہون لہذا اوسنی یہہ تدبیر نکالی کہ اس قاعدہ اجماعی کو کہ احادیث بخاری و مسلم
احادیث غیر سی ارجح و اصح ہین توڑنا چاہیے تاکہ احادیث ہدایہ پر بخاری و مسلم کو ترجیح نہ رہی اور
[illegible] برابر ہو جاوین چنانچہ عبد الحق ناقل کلام ابن الہمام او مقلد اوسکا صاف [illegible] تک
ہی اور یہہ اقرار اوسکا بعد اوس عبارت کی جو مخاطب نے نقل کی ہی موجود ہی مخاطب نے اوسکو [illegible]
[illegible] گیا ہی وہ یہہ ہے جو بعد نقل کرنی کلام سابق ابن الہمام کی بضمن [illegible]
[illegible] انست کہ اعتماد بر تصحیح و تنقید ائمہ مجتہدین اکابر سلف ست و چون ایشان
حدیثی را [illegible] بقبول کردہ و عمل بدان نمودہ اند انکار و اعتراض بر ایشان بتقلید علمای محدثین کہ
[illegible] شدہ و الزام ایشان بحکم اینجماعہ تحکم و مکابرہ ست و اینکا [illegible] معارضہ
[illegible] فقہاست با محدثین قرار داد محدثین ہمان ست کہ اولا مذکور شد و لیکن فقہا را در ان
مجال [illegible] وسیع ست باین وجہ کہ مذکور شد و این سخن نافع و مفید ست در غرض از شرح

Marfat.com

کہ اثبات وتائید مذہب مجتہدین خصوصاً مذہب حنفی ہے وغرض شیخ ابن الہمام نیز
یہی ہے واللہ اعلم وہو الملہم للصواب انتہی کلام عبد الحق دیکھو یہہ کیسا صریح اقرار ہی اونکا
اس بات پر کہ قرارداد تمام محدثین کا تو یہی تہا کہ بخاری ومسلم کی حدیثین صحیح تر اور راجح ہین
احادیث غیر سے لیکن شیخ ابن الہمام نے واسطے تائید مذہب حنفی کی اسکا خلاف کیا ہی وقال
الشیخ العلامۃ الحبر الفہامۃ فی الدراسات یرید یعنی ابن الہمام بہذا الکلام
الانقداح فیما تمالأت علیہ کلمۃ المحدثین سلفاً وخلفاً المتقدمین والمتاخرین
الا الشیخ المذکور ومن تبعہ من تلامذتہ وبعض الحنفیۃ المتاخرین من الترتیب
بین صحاح الاحادیث وانہا سبعۃ اقسام اعلاہا ما اتفق البخاری ومسلم
ثم ما انفرد بہ البخاری ثم ما انفرد بہ مسلم الی ان قال وغرضہ من ذلک کما
قال الشیخ الدہلوی فی مقدمۃ شرح سفر السعادۃ بعد ما مشاہ ومشاہ
ورضی بما ارتضاہ تائید مصادمۃ الفقہاء الحنفیۃ بالمحدثین ومعارضتہم
ایاہم قال الشیخ الدہلوی ومجال مقال الفقہاء فیما قررہ المحدثون واسع
وقال ای عبد الحق مشیراً الی کلام ابن الہمام السابق وہذا نافع
فی غرضنا من شرح ہذا الکتاب یعنی السفر وہو تائید المذہب الحنفی
وہذا صریح فی اقرارہم بان تائید مذہب الحنفیۃ
الصحیحین کغیرہما من الصحاح بابطال الخصوصیۃ
وانہما ولذا الانقداح المذکور فی الترتیب المتقدم انما لکون ہذا
فی الاغلب علی خلاف ما فی الصحیحین ہذا ما حاولوا وارادوا ولکن اللہ
سبحانہ وتعالی ما شاء کان وما لم یشأ لم یکن انتہی ترجمہ اور کہا شیخ علامہ
دانشمند بڑے فہمیدہ نے دراسات مین کہ ارادہ کرتا ہی ابن الہمام ساتہہ اوس کلام کے توڑنے
اور خلل ڈالنے کا اوس بات مین جسپر متفق ہین تمام محدث اگلے اور پیچہلے بجز شیخ ابن الہمام

اور اوسکی بعض شاگردون کی اور بعضی متاخرین حنفیہ کی وہ کیا بات ہے ترتیب صحیح
حدیثون کی اور یہہ کہ وہ سات قسم مین سب سے بلند درجہ وہ ہے جسپر بخاری مسلم کا اتفاق ہو
اوس سے اوتر گروہ جو اکیلی بخاری کی روایت ہو اوس سے اوتر گروہ جو اکیلی مسلم کی روایت
ہو یہانتک کہ کہا صاحب دراسات نے کہ غرض ابن الہمام کی اس خلل ڈالنے سے تائید ہی مقابلہ
فقہا کی ساتھہ محدثین کی چنانچہ شیخ عبدالحق دہلوی نے اوس غرض کو اوسکی بیان کیا ہے
اور اوسکی مرضی پر راضی ہوکر اور اوسکی چال اختیار کرکے کہا ہی کہ مجال گفتگو فقہا کی اوپر
امر قرار داد محدثین مین فراخ ہی اور عبدالحق نے ابن الھمام کی اس کلام کی طرف اشارہ
کرکی کہا ہی کہ یہہ بات نفع دینے والی اور مفید ہے ہماری مطلب کو جو شرح کرنے سے
اس کتاب سفر السعادۃ کی مقصود ہے وہ کیا ہی تائید حنفی مذہب کی سو دیکھہ لو کہ یہہ صاف
اقرار ہے اوسکا اس بات مین کہ تائید حنفی مذہب کی تب ہی ہوسکتی ہے جبکہ صحیحین اور
دوسری کتابین برابر ہوجاوین اور صحیحین کی خصوصیت صحت اور وثوق کی باطل
ہوجاوی اور نیز اقرار ہی اونکا اس باب مین کہ اونہون نے اس ترتیب کتب صحاح
کو اسیواسطی توڑنا چاہا ہی کہ مذہب اونکا غالبا خلاف احادیث صحیحین کے تہا یعنی
اسلئی اونہون نے صحیحین کی خصوصیت کو اوڑا کر سب کے برابری کا دعوی کیا ہے
انہون نے تو یہہ چاہا لیکن اللہ نے جو چاہا سو ہوا جو نہ چاہا نہ ہوا یعنی صحیحین کا
بلند درجہ ہونا چاہا تہا سو ہو گیا اور اونکی دل کی دل ہی مین رہگی آور صاحب تنبیہ الوسنان
بہی اس حمایت کی طرف مشیر ہین چنانچہ سابقا اوسنے منقول ہوچکا کہ الامام نحریر
الحنفیۃ مولانا المحقق کمال الدین ابن الھمام علیہ التحیۃ والاکرام فانہ
شکر اللہ مساعیہ قد بالغ فی حمایۃ مذھب الامام الاعظم ابی حنیفۃ
الکوفی بتائیدہ بالاحادیث الثابتۃ فی الصحاح والسنن والمسانید
والمعاجم ولم یتیسر لبعض عند تخریج احادیث الھدایۃ فی اکثر المواضع النظر

بلفظ الحدیث الذی ذکرہ صاحب الہدایۃ ولم یظفر فی بعض بشیء منہ
اصلاً انتہی ترجمہ حنفیون کے دستاویز امام ابن الہمام اونپر تحیت اور اکرام انکی سعی
کو اللہ مشکور کری کہ اونہون نے بڑی ہی کوشش کی ہی حمایت کرنی مین مذہب امام
اعظم ابو حنیفہ کوفی کی ساتھہ مدد کرنے اوسکی کی اون احادیث سی جو ثابت ہین صحاح
اور سنن اور مسانید اور معاجم مین اور نہین میسر ہوئی اونکو وقت بیان کرنی سندون
احادیث ہدایہ کی بہت جگہ اطلاع اون الفاظ حدیث پر جو ہدایہ مین مذکور ہین اور بعضی
جگہ اونکو حدیث ہدایہ کا کچھہ بھی پتا نہین ملا پس جواب کا بیان اسقدر بس ہی کہ یہہ کلام
باقرار خود حنفیہ کی محض حمایت اور تائید کی واسطی خلاف اجماع اور قرارداد سلف صالحین کی
سنہ آٹھہ سو آٹھہ تک ایک حیلہ سازی کی راہ سی صادر ہوئی ہی لہذا مردود نامحمود ہے
اور اگر زیادہ تفصیل اسکا مطلوب ہو تو کتاب دراسات اللبیب مین دیکھنا چاہیی اوسمین ابن الہمام کے
کلام اور اوسکی شاگرد ابن امیر حاج کی کلام کو لفظ بلفظ نقل کر کی اچھی دلایل سی اونکی بیخ کنی
کی ہی اور آٹھہ دلیلون کے ساتھہ ثابت کیا ہی کہ حدیث بخاری مسلم کی برابر کسیکی حدیث نہین ہو سکتی
اور قول ابن الہمام کا پوچ اور باطل ہے جب کلام ابن الہمام اور عبد الحق کی یہہ خاک اوڑائی تو عبارت
دلیل قوی کی جو بیچارہ احمد علی سہارنپوری کی تصنیف ہی جو آجکل کے خام مقلدون سے ہی اور
جناب مولانا سند المحدثین مفتی و محب کے شاگردون سے بھی نسبت نہین رکھتا کیا اصل رکھتی ہی کہ
لایق جواب و مستحق خطاب ہو اور یہہ کلام اوسکی جو اصل رسالہ مین کہ بہر حال مقدم را فضیلتی
ہست کہ نمیرسد متاخر را کہ نگاہ میدارد حق وی کہ صحیح و قوی را میگزارد و ضعیف را اخذ میکند الخ
دلیل ہے اوسکی نادانی پر یہہ نسمجھا کہ تقدم زمانی سی فضیلت علمی و بصیرت نظر حاصل نہین ہوتی
بہتیری جاہل زمانہ متقدم مین ہوئے ہین اور بہت عالم متاخر سی افضل نہین گنی جاتی اور بہتیری
علما تابعین سی غیر ثقہ اور بلا تحقیق ہین کہ وہ محدثین سی افضل اور زیادہ ناقد نہین شمار کئی جاتے
اور یہہ بات محدث پر مخفی نہین علاوہ یہہ کہ حاصل کلام احمد علی کا وہی ہے جو مفاد کلام

ابن الہمام اور عبد الحق کا ہی سو جو اوسکا جواب گزرا سو اسکا سمجھا جاوی **بیان کذب وخیانت مخاطب** آپنے شرح عبد الحق کی عبارت نقل کرکی پیچھی اوسکی کہا ہی کذا قال شاہ ولی اللہ پس مطلب اوسکا یہہ ٹہیرا کہ شاہ ولی اللہ نے بہی کہا ہی کہ محدثین کی تقلید سی مجتہدین کی تصحیح وتنقید پر طعن بیجا ہی اور یہہ بات سراسر کذب ہے نعوذ باللہ من الکاذبین جناب شاہ ولی اللہ نی کسی کتاب مین یہہ بات نہین کہی اگر حضرت مخاطب شیخ الکاذبین کو کچہہ غیرت و یا شرم ہو تو شاہ ولی اللہ کی کتاب کا نام لکہی جسمین یہہ بات لکھی ہی اور عبارت اوسکی نقل کری اور جو بعد ختم باقی عبارت کی رسالہ دلیل قوی کا حوالہ دیا ہی اس سی یہہ کذب اور خیانت اوسکی اوٹھہ نہین سکتی بلکہ اور بہی ثابت ہوتی ہے کیونکہ رسالہ دلیل القوی مین وہ عبارت اسطرح نہین جسطرح مخاطب نے نقل کی ہی اور اوسمین کذا قال شاہ ولی اللہ بعد عبارت عبد الحق کی نہین ہے کہ اوسکا اشارہ کلام عبد الحق کی طرف تصور کیا جاوے بلکہ اوسمین کذا قال شاہ ولی اللہ بعد عبارت عجالہ نافعہ مولانا شاہ عبد العزیز کی جو اوسی مطلب کی کہتی ہے منقول ہی اور عبارت عبد الحق کا اوسمین اسمقام مین نام ونشان بہی نہین تمام عبارت اوس رسالہ دلیل قوی کی یہہ ہے وکتب دیگر ہم سوای صحاح ستہ معتبر اند و دران بسیاری از احادیث صحیحہ واجب العمل ہستند وبعضی از ایشان در صحاح ستہ نیست مولانا شاہ عبد العزیز صاحب در عجالہ نافعہ فرمودہ اند کہ موطا گویا ام صحیحین ست وضبط رجال این کتاب مجمع علیہ ست وصحیح بخاری ہر چند در بسط وکثرت احادیث دہ چند موطا باشد لیکن طریق روایت احادیث وتمیز رجال ورواۃ واعتبار واستنباط از موطا آموختہ اند انتہی ملخصا وکذا قال شاہ ولی اللہ وسوای ازین مستدرک حاکم کہ آنچہ از بخاری ومسلم احادیث صحیحہ ماندہ درین کتاب آوردہ وبعضی بر شرط شیخین وبعضی بغیر شرط ایشان وصحیح ابن خزیمہ وصحیح ابن حبان وغیرہا وقطع نظر ازین اگر حدیثی معمول امام اعظم باشد ودیگر محدثین بعد ازو آنرا بضعف منسوب کردہ باشند تضعیف ایشان بہ نسبت امام اعظم قابل حجت نیست الی آخرہا انتہی کلام المخاطب بسرقۃ آخر کلامہ الذی اوردناہ سابقا تو دیکھو اسمین عبارت شیخ عبد الحق کی کہان مذکور ہے اور اشارہ کذا قال شاہ ولی اللہ کا اوسکی طرف کہان متصور ہے انتہی

Marfat.com

ثابت ہوا کہ مخاطب کا عبد الحق کی عبارت کی بعد کذا قال شاہ ولی اللہ کہنا اور شاہ ولی اللہ

کو اپنا اور عبد الحق کا ہم مذہب ٹہیرانا سراسر کذب و خیانت ہی فالی المشتکی اب ناظرین اس تحریر

سی امید ہے کہ اسی خیانت اور کذب کو کافی دلیل وبی دیانتی اور تعصب و بی انصافی مخاطب

تبرائی کی تصور فرماوین **قولہ الرابع** اگرچہ کہ صحیح بخاری بہی حملہ آور اصح الاکتب

کی ہے لیکن گربہ شیرست درگرفتن موش **جوابہ** اقول عائذا باللہ من الکفر والارتداد یہہ کلمہ مخاطب

کا صریح کفر ہی و موجب اہانت حدیث رسول اللہ صلعم کا کیونکہ اسمین احادیث بخاری کو بلی سی

تشبیہ دی ہے اور کتب حدیث کو جنسی بخاری اصح ہی چوہی سی تشبیہ دی ہی اور مطلب اسکا

یہہ ہے کہ بخاری اگرچہ مسلم وغیرہ چوہی کی مانندون کی سامنی بلی کی طرح شیر ہے لیکن اہل

کی سامنی جو شیر کی مانند ہی پھر ہی بلی ہی ہے سو دیکہو کہ اسمین کیسی صاف کہلی اہانت صحیح

بخاری کی بلکہ تمام کتب احادیث کی پائی جاتی ہے اور اہانت حدیث اور رد کرنا اسکا

استخفاف و استحقار سی بلا اختلاف کفر ہے شرح فقہ اکبر ملا علی قاری اور میزان شعرانی اور

کتب فقہ حنفیہ مین یہہ مسایل بکمال تشدید ثابت ہین چنانچہ عبارت شرح فقہ اکبر کی ابتدا میں

جواب قول دوم مخاطب کے گزر چکی ہیہ تو صریح اہانت ہی حدیث کی علماء حنفیہ نے اشارہ

اہانت محدثین کو کفر ٹہیرایا ہی اور ارتداد قرار دیا ہی دیکہو صاحب خلاصہ کیدانی نی اشارہ

بالسبابہ کی مسئلہ مین کہا تہا حرام ہی اشارہ سبابہ سی جیسی اہل حدیث کرتی ہین حسب الاکرام

قاری حنفی نے کہا کہ اس لفظ مین کہ جیسی اہل حدیث کرتی ہین اہانت محدثین کی پائی جاتی

ہے اور یہی کافی ہی اسطی تکفیر کیدانی کی حَیْثُ قَالَ فِی تَزْیِیْنِ الْعِبَارَةِ لِتَحْسِیْنِ الْاِشَارَةِ

وَقَدْ اَغْرَبَ الْکَیْدَانِیُّ حَیْثُ قَالَ وَالْعَاشِرُ مِنَ الْمُحَرَّمَاتِ الْاِشَارَةُ بِالسَّبَّابَةِ کَاَهْلِ

الْحَدِیْثِ اَیْ مِثْلِ اِشَارَةِ جَمَاعَةٍ یَجْمَعُهُمُ الْعِلْمُ بِحَدِیْثِ الرَّسُوْلِ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَهٰذَا

مِنْهُ خَطَاءٌ عَظِیْمٌ وَجُرْمٌ جَسِیْمٌ مَنْشَاُهُ الْجَهْلُ عَنْ قَوَاعِدِ الْاُصُوْلِ وَمَرَاتِبِ

الْفُرُوْعِ مِنَ الْمَنْقُوْلِ وَلَوْلَا حُسْنُ الظَّنِّ وَتَاْوِیْلُ کَلَامِهٖ بِسَبَبِهٖ لَکَانَ کُفْرُهٗ صَرِیْحًا

اذا بلغه صحيحا فهل للمؤمن ان يحرم ما ثبت فعله صلعم ما كاد ان يكون نقله متواترا ويتبع ما عليه عامة العلماء كابرا عن كابر والحال ان الامام الاعظم الهمام الاقدم رح قال لا يحل لاحد ان ياخذ بقولنا ما لم يعرف ماخذه من الكتاب والسنة واجماع الامة والقياس الجلي في المسئلة وقال الشافعي اذا صح الحديث على خلاف قولي فاضربوا قولي على الحائط واعملوا بالحديث الظاهر الى ان قال مع انه يكفي في موجب تكفير الكيداني اهانة المحدثين الذين هم عمدة ائمة الدين المفهوم من قوله كاهل الحديث المفضية الى قلة الادب المفضي بسوء الخاتمة لان من المعلوم ان اهل القرآن اهل الله واهل الحديث اهل رسول الله وانشد في هذا المعنى شعر اهل الحديث هم اهل النبي وان + لم يصحبوا نفسه انفاسه صحبوا + هذا اخر كلام علي القاري قلت ولبعضهم ما يناسب ما انشده شعر دين النبي محمد مختار + نعم المطية للفتى الاثار + لا ترغبن عن الحديث واهله + فالراي ليل والحديث نهار + وقد سلف عن مولانا الاجل شاه ولي الله ان من تهون امر الصحيحين فهو مبتدع متبع غير سبيل المؤمنين انتهى وقد قال الله تعالى ومن يشاقق الرسول من ما تبين له الهدى ويتبع غير سبيل المؤمنين نوله ما تولى ونصله جهنم وساءت مصيرا ترجمه جهانير كها ملا علي قاري ني تزيين العبارة لتحسين الاشارة مين كه بيشك انوكهي بات كهي هے كيداني نے جهان پر كه كها هے كه دسوان حرام على نماز مين اشاره كرنا هے ساتهه انگلی شهادت كی مثل اهل حديث كی يعنی مثل اشاره كرنے جماعت علماے حديث رسول الله صلى الله عليه وسلم كے اور يه بات كيدانی كی بهاری خطا اور بڑا جرم هے سبب اسكا جاهل هونا هے كيدانی كا اصول كی قاعدون سے اور روايات فرعيه كی مراتب سے اور اگر حسن ظن هوتا اور بمقتضاے حسن ظن كی اوسكے

Marfat.com

کلام مین تاویل کیجاتی تو اوس کیدانی کا کفر صاف صاف اور مرتد ہونا ٹہیک ٹہیک
ثابت ہوچکا تہا بہلا کسی مومن کو یہہ پہونچ سکتا ہی کہ حرام کہی فعل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
یعنی اشارہ تہ کو جسکی نقل قریب ہے کہ متواتر ہو جاوی اور منع کری اوس فعل سی جسپر تمام علما
بڑون سی بڑونکا اتفاق چلا آتا ہی حالانکہ امام بزرگ اور سردار مقدم یعنی ابو حنیفہ رح نے
فرمایا ہے کہ حلال نہین کسیکو کہ میری قول کو قبول کری جبتک نجانلی اوسکی اصل قرآن
یا حدیث یا اجماع یا روشن قیاس سے اور کہا امام شافعی نی جبکہ صحیح ہو حدیث برخلاف قول
میری کی تو دی مارو میری قول کو دیوار پر اور عمل کرو حدیث ظاہر پر یہانتک کہ کہا ملا علی
قاری نی باوجود اس وجہ کا فر کہنی کیلئے کی کافی ہے وجہ کا فر کہنی اوسکی کی یہہ کہ اوس نی
محدثین کی جو عمدہ اماماں دین مین سی ہین اہانت کی ہے چنانچہ وہ اہانت اوسکی اس لفظ سی کہ مشکل
اہل الحدیث کی اشارہ نکرنا چاہیے سمجھی جاتی ہے جس سی اوسکا کم ادب ہونا جو برائی خاتمہ کی
طرف لیجاتا ہی نکلتا ہی یہہ اسلئی کہ یقینی بات ہی کہ اہل حدیث اہل رسول اللہ صلعم کی ہین چنانچہ
اس باب مین کسینی شعر کہا ہی جسکا یہہ مضمون ہے کہ اہل حدیث انحضرت صلعم کی اصحاب
ہین کیونکہ اگرچہ اونہون نے انحضرت صلعم کی ذات شریف کی صحبت نہین پائی لیکن انکی
انفاس قدسی یعنی کلمات پاک کی تو ہم صحبت ہین یہہ ہے آخر کلام ملا علی کا — مین کہتا ہون کہ
اسی شعر کی مناسب ہے جو اوکسینی یہہ مضمون شعر مین ادا کیا ہی کہ دین انحضرت صلعم کا پسندیدہ
اور واسطی آدمی کی آثار مروبہ خوب سواری ہے یعنی منزل مقصود کا وسیلہ ہی مت پہیر
مونہہ اپنا حدیث اور حدیث والون سے کیونکہ رای اور عقل اندہیری رات ہی اور حدیث روشن
دن ہے فقط اور اس سے پہلی شاہ ولی اللہ سی منقول ہوچکا ہی کہ جو کوئی صحیحین کے شان کو ہلکا
جانی وہ بدعتی ہے مومنون کی راہ سی الگ راہ لینیوالا اور اللہ تعالی فرماتا ہی جو کوئی مخالفت
کری رسول اللہ صلعم کی بعد اسکی کہ اوسکو رستہ معلوم ہوچکا اور پیچہی لگے اوس راہ کی جو
مومنون کی راہ نہین پہیرینگے ہم اوسکو جدہر پہرتا ہی اور داخل کرینگے ہم اوسکو دوزخ مین

Marfat.com

اور وہ کیا بڑی بیدینی کی جا ہے اب حضرت مخاطب کی جناب مین بنظر الدین النصیحۃ کی حسبۃ
للہ التماس ہے کہ اس کلمہ توہین حدیث سی توبہ کرین اور گفتگوی نفسانی مین ایمان سی ہاتھ
دہو بیٹھین وما علینا الا البلاغ **قولہ الخامس** دوم آنکہ صاحب ہدایہ خود مجتہد مطلق مشہور
قول اوسکا پانچوان
شرعًا قول مجتہد باجتہاد غیر رد نہین ہوتا اجماعًا چنانچہ صفحہ ۲۳ ۔ فی الاشباہ القاعدۃ اولی
الاجتہاد لا ینقض بالاجتہاد **الجواب** اقول اسکے دو جواب ہین اول یہہ کہ صاحب ہدایہ کو مجتہد
جواب اوسکا
مطلق کہنا محض بیخبری اور بیخبری ہی کیونکہ **علمای مسلمین سے** آجتک صاحب ہدایہ کو مجتہد
قرار دینا یا سبھی اوسکو مقلدین سی شمار کرتی ہین پس مجتہد کہنا مخاطب کا صاحب ہدایہ کو
سوای کذب اور دہوکہ دہی یا جہل اور ناواقفی کی کیا تصور کیا جاوی قال الملا علی القاری
فی سم القوارض فی رد الروافض قال کمال باشا ان الفقہاء علی سبع طبقات
الاولی طبقۃ المجتہدین فی الشرع کالائمۃ الاربعۃ والثانیۃ طبقۃ المجتہدین
فی المذہب کابی یوسف ومحمد وسائر اصحاب ابی حنیفۃ والثالثۃ طبقۃ المجتہدین
فی المسائل التی لا روایۃ فیہا عن صاحب المذہب کالخصاف وابی جعفر
الطحاوی وابی الحسن الکرخی وشمس الائمۃ الحلوانی وشمس الائمۃ السرخسی
وفخر الاسلام البزدوی وقاضیخان والرابعۃ طبقۃ اصحاب التخریج کالفخر
الرازی واضرابہم فانہم لا یقدرون علی الاجتہاد اصلا لکنہم لاحاطتہم
بالاصول وضبطہم للماخذ یقدرون علی تفصیل قول مجمل وحکم مبہم
والخامس اصحاب الترجیح من المقلدین کابی الحسن القدوری وصاحب
الہدایۃ انتہی مختصرا ملخصا وہکذا فی شرح الدر المختار وغیرہا من
کتب طبقات الحنفیۃ **ترجمہ** کہا ملا علی قاری نی اپنی رسالہ سم القوارض مین
جو رافضیون کی رد مین ہے کہ کہا کمال باشانی فقہا کی سات درجہ ہین پہلا درجہ مجتہدین
شریعت کا جیسی ائمہ اربعہ یعنی مالک ابو حنیفہ شافعی احمد رح دوسرا درجہ مجتہدین

Marifat.com

مذہب کا جیسی ابو یوسف محمد اور باقی شاگرد ابو حنیفہ کی رح تیسرا درجہ مجتہدین مسایل کا
جو امام سی فرد ہی نہین جیسی خصاف طحاوی کرخی شمس الائمہ حلوانی شمس الائمہ سرخسی
فخر الاسلام بزدوی قاضیخان چوتہا درجہ اونکا جو مجتہدون کی اقوال سے اور مسایل
نکالتی ہین جیسے فخر الدین رازی اور گروہ اونکا کیونکہ یہہ لوگ اجتہاد پر تو قادر نہین
لیکن چونکہ قاعدون پر وہ احاطہ رکہتی ہین اور اصول کو پہچانتی ہین اسلئی قادر ہین ایہہ
کہ مجمل بات کو مفصل کردین اور ایک حکم سی کئی باتین نکالین پانچوان درجہ مقلدون کا
جو ایک مسئلہ کو دوسری پر ترجیح دی سکین جیسی قدوری اور صاحب ہدایہ تمام ہوا مطلب
سہم القوارض کا مختصراً یعنی ذکر چہٹے اور ساتوین درجہ کا مع باقی تفصیل کے اسمین چہوڑ دیا
اور ایسا ہی ذکر طبقات در مختار کی شرحون اور کتب طبقات حنفیہ مین مسطور ہی **جواب دوم**
یہہ کہ اگرچہ مجتہد کا قول دوسری مجتہد کی قول سی رد نہین ہوسکتا ہی لیکن حدیث رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم سی تو باتفاق تمام مسلمین کے رد ہوسکتا ہی اور اسمین تو بجز منافق اور
مصداق من یشاقق الرسول کی کسیکو دم ماری کی جگہ نہین چنانچہ بذیل ثبوت دعوی
ثالث کی ثابت ہو چکا ہی سو حضرت مجیب کی نزدیک بہی حدیث ہی کی نظر سی بخاری
کی ساتہہ ہدایہ واجب الرد ہی چنانچہ تفصیل اسکی مقام تمہید صورت نزاع مین گزر چکی
نہ یہہ کہ اجتہاد بخاری سی اجتہاد صاحب ہدایہ کا مردود ہی پس یہہ قاعدہ اشباہ کا
جسکا مفاد عدم نقض اجتہاد مجتہد باجتہاد غیر ہی نہ عدم نقض اجتہاد مجتہد بحدیث رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قول حضرت مجیب کے منافی ہنوا بلکہ بدعای مخاطب سی اجنبی ٹہیرا
اور یہہ مخاطب کا قول کہ ایک نکتہ ہم اور سکہاتی ہین محض فضول ہے کیونکہ یہہ نکتہ
نفیسہ تو بعینہا اشباہ والنظایر مین بعد بیان اوس قاعدہ منقولہ جنابکی موجود ہی
اوسکو قاعدہ اشباہ سی علیحدہ اپنی طبع نکتہ زا کا نتیجہ قرار دینا بجز فضولی کی کیا تصور
کیا جاوی **قولہ السادس** اگرچہ کہ شرح سفر السعادۃ ومیزان الکبری ضعیف

مخاطب کا چہٹا قول ۱۲

Marfat.com

ہدایہ ہر جا موجود چہ سود الی قولہ چنانچہ در شرح سفر السعادۃ صفحہ ۵۴۱ وکتاب ہدایہ کہ در دیار مشہور و معتبرین کتاب ست نیز درین وہم انداختہ چہ مصنفش سرح در اکثر جا کار بدلیل معقول نہادہ اگر حدیثی آوردہ نزد محدثین خالی از ضعفی نہ غالباً اشتغال آن استاد در حدیث کمتر بودہ ست ولیکن شرح شیخ ابن الہمام جزاہ اللہ خیراً تلافی آن نمودہ

جوابہ قربان تمہاری اس فہم وذکا و طبع نکتہ زا کی کہ کلام شیخ کو جو سراسر ہجو اور مذمت ہدایہ کی ہی مدح اور توصیف سمجھی ہو **فرد** بامن از جہل تقابل شدہ نا منفعل اگر ش ہجو کنم میشودش مدح عظیم ✣ آپنی لفظ معتبر اور مشہور کی گھمنڈ پر اس عبارت کو توصیف ہدایہ سمجھ لیا ہی اور یہہ نہ سمجھا کہ شہرت و اعتبار اسکا مقلدین حنفیہ مین کس کام ہی جس حالت مین کہ بنا اوسکی احادیث ضعیفہ پر ہی اور اکثر جگہ مبنی اوس کا عقل اور رای ہی یہان تک کہ اوسکی سبب سے حنفیون کا مذہب بدنام ہوا اور ضعیف مشہور ہوا اور انکا لقب اصحاب الرای ٹھیرا اصل مشہور ہے **مصرع** بدنام کنی نام نکونامی چند ✣ اور یہی ہی مقصود شیخ عبد الحق کا اوس عبارت سی جسکو تمنی توصیف ہدایہ کی سمجھ کر نقل کیا ہی چنانچہ پہلی یہہ اہتمام لوگون کی شرح سفر السعادۃ مین ذکر کی پھر وہ عبارت فرمائی ہی اور کہا ہی کہ کتاب ہدایہ کہ در دیار مشہور معتبرترین کتابہاست نیز درین وہم انداختہ الخ یہانتک کہ کہا کہ اسکی بنا اکثر جگہ عقل اور جو حدیث لاتا ہی ضعف سی خالی نہین ہوتی اور مؤلف اسکا حدیث مین کم شغل رکھتا تھا اور شیخ ابن الہمام نی اسکی تلافی اور جبر نقصان کیا ہی پس ادنی اہل عقل وانصاف پر بھی مخفی نرہیگا کہ یہہ عبارت شیخ کی سراسر مذمت ہی ہدایہ کی نہ تعریف و توصیف اوسکی جیسا کہ حضرت مخاطب نامنفعل کی طبع نکتہ زا مین سمایا ہی **قولہ**

تا آن قول اوسکا

السان **لع** وہمچنین میزان الکبری ص ۴ فَاِنَّ خَصَّصْتُهٗ بِمَزِيْدِ اِعْتِنَاءٍ وَطَالَعْتُ عَلَيْهِ كِتَابَ تَخْرِيْجِ اَحَادِيْثِ كِتَابِ هِدَايَةٍ لِلْحَافِظِ الزَّيْلَعِيِّ وَغ

Marfat.com

جوابه اگر اس عبارت مین لفظ خصصه بمزید اعتناء کو توصیف ہدایہ کی سمجہا ہی
اوسکا جواب ۲
تو سراسر غلطی ہی یا دہوکہ دہی کیونکہ ضمیر منصوب خصصه کی اوس کلام مین ہدایہ کی
طرف نہین پہرتی اسلئی کہ ہدایہ کا اسکی پہلی ذکر ہی نہین بلکہ ضمیر اوسکی طرف مذہب
امام ابوحنیفہ کی پہرتی ہی اور اوسی کا پہلی خصصه کی ذکر ہی چنانچہ ابتدا مین اوسکی
کہا ہی اعلم یا اخی انّنی طالعت بحمد الله ادلّة المذاهب الاربعة وغیرها
لاسیّما ادلّة مذهب الامام ابی حنیفة رضی الله عنه فانّی خصصته
بمزید اعتناء الخ پس خصصته کی ضمیر کو ہدایہ کی طرف پہیرنا اور اس جملہ کو ہدایہ کی
تعریف سمجہنا بجز غلط فہمی یا دروغ گوئی کی کیا سمجہا جاوی اور اگر جملہ طالعت
علیه کتاب تخریج الهدایة کو توصیف سمجہا ہی تو بہی غلطی ہے اسلئی کہ مطالعہ سی
تخریج ہدایہ کی خود ہدایہ کا وثوق و اعتبار ثابت نہین ہوتا یہہ ہی دہوکہ دہی **قوله الثامن** بخاری
شریف در میزان صفحه ۷۰ ومن خرج لهم الشیخان مع کلام الناس فیهم
جعفر ابن السلیمان الضبعی الخ **جوابه** اقول عائذا بالله من کید الخائنین
امام شعرانی نی میزان مین یہہ کلام واسطی رفع جرح کی رواۃ بخاری سی فرمایا ہے
اور اسمین بعض رواۃ بخاری کو جسمین کچہہ طعن تہی ذکر کر کی پہر اوسکا جواب
دیا ہی اور صحیح بخاری کی تعدیل و توصیف فرمائی ہی چنانچہ کہا ہی قال الحافظ
المزّی والحافظ الزیلعی رح وممن خرج لهم الشیخان مع کلام الناس
فیهم جعفر بن سلیمان الضبعی والحارث بن عبید وایمن بن نابل الحبشی
الی ان قال وابی اویس لکن للشیخین شروط فی الروایة عمّن تکلّم الناس
فیه منها انهم لا یروون عنه الا ما توبع علیه وظهرت شواهده
وعلموا ان له اصلا فلا یروون عنه ما انفرد به او خالفه فیه
الثقات وذلك كحديث ابی اویس الذی رواه مسلم فی صحیحه

Marfat.com

مرفوعاً يقول الله عز وجل قسمت الصلوة بيني وبين عبدي
نصفين الحديث مع انه لم يتفرد به رواه غيره من الثقات كذالك
منهم الامام مالك وشعبة وابن عيينة رضي الله عنهم فما
حديثه متابعة الى ان قال فقد بان لك انه ليس لنا ترك حديث كل من
تكلم الناس فيه بمجرد الكلام فربما يكون قد توبع عليه وظهرت شواهده

الخ **ترجمہ** کہا حافظ مزی نے اور حافظ زیلعی نے کہ ایک دن راویون سی جنکی حق مین
لوگون نے کلام کیا ہی اور شیخین نے اونکی حدیث روایت کی ہے جعفر بن سلیمان ضبعی ہے
اور ایک حارث بن عبید اور ایک ایمن بن نابل حبشی ہے یہانتک کہ گنتی گنتی کہا کہ ایک
ابو اویس لیکن در حقیقت شیخین نے یون ہی روایت نہین کری بلکہ شیخین نے ان لوگون کی
روایتون مین کئی شرطین لگا رکھی ہین ایک یہہ کہ شیخین اوسی وہی روایت لاوینگی جنہین
انکی ساتھہ اور راوی ثقہ بہی شامل ہون اور اونکی روایتون کی شواہد پائی جاوین اور
شیخین خوب جان لین کہ انکی حدیث کی اصل ثابت ہی اور یہہ نہین کہ ان راویون کی اکیلی
حدیث یا وہ حدیث جو اور ثقات کی مخالف ہو روایت کرین مثال اسکی حدیث ابو اویس
کی ہی جو مسلم نے اپنی کتاب صحیح مین روایت کی ہی انحضرت سی کہ اللہ جل شانہ نے فرمایا
کہ مینی نماز کو یعنی سورہ فاتحہ کو اپنی مین اور اپنی بندی مین آدہون آدہ کر دیا ہی سو
دیکھو اس حدیث مین ابو اویس اکیلا ہی راوی نہین بلکہ یہہ حدیث سوا ہی اوسکی اور
ثقہون سی بہی اسیطرح مروی ہی چنانچہ امام مالک اور شعبہ اور سفیان بن عیینہ پر سے
بہی ایسی ہی آچکی ہے اور اس حدیث مین ابو اویس کے ساتھہ وہ لوگ بہی شامل ہین
یہانتک کہ کہا شعرانی نے کہ اس بیان سی تجہی معلوم ہوگیا ہی کہ ہمکو یہہ گنجایش نہین
کہ فقط لوگون کی کلام اور اعتراض کرنی سی کسیکی حق مین اوسکی حدیث کو ترک
کر دین کیونکہ کبھی اوسکی حدیث اور ثقہون سی بہی مروی ہوتی ہے اور اوسکی شو

Marfat.com

ظاہر ہوجاتی ہین تمام ہوا مطلب امام شعرانی کا اور اس کلام سی پانچ سطر پہلی امام شعرانی نی فرمایا ہی اِنَّ مُجَرَّدَ الْکَلَامِ فِی شَخْصٍ لَا یُسْقِطُ مَرْوِیَّہُ فَلَا بُدَّ مِنَ الْفَحْصِ عَنْ حَالِہٖ وَقَدْ خَرَّجَ الشَّیْخَانِ لِخَلْقٍ کَثِیْرٍ مِمَّنْ تَکَلَّمَ النَّاسُ فِیْہِمْ **ترجمہ** فقط لوگونکی اعتراض کسی راوی مین اوسکی روایت کو ساقط نہین کرتی بلکہ تحقیق اوسکی حال کی لازم ہوتی ہی اور کیونکر ساقط ہو جسحالت مین شیخین نے بہتیری راویون سی جو محل کلام ہین روایتین کی ہین یعنی یہہ وہ بحکم بیان مذکور ساقط نہین گنی جاتین اب ان عبارات کو امام شعرانی کی دیکھنا چاہیی کہ کسطرح طعن مخالفین کو رواۃ بخاری سی دفع کر رہی ہین اور کس تشریح سی توثیق و تنزیہہ صحیح بخاری کی بجا لا رہی ہین مخاطب سارق نی اوس طعن مخالفین کو ان عبارات سی انتخاب کر کی شعرانی کی طرف منسوب کر دیا اور اصل کلام شعرانی کو جو اس طعن کے جواب مین اور بخاری کی تنزیہہ و توثیق مین مرقوم ہی از راہ خیانت و سرقہ چھپا لیا فعلی اللہ الجزاء **اور عنقریب** بھی جوابات طعن رواۃ صحیح بخاری و صحیح مسلم کی بشرح و بسط تمام لکھے جاوینگی انشاء اللہ تعالی **قولہ التاسع** اتنی سی عبارت مذکور کے کہ مند پر ترجیح بخاری شریف کو بجمیع کتب فقہ متفق کے دیکھا **جوابہ** اتنے ہی عبارت پر بحکم انکہ العاقل تکفیہ الاشارۃ اکتفا کیا گیا آپ چونکہ کسی نے اسکو اتنی سے سمجھا تو دیکھا بضمن ثبوت دعوی اول کی بجواب قول ثانی تمہاری کی کیسا عداوت سلف خلف کا جھاڑ باندہ دیا اب بی اگر حق نہ سوجھی تو خدا حافظ **قولہ العاشر** شیخ موصوف بصفحہ ۲۰ شرح سفر السعادۃ فرمایا ہی وکتب ستہ کہ مشہور اند دران اقسام احادیث از صحاح و حسان و ضعیف موجود و تسمیہ صحاح بطریق تغلیب **جوابہ** یہہ حکم تغلیب مجموعہ صحاح ستہ بنظر کتب اربعہ یعنی ترمذی وابوداود و نسائی و ابن ماجہ کی ہے نہ ہر جزو مجموعہ پر کیونکہ باجماع مسلمین سلف و خلف کی بخاری و مسلم مجرد صحاح سی مولف ہین چنانچہ بضمن ثبوت دعوی اول

Marfat.com

بجواب قول ثانی مخاطب کی گزر چکا ہی اور خود شیخ عبدالحق کی کلام مین یہہ تخصیص حکم
تغلیب کی کتب اربعہ ہی پائی جاتی ہے چنانچہ مقدمہ اصول حدیث مین جو مشکوۃ
مطبوع کی اول لگا ہا ہی کہتا ہی فصل الکُتُبُ السِّتَّۃُ المشہورۃُ المقرَّرۃ
فِی الاسلامِ الَّتی یُقالُ لھَا الصِّحاحُ السِّتُّ صحیحُ البُخاریّ وصحیحُ المسلمِ و
الجامعُ للترمذیّ والسُّنَنُ لابی داوٗد والنسائیّ وسُنَنُ ابنِ ماجۃ
وعِندَ البعضِ المُوطّا بدلَ ابنِ ماجۃ وصاحبُ جامعِ الاُصولِ اختار
المُوطّا وفی ہٰذہِ الکُتُبِ الاربعۃِ اقسامٌ مِن الصِّحاحِ والحِسانِ و
الضِّعافِ وتسمیتُھا بالصِّحاحِ السِّتّۃِ بطریقِ التغلیبِ انتہی کلامُ الشیخِ
الموصوفِ ترجمہ فصل چھہ کتابین مشہور مقرر اسلام مین جنکو صحاح ستہ کہتی
ہین یہہ ہین صحیح بخاری صحیح مسلم جامع ترمذی سنن ابی داود وسنن نسائی
وسنن ابن ماجہ اور بعض کے نزدیک ابن ماجہ کی جگہ موطا مقرر ہے اور صاحب
جامع الاصول نے اسی کو گنا ہی اور ان چار کتابون مین یعنی ترمذی ابو داود
اور نسائی اور ابن ماجہ مین ہر قسم کی حدیثین صحیح اور حسن اور ضعیف موجود ہین
پھر سب کو صحاح کہا جاتا ہی تغلیبا کہا جاتا ہی تمام ہوا کلام شیخ کا اب
دیکھو لفظ فی ہذہ الکتب الاربعۃ تمہاری فہم کو کیسا جھٹلا رہا ہی اور کیا بلند آواز سے
منادی ہے کہ حکم تغلیب کتب اربعہ سی خاص ہے اور صحیحین کو شامل نہین
ایسا ہی کہا ہے بیچ بیان مطلب عبارت شیخ کی انکی پیشوا صاحب رسالہ دلیل قوی
نے حیث قال در صحاح ستہ سوای بخاری ومسلم احادیث ہر قسم از صحاح وحسان
وضعاف موجود وتسمیہ بصحاح تغلیبی ست چنانچہ شیخ عبدالحق در مقدمہ ترجمہ مشکوۃ گفتہ
کتب ستہ کہ مشہور اند در ان اقسام احادیث از صحاح وحسان وضعاف موجود وتسمیہ
بصحاح بطریق تغلیب ست انتہی وبخاری ومسلم اگرچہ التزام این امر کردہ کہ حدیث

Marfat.com

غیر صحیح در صحیحین خود نیارند الخ **قوله الحادی عشر** تا تحت ادیم السماء اصح
من موطا مالک الخ **جوابه** یہہ قول قبل وجود صحیح بخاری کی تہا اور جب
نیر اعظم بخاری نی طلوع کیا تو اوسکی نور نی سب پر غلبہ کر لیا چنانچہ یہہ امر کئی علما
سی بضمن ثبوت دعوی اول بضمن رد قول ثانی مخاطب کی نقل کیا گیا **قوله**
الثانی عشر ونیز بانیکه فرمود شیخ موصوف در شرح سفر السعادة صفحه ۱۸
اخراج کرده است مسلم در کتاب خود بسیاری از رواة که سالم نیستند از غوائل جرح
وهمچنین در کتاب بخاری جماعة اند که تکلم کرده شده ست در ایشان پس مدار کار در حق وی
براجتهاد علما وصوابدید ایشان باشد **جوابه** شیخ عبدالحق نی یہہ کلام ابن
ہمام کا ترجمہ کیا ہی چنانچہ شروع ترجمہ مین ابن الہمام کا نام لیا ہی اور بعد ختم
ترجمہ کی کہا ہی کہ حاصل اس سخن کا یہہ ہے کہ اعتماد بر تصحیح و تنقید مجتہدین ہی چاہیے
یہانتک کہ کہا کہ یہہ بات بڑی مفید ہے واسطی غرض ہماری کی جو تایید ہی
مذہب کی خصوصاً حنفی مذہب کی اور غرض ابن الہمام کی بہی اس کلام سی یہی ہے
یہہ ہی ترجمہ کلام شیخ کا اور اصل کلام سابقاً بضمن رد قول ثالث آچکا ہی
اس سی ثابت ہوا کہ یہہ قدح ابن الہمام کا در رواة مسلم و بخاری مین محض بسبب
حسد کی ہی شان صحیحین مین اور صرف بنظر حمایت و تایید مذہب حنفی کی صادر ہوا ہے اور
کلام عدو و حاسد کا ہی نہ منصف عادل کا کہ لایق خطاب او مستوجب جواب ہو
باینہمہ اسکا جواب لکہا جاتا ہی پس واضح ہو کہ جوابات مطاعن رواة شیخین کے
صدہا علمای حدیث نی اجمالاً و تفصیلاً تحریر کئی ہین چنانچہ سابقاً بضمن ثبوت
دعوی اول کی بجواب قول ثانی مخاطب کے صاحب دراسات اور امام سیوطی اور
عطار رشید اور عراقی اور شیخ الاسلام ابن حجر عسقلانی کی کلام سی مجمل جوابات گزر چکی
ہین اور بضمن جواب قول ثامن مخاطب کی ایک جواب امام شعرانی کی طرف سی

Marfat.com

نقل کیا گیا اب اس مقام میں مفصل جوابات کلام سے شیخ ابن حجر اور امام نووی
کی جو اور اماموں کی کلام سے جیسے امام ابو الفتح قشیری اور امام ابو الحسن المقدسی
اور امام ابو عمرو بن الصلاح شہرزوری تمسک میں نقل کی جاتی ہیں قال
الشیخ الامام رئیس الاسلام ابن حجر فی مقدمة فتح الباری شرح
صحیح البخاری ینبغی لکل منصف ان یعلم ان تخریج صاحب الصحیح
ای راو کان مقتض لعدالته عنده وصحة ضبطه وعدم غفلته ولاسیما
ما انضاف الی ذلک اطباق جمهور الائمة علی تسمیة الکتابین
بالصحیحین وهذا المعنی لم یحصل لغیر من خرج عنه فی الصحیحین
فهو بمثابة اطباق الجمهور علی تعدیل من ذکر فیهما هذا اذا اخرج
له فی الاصول فاما ان اخرج له فی المتابعات والشواهد والتعالیق
فهذا یتفاوت درجات من اخرج له فی الضبط وغیره مع حصول
اسم الصدق لهم وحینئذ اذا وجدنا لغیره فی احد منهم طعنا
فذلک الطعن مقابل للتعدیل لهذا الامام فلا یقبل الا مبین
السبب مفسرا بقادح یقدح فی عدالة هذا الراوی وفی ضبطه
مطلقا او فی ضبط الخبر بعینه لان الاسباب الحاملة للائمة
علی الجرح متفاوتة منها ما یقدح ومنها لا یقدح وقد کان الشیخ
ابو الحسن المقدسی یقول فی الرجل الذی یخرج عنه فی الصحیح
هذا جاز القنطرة یعنی بذلک انه لا یلتفت الی ما قیل
فیه قال الشیخ ابو الفتح القشیری فی مختصره وهکذا نعتقد
وبه نقول ولا نخرج عنه الا بحجة ظاهرة وبیان شاف
یزید فی غلبة الظن علی المعنی الذی قدمناه من اتفاق

Marfat.com

النَّاسِ بَعْدَ الشَّيْخَيْنِ عَلَى تَسْمِيَةِ كِتَابَيْهِمَا بِالصَّحِيحَيْنِ وَمِنْ لَوَازِمِ ذٰلِكَ تَعْدِيلُ
رُوَاتِهِمَا قُلْتُ فَلَا يُقْبَلُ الطَّعْنُ مِنْهُمْ إِلَّا بِقَادِحٍ وَاضِحٍ لِأَنَّ أَسْبَابَ الْجَرْحِ
مُخْتَلِفَةٌ وَمَدَارُهَا هٰهُنَا عَلَى خَمْسَةِ أَشْيَاءَ الْبِدْعَةُ أَوِ الْمُخَالَفَةُ أَوِ الْغَلَطُ
أَوْ جَهَالَةُ الْحَالِ أَوْ دَعْوَى الِانْقِطَاعِ فِي السَّنَدِ بِأَنْ يَدَّعِيَ فِي الرَّاوِي
أَنَّهُ كَانَ يُدَلِّسُ أَوْ يُرْسِلُ فَأَمَّا جَهَالَةُ الْحَالِ فَمُنْدَفِعٌ عَنْ جَمِيعِ مَنْ
أَخْرَجَ لَهُمْ فِي الصَّحِيحِ لِأَنَّ شَرْطَ الصَّحِيحِ أَنْ يَكُونَ رَاوِيهِ مَعْرُوفًا
بِالْعَدَالَةِ فَمَنْ زَعَمَ أَنَّ أَحَدًا مِنْهُمْ مَجْهُولٌ فَكَأَنَّهُ نَازَعَ الْمُصَنِّفَ
فِي دَعْوَاهُ أَنَّهُ مَعْرُوفٌ وَلَا شَكَّ أَنَّ الْمُدَّعِيَ لِمَعْرِفَتِهِ مُقَدَّمٌ عَلَى
مَنْ يَدَّعِي عَدَمَ مَعْرِفَتِهِ لِمَا مَعَ الْمُثْبِتِ مِنْ زِيَادَةِ الْعِلْمِ وَمَعَ ذٰلِكَ
فَلَا تَجِدُ فِي رِجَالِ الصَّحِيحِ أَحَدًا مِمَّنْ يَسُوغُ إِطْلَاقُ اسْمِ الْجَهَالَةِ
عَلَيْهِ أَصْلًا وَأَمَّا الْغَلَطُ فَتَارَةً يَكْثُرُ مِنَ الرَّاوِي وَتَارَةً يَقِلُّ فَحَيْثُ
يُوصَفُ بِكَوْنِهِ كَثِيرَ الْغَلَطِ يُنْظَرُ فِيمَا أَخْرَجَ لَهُ إِنْ وُجِدَ مَرْوِيًّا
عِنْدَهُ أَوْ عِنْدَ غَيْرِهِ مِنْ رِوَايَةِ غَيْرِ هٰذَا الْمَوْصُوفِ بِالْغَلَطِ
عُلِمَ أَنَّ الْمُعْتَمَدَ أَصْلُ الْحَدِيثِ لَا خُصُوصُ هٰذَا الطَّرِيقِ وَإِنْ
لَمْ يُوجَدْ إِلَّا مِنْ طَرِيقِهِ فَهٰذَا قَادِحٌ يُوجِبُ التَّوَقُّفَ عَنِ
الْحُكْمِ بِصِحَّةِ مَا هٰذَا سَبِيلُهُ وَلَيْسَ فِي الصَّحِيحِ بِحَمْدِ اللهِ مِنْ ذٰلِكَ
شَيْءٌ وَحَيْثُ يُوصَفُ بِقِلَّةِ الْغَلَطِ كَمَا يُقَالُ سَيِّئُ الْحِفْظِ أَوْ لَهُ أَوْهَامٌ
أَوْ لَهُ مَنَاكِيرُ وَغَيْرُ ذٰلِكَ مِنَ الْعِبَارَاتِ فَالْحُكْمُ فِيهِ كَالْحُكْمِ فِي الَّذِي
قَبْلَهُ إِلَّا أَنَّ الرِّوَايَةَ عَنْ هٰؤُلَاءِ فِي الْمُتَابَعَاتِ أَكْثَرُ مِنْهَا عِنْدَ
الْمُصَنِّفِ مِنَ الرِّوَايَةِ عَنْ أُولٰئِكَ وَأَمَّا الْمُخَالَفَةُ وَيَنْشَأُ عَنْهَا
الشُّذُوذُ وَالنَّكَارَةُ وَهٰذَا لَيْسَ فِي الصَّحِيحِ سِوَى نَزْرٍ يَسِيرٍ وَ

اما دعوى الانقطاع فمدفوعة عمن اخرج لهم البخاري لما علم من شرطه ومع ذلك فحكم من ذكر من رجاله بتدليس او ارسال ان تيسّر احاديثهم الموجودة عنده بالعنعنة فان وجد التصريح بالسماع اندفع الاعتراض واما البدعة فالموصوف بها اما ان يكون ممن يكفر بها او يفسق فالمكفّر بها لا بد ان يكون ذلك التكفير متفقا عليه من قواعد جميع الائمة كما في غلاة الروافض وليس في الصحيح من حديث هؤلاء شيء البتة والمفسق بها كبدع الخوارج والروافض الذين لا يغلون وغير هؤلاء من الطوائف المخالفين لاصول السنة خلافا ظاهرا لكنه مستند الى تاويل ظاهره سائغ فقد اختلف اهل السنة في قبول حديث من هذا سبيله الى اخر ما فصله ورتبه شان الجامع الصحيح فا قد نقلنا كلامه بنحو من الاختصار **ترجمه** کہا شیخ امام اسلام زین شیخ ابن حجر نے مقدمہ فتح الباری شرح صحیح البخاری مین کہ لایق ہے واسطے ہر مصنف کی کہ جانی کہ روایت کرنا صحیح کتاب کی مصنف یعنی بخاری کا کسی راوی کی حدیث کو چاہتا ہی کہ وہ راوی اوسکی نزدیک عادل ہو اور اوسکا ضبط صحیح ہو اور وہ غافل نہو خاصکر اوسوقت یہہ باتین ضروری معلوم ہوتی ہین جبکہ مقتضای صحت کی ساتھہ اس بات کو بھی ملادین کہ جمہور علما متفق ہین انکی کتابون کی صحیحین نام رکھنی پر اور یہہ بات سوای اون راویون کی جنسی شیخین نے روایت کی ہی کسی مین پائی نہین جاتی اور یہہ بات نہایت اتفاق جمہور کی ہی اوپر عادل ہونی راویون صحیحین کی لیکن یہہ بات اوس راوی کی شان مین ہی جس سی اصل مقصود وابستہ ہو نہ وہ جس سی شواہد اور متابعات اور تعلیقات مین روایت ہو سو حال اوسکا ضبط اور عدل وغیرہ کی نظر سی مختلف ہے

باوجود اسکی کہ نام صدق اوسپر بہی بولا جاتاہی پہر جبکہ پاوین ہم کسی راوی مین اونمین سہی کسیکا طعن واعتراض تو وہ طعن مقابل ہوگا عادل جاننی اوس امام کی جسنی اوس راوی کو قبول کرلیا ہی سو وہ طعن مقبول نہوگا جبتک کہ اوسکا سبب ایسا کہلا کہلا بیان نہو جس سی اوسکی عدالت ٹوٹ جاوی یا اوسکا ضبط ٹوٹ جاوی یا خاصکر کسی حدیث مین اوسکی ضبط کا خلل ثابت ہو یہہ اسواسطی شرط کی گئی ہے کہ باعث طعن کرنی اماموں کے راویون کو مختلف ہوا کرتی ہین کوئی تو ایسا ہوتا ہی جو عدالت راوی کو توڑی اور کوئی ایسا کہ نہ توڑ سکی اسیواسطی شیخ ابوالحسن مقدسی کہا کرتی حق مین اوس شخص کے جس سی بخاری مین روایت ہو کہ یہہ شخص پل کے اوس پار اوتر گیا ہی یعنی اب اسپر جو کوئی طعن کری تو وہ لایق التفات نہین کہا شیخ ابوالفتح قشیری نے اپنے کتاب مختصر مین کہ میرا بہی اعتقاد ہی اور یہی کہتا ہون اور اس سے باہر نہونا چاہیی بجز دلیل ظاہر کی اور بیان شافی کی جو اس غلبہ ظن مین جو علما کی اتفاق سی اوپر صحیحین نام رکہنی ان دو کتابون کی حاصل ہے بڑہ جاوی جب یہہ بات صحیح ہوئی تو اس سی عدالت صحیحین کے راویون کی ثابت ہوئی اور لازم آئی کہتا ہون مین یعنی ابن حجر کہ اس تقدیر پر کسیکا اعتراض وطعن اونکی حق مین قبول نکیا جاویگا بجز باعث طعن واضح بیان کی اسلیی کہ باعث طعن مختلف ہوتی ہین لیکن پہر اکہان پانچ چیزین ٹہیرتی ہین بدعت یا مخالفت یا غلطی یا جہالت حال راوی کی یا دعوی منقطع ہونی سند کا اسطرح پر کہ فلانا راوی مدلس تہا یا ارسال کیا کرتا تہا سو جہالت حال تو صحیح بخاری کی تمام راویون سی اوٹہی ہوئی ہے کیونکہ صحیح کے شرط یہہ ہی کہ اوسکا راوی مشہور ہو عدالت مین پہر جو کوئی کسی صحیح کی راوی کو مجہول کہی تو گویا اوسنی صحیح کی مصنف سی مقابلہ کیا اس بات مین کہ اوسنی اوس راوی کو مشہور

ومعروف سمجھا تھا اور اوسنی اوسکو مجہول تبایا سو اسمین شک نہین کہ دعوی مشہور
ومعروف کہنی والی کا مقدم ہوگا کیونکہ مشہور کہنی والی کو اوس راوی کی حال سی
زیادہ واقفیت ہی کہ وہ اوسکی نجاننی والی کو نہین ہے باوجود اس حکم کی پہر بہی
صحیح بخاری کی راویون مین ایسا کوئی نہین جسپر جہالت کا بولنا جائز ہو آب سنو غلطی
کا حال سو یہہ کسی راوی سی بہت ہوتی ہے اور کسی سی تہوڑی پس جہان کوئی
راوی بہت غلطی سی موصوف ہوا تو ہم دیکھینگے کہ اوسکی حدیث مصنف کی نزدیک یا
کسی اور محدث کی نزدیک سوای اُنکی کسی اور سی بہی مروی ہی یا نہین اگر مروی ہو
تو معلوم ہوا کہ مصنف کا اعتماد اصل حدیث پر ہی یعنی بنظر اوس راوی کی جو غلطی سی
موصوف نہین نہ بنظر خاص طریق اس راوی غلطی والی کی اور اگر کسی راوی سی بجز
اوسکی مروی معلوم نہو تو البتہ یہہ بات صحت کی خلاف اور باعث توقف ہی اسکی صحیح
کہنی سی لیکن خدا کی فضل سی صحیح بخاری مین ایسی کوئی حدیث نہین ہے اور جہان
کوئی راوی تہوڑی غلطی کرنی سی موصوف ہوا جیسی کہا کرتی ہین کہ فلانا بُری
یادداشت والا ہی اور فلانا وہم کرتا ہی اور فلانی کی کچہ غر حدیثین ہین یا مثل
اِنکی اور عبارتین تو اسکا حکم بہی وہی ہے جو پہلی قسم کا گزرا یعنی اسکی حدیث کو
دیکہا جاویگا کہ کسی اور سی بہی مروی ہی یا نہین پہر حسب تفصیل سابق حکم جاری
کیا جاویگا لیکن اِنکی روایتین نزدیک مصنف کی متابعات مین بہت ہین بہ نسبت اُنکی
روایات کی آب سنو حال مخالفت کا جس سے شاذ اور منکر ہونا حدیث کا پیدا ہوتا ہے
سو یہہ صحیح بخاری مین سوای قدر قلیل کے نہین ہے آب سنو حال دعوی انقطاع
سند کا سو یہہ بخاری کی تمام راویون سی اوٹہا ہوا ہی کیونکہ اوسکی شرط اور التزام
سبکو معلوم ہی کہ وہ بلا ثبوت سماع ولقای باہم راویون کی کسیکی حدیث نہین لاتا باوجود
اسکی مدلس یا صاحب ارسال کہنا اوسکی راوی کو تب تک ہی ہوگا جبتک کے

Marfat.com

اونکی حدیثین معنعن یعنی عن عن کی ساتھہ پائی جاوینگی اور جب وہی حدیثین لفظ سماع سے ملجاوینگی تو پہر وہ اعتراض کہان رہیگا اب رہی بدعت سو اوسکا اگر فرد کیا تو کفر کی طرف منسوب ہوگا اور کیا فسق کی پس جو راوی جو بسبب بدعت کی منسوب بکفر ہوگا اوسمین یہہ ضروری بات ہی کہ کفر اوسکا سب اماموں کا متفق علیہ ہو گا جیسے غالی رافضیونکا کفر یعنی حضرت علی رض کو جہوٹا خدا جانتی ہین وعلی ہذا القیاس سو ایسی لوگون سی صحیح بخاری مین کوئی حدیث نہین ہے اور جو راوی کہ بسبب بدعت کی فاسق گنا جاتا ہی جیسی خارجی یا وہ رفضی جو غالی نہین ہین اور سوای انکی اور لوگ جو اصول اہلسنت کی مخالف ہین لاکن یہہ اپنی خلاف مین کسی تاویل کو مستند رکھتی ہین جو اہلسنت مین اوسکی ظاہر معنی مشہور ہین سو ایسے اہل بدعت کی حدیث کی قبول کرنیمین اختلاف ہی یعنی بعضی لوگ بعضی وجہون اور شرطون سی قبول کرتے ہین اور بعضی نہین کرتی تا آخر اوس بیان تک جو شیخ ابن حجر نی تفصیل فرمایا ہی اور صحیح بخاری کو اعتراضون سی بری کیا ہی ہمنی اونکی کلام کو کسیقدر اختصار سی نقل کیا ہی اور ہمارے مستند اور معتمد صاحب سالہ دلیل قوی مولوی احمد علی مولوی سہارنپوری نی واسطی تنزیہہ اور دفع مطاعن رواۃ بخاری کی بڑا اہتمام کیا ہی چنانچہ مقدمہ صحیح بخاری مطبوعہ مطبع احمدی مین شیخ الاسلام ابن حجر سی عبارت مذکورہ بالا نقل کر کی کہا ہی ھذا ما ذکرہ الحافظ ابن حجر فی مقدمۃ فتح الباری فی اول الفصل التاسع ثم سرد اسماء من طعن فیہم من رواۃ الصحیح واجاب عن الاعتراضات لکن لما کان بناء ھذہ الفصول علی الاختصار ترکنا التفصیل ورأینا ان نذکر علی سبیل التمثیل من رواۃ الصحیح المجروحین عمران بن حطان ومروان ابن الحکم فننقل ما حکاہ الحافظ من

الاعتراض عليهما وما اجاب به عنه عبارته عمران بن حطان
السدوسي الشاعر المشهور كان يرى رأى الخوارج قال ابو العباس
المبرد كان عمران رأس القعدية من الصفرية وخطيبهم وشاعرهم
انتهى والقعدية قوم من الخوارج وكان عمران داعية الى مذهبهم
وهو الذي رثى عبد الرحمن بن ملجم قاتل علي رض وقد وثقه العجلي
وقال قتادة لا يتهم في الحديث وقال ابو داود ليس في اهل
الاهواء اصح حديثا من الخوارج ثم ذكر عمران هذا وغيره
وقال يعقوب بن شيبة ادرك جماعة من الصحابة وصار في
آخر عمره الى ان رأى رأى الخوارج وقال العقيلي حدث عن عائشة
ولم يتبين سماعه قلت ولم يخرج البخاري سوى حديث واحد
من رواية يحيى بن ابي كثير عنه قال سألت عن عائشة
عن الحرير فقالت ائت ابن عباس فسأله قال فسألته فقال
ائت ابن عمر فسأله فقال حدثني ابو حفص ان رسول الله
صلى الله عليه وسلم قال انما يلبس الحرير في الدنيا من لا خلاق
له في الآخرة انتهى وهذا الحديث انما اخرجه البخاري
في المتابعات فللحديث عنده طرق غير هذا من رواية
عمر وغيره وقد رواه مسلم من طريق اخرى عن ابن عمر
نحوه الى آخر ما نقله المولوي احمد علي عن الحافظ الامام
ابن حجر وقال الامام النووي في مقدمة شرح مسلم
عاب عائبون مسلما رحمه الله بروايته في صحيحه عن
جماعة من الضعفاء المتوسطين الواقعين في الطبقة الثانية

الذین لیسوا من شرط الصحیح ولا عیب فی ذلک بل جوابہ من اوجہ ذکرہا الشیخ الامام ابو عمرو بن الصلاح احدہا ان یکون ذلک فیمن ہو ضعیف عند غیرہ ثقۃ عندہ ولا یقال الجرح مقدم علی التعدیل لان ذلک فیما اذا کان الجرح ثابتا مفسرا بسببہ والا فلا یقبل الجرح اذا لم یکن کذا وقد قال الامام الحافظ ابو بکر احمد بن علی بن ثابت الخطیب البغدادی وغیرہ ما احتج البخاری ومسلم وابو داود بہ من جماعۃ علم الطعن فیہم من غیرہم محمول علی انہ لم یثبت الطعن المؤثر مفسر السبب الثانی ان یکون ذلک واقعا فی المتابعات والشواہد لا فی الاصول الثالث ان یکون ضعف الضعیف الذی احتج بہ طرء بعد اخذہ عنہ الرابع ان یعلوا بالشخص الضعیف اسنادہ وہو عندہ من روایۃ الثقات فیقتصر علی العالی ولا یطول باضافۃ النازل الیہ الی اخر ما لخصناہ من کلام النووی

ترجمہ

یہہ وہ مذکور ہی جو حافظ ابن حجر نی مقدمہ فتح الباری کی ابتدا فصل نو مین ذکر کیا ہے پہر حافظ ابن حجر نی بیان کئی نام اون راویون بخاری کی جنمین لوگون نے طعن کئی ہین اور پہر اون طعنون کی جوابات تحریر کئی ہین لیکن جب کہ ان فصلون کی بنا اختصار پر ہی اسلئی تفصیل کو ہمنی چہوڑ دیا ہی اور بطور تمثیل دو راویون مطعون بخاری کا ذکر کرنا مناسب دیکہا ہی ایک عمران بن حطان دوسرا مروان پس انکی حق مین جو اعتراض اور جواب ابن حجر نی بیان کیا سو ہم یہان نقل کرتی ہین پس یہہ ہے عبارت

حافظ ابن حجر کی اونکی بیان مین عمران بن حطان سدوسی شاعر مشہور تہا اعتقاد اوسکا خارجیون کا تہا ابو العباس مبردنی کہا ہی کہ عمران سردار قعدیہ کا جو صفریہ مین سی ہین اور انکا خطیب اور شاعر تہا قعدیہ ایک قوم ہی خارجیون مین سی اور یہہ عمران اپنے مذہب کی طرف لوگون کو بلانی والا تہا اور یہہ وہی ہی جسنی عبد الرحمن ابن ملجم قاتل علی رض کا مرثیہ کہا تہا لیکن اوسکو عجلی نے ثقہ تبلایا ہی اور قتادہ نی کہا ہی کہ یہہ حدیث مین متہم نہین کیا جاتا تہا اور ابو داؤد نی کہا ہے کہ بدعتیون مین صحیح حدیث لانی والا خوارج سی بڑہکر کوئی نہین پہرانہین سی اس عمران وغیرہ کا ذکر کیا اور یعقوب بن شیبہ نے کہا ہے کہ عمران نے کئی صحابہ کو پایا لیکن اخیر عمر مین خوارج کی اعتقاد پر ہوگیا اور عقیلی نے کہا ہی کہ اسنی عایشہ سی ایک حدیث روایت کی ہی لیکن اپنے سماع ظاہر نہین کی مین کہتا ہون کہ بخاری نی اسکی کوئی حدیث روایت نہین کی بجز ایک حدیث کی جو یحیی بن کثیر نے اس عمران سی روایت کی ہے کہ اسنی بیان کیا مینی پوچہا عایشہ سے حکم ریشمی کپڑی کا اونہون نی فرمایا کہ ابن عباس سی جاکر دریافت کرو کہا کہ پہر مینی ابن عباس کے پاس جاکر پوچہا تو اونہون نی فرمایا کہ ابن عمر کی پاس جاکر پوچہو پس اونہون نی بیان کیا کہ مجہسی کہا ہے ابو حفص یعنی عمر بن الخطاب نی کہ انحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا ہی کہ جو کوئی ریشمی کپڑا دنیا مین پہنیگا اوسکا آخرت مین اوس مین حصہ نہوگا تمام ہوئی حدیث مذکور سو اس حدیث کو امام بخاری متابعات ہی مین لایا ہے کیونکہ یہہ اوسکی نزدیک کئی اور طریقون حضرت عمر وغیرہ کی سی بہی ثابت ہی اسلئی اون روایات کی متابعت مین اسکو بہی لی آیا

اور بلاشبہہ امام مسلم نی بہی اور طریقون ابن عمر وغیرہ کی اسکو روایت کیا ہی تا آخر اوس
کلام تک جو مولوی احمد علی نے حافظ ابن حجر سی نقل کیا ہے اور کہا امام نووی
مقدمہ شرح صحیح مسلم مین کہ عیب پکڑا ہی عیب پکڑنی والون نی مسلم پہ
نے اپنی صحیح مین ضعیف متوسط راویون سی جو دوسری طبقہ کی لوگ ہین اور صحیح کی
شرط پر نہین ہین کیون روایت کی لاکن حقیقت مین یہہ کچہہ عیب نہین بلکہ اسکا کئی وجہہ
جواب ہوسکتا ہی جن وجوہات کو شیخ امام ابوعمرو بن الصلاح نی ذکر کیا ہی ایک یہہ وجہ
ہے کہ وہ ضعیف راوی جسکو معترض ضعیف کہتا ہی مسلم کی نزدیک ثقہ ہو اسپر کوئی یہہ
اعتراض نکری کہ جرح مقدم ہی تعدیل سے یعنی ضعیف کہنی والی کا قول مقدم ہی بہ نسبت
قول ثقہ کہنی والی کی بحکم اصول کی کیونکہ یہہ اعتراض اوسوقت ہوسکتا ہی جب کہ
جرح جرح کرنی والون کا با بیان سبب و دلیل ہو نہین تو وہ ہرگز مقبول نہین اور بلاشبہہ
کہا ہی امام حافظ ابوبکر احمد بن علی خطیب بغدادی نی کہ جس راوی کی سند لیے ہی
بخاری و مسلم و ابوداود نی اور لوگون نی اوسپر طعن کیا ہی تو وہ طعن اور جرح اونکا
ثبوت کو نہین پہونچا اور موثر با بیان سبب نہین پایا گیا دوسری وجہ یہہ کہ حدیث
ضعیف راوی کی متابعات مین لی گئی ہو نہ اصل مقصود حدیثون مین تیسری وجہ
یہہ کہ اوس ضعیف راوی مین جو ضعف کسینی نکالا ہی وہ پیچہی کہ بعد اوسکی
اوس ہی سند لی چکا ہو پیدا ہوا ہو چوتہی وجہ یہہ ہے کہ سند اوسکی اوس ضعیف
راوی سی بلند ہوتی ہو اور وہ نزدیک مسلم کی بروایت ثقات نیچی کی درجہ
ہو پس مسلم بنظر بلندی سند کے اوسی ضعیف کی اسناد کو ذکر کرکی اوسپر اکتفا کرتا ہو
اور ساتہہ اوسکی سند نازل کو جو ثقات کی سند تہی بخوف تطویل ذکر نکرتا ہو آخر اوس
کلام تک جسے ہمنی مختصر کرکے نقل کیا ہی امام نووی ہی اور امام نووی نی
شرح مسلم مین بذیل احادیث رواۃ مطعونین کی ایک ایک کا مفصل جواب ہی تحریر

کیا ہی شایق طالب کو اصل شرح کا ملاحظہ درکار ہے بالجملہ مطاعن لوگون کی بحث بعضی راویون بخاری ومسلم کی ائمہ محدثین نے ہبا ءً منثورا اور نسیا منسیا کر دی ہین اور صحیت پر احادیث شیخین کے کسیکو اہل اسلام مین سی کچھہ اعتراض اور کلام باقی نہین رہا ہے یھہ بزرگوار ابن الہمام اور بتقلید اوسکی عبدالحق ناحق اُن اعتراضات اور مطاعن کو بمقام مصادمہ محدثین مین بغرض نصرت مذہب حنفی کی جان بوجھہ کر باوجود علم اور اطلاع کی جوابات اور رفع اون مطاعن پر پیش کرتی ہین انسیون کی حق مین کیا اچھا کسی نے کہا ہی **شعر** اِنْ کُنْتَ لَا تَدْرِیْ فَتِلْکَ مُصِیْبَۃٌ * وَاِنْ کُنْتَ تَدْرِیْ فَالْمُصِیْبَۃُ اَعْظَمُ * **قولہ الثالث عشر** معہذا اسمعیل بخاری منتسب مذہب شافعی کا ہی چنانچہ محقق شاہ ولی اللہ رسالہ انصاف مین تحریر فرماتی ہین واستدل شیخنا العلامۃ علی ادخال البخاری فی الشافعیۃ بذکرہ فی الطبقات الشافعیۃ وکلام النووی شاہد لہ پس جای غور ہی کہ مجیب لی مخالفین بخاری کو کہ خود وہ مقلد شافعی کا ہی بدعتی لکھدیا بلاتعقل اسکا کیا علاج **جواب** یہ وہ اپکا تعقل بعین مہملہ کہ سکا تامل اوسکی پہلو ہیچ ہی یہان آپ اوسمین ایسی مصروف ہوئی کہ امام بخاری کی نام تک ظفر یاب نہوئی نام اوسکا محمد مشہور ہے جسکے جگہ نام اونکی باپ کا اسمعیل فرمادیا اور مسئلہ متنازعہ فیہا سی بہی خواب خرگوش مین چلی گئی کہ متنازع فیہ ترجیح ہدایہ کی تہی صحیح بخاری پر جسکو چہوڑ کر آپ تقلید بخاری کی ثابت کرنی لگی اور پہر تفریع اوسپر یہہ اجنبی کی کہ مخالفین بخاری کو بدعتی کیون کہا یہہ سب خوبیان اوسی تعقل بعین مہملہ کے ہین اگرچہ تامل کو کارفرما ہوتی تو امام بخاری کا نام کہین نہ کہین سے ڈہونڈہ نکال کے لکہتی اور بحث ترجیح ہدایہ کو چہوڑکر اثبات تقلید بخاری کی درپی نہوتی اور بوقت تفریع سمجہتی کہ امام بخاری کی مخالفین کو توکسینی بدعتی نہین کہا بلکہ احادیث بخاری کو جسمین بخاری کی مقلد ہونیکو کچہہ دخل نہین ماعداسی مرجح ٹہیرایا

Marfat.com

ہی اور اس امر کی مخالف کو مبتدع کہا ہی جسکو ایک جہان مبتدع کہہ رہا ہے الغرض تعمل
چھوڑ کر تامل اختیار کری تو ایسی باتین ناشی عدم تامل سی نکلتے اب ہم بقطع نظر انکی
تعمل کی خوبیون سی امام بخاری کا اجتہاد بتصریحات ائمہ نقل ثابت کرتی ہین اور خیانت
مخاطب کی عبارت رسالہ انصاف مین ظاہر کرکی اوس سے بھی مجتہد ہونا امام بخاری کا
ثابت کئی دیتے ہین پس اولاً اقوال ائمہ نقل متضمن ثبوت اجتہاد امام بخاری بیان
کئی جاتی ہین پھر عبارت رسالہ انصاف سی مجتہد ہونا امام بخاری کا اور خیانت
وسرقہ مخاطب کا ثابت کیا جاویگا قَالَ الاِمَامُ اَحمَدُ مَا اَخرَجَت خُرَاسَانُ
مِثلَهُ یَعنِی البُخَارِیَّ وَقَالَ اِسحٰقُ بنُ رَاهُوَیهِ لَو کَانَ فِی زَمَنِ الحَسَنِ
لَاحتَاجَ اِلَیهِ لِمَعرِفَتِهِ بِالحَدِیثِ وَفِقهِهِ وَقَالَ نُعَیمُ بنُ حَمَّادٍ فَقِیهُ
هٰذِهِ الاُمَّةِ وَهٰکَذَا قَالَ یَعقُوبُ ابنُ اِبرَاهِیمَ الدَّورَقِیُّ وَمِنهُم
مَن فَضَّلَهُ فِی الحَدِیثِ وَالفِقهِ عَلٰی اَحمَدَ بنِ حَنبَلٍ وَاِسحٰقَ ابنِ رَاهُوَیهِ
وَقَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ عَبدُ اللّٰهِ بنُ عَبدِ الرَّحمٰنِ الدَّارِمِیُّ مُحَمَّدُ بنُ اِسمٰعِیلَ
البُخَارِیُّ اَفقَهُنَا وَاَعلَمُنَا وَاَغوَصُنَا وَقَالَ اِسحٰقُ بنُ رَاهُوَیهِ هُوَ
اَبصَرُ مِنِّی نَقَلَ هٰذِهِ الاَقَاوِیلَ الشَّیخُ الاِمَامُ ابنُ کَثِیرٍ فِی تَارِیخِ
البِدَایَةِ وَالنِّهَایَةِ وَالاِمَامُ الحَافِظُ ابنُ حَجَرٍ فِی شَرحِهِ لِلبُخَارِیِّ
وَتَارِیخِهِ وَالشَّیخُ العَلَّامَةُ القَسطَلَانِیُّ فِی شَرحِهِ لِلبُخَارِیِّ
وَغَیرُهُم مِن اَئِمَّةِ الحَدِیثِ وَالتَّوَارِیخِ وَنَقَلَ ابنُ حَجَرٍ عَن اَبِی مُصعَبٍ
اَنَّ مُحَمَّدَ بنَ اِسمٰعِیلَ اَفقَهُ عِندَنَا وَاَبصَرُ بِالحَدِیثِ مِن اَحمَدَ
بنِ حَنبَلٍ وَعَنهُ قَالَ لَو اَدرَکتُ مَالِکًا وَنَظَرتُ اِلٰی وَجهِهِ وَوَجهِ
مُحَمَّدِ بنِ اِسمٰعِیلَ لَقُلتُ کِلَاهُمَا وَاحِدٌ فِی الفِقهِ وَالحَدِیثِ قَالَ
قُتَیبَةُ بنُ سَعِیدٍ جَالَستُ الفُقَهَاءَ وَالعُبَّادَ وَمَا رَاَیتُ مُنذُ

Marfat.com

عن مثل محمد بن اسمعيل وهو في زمانه كعمر في الصحابة وسئل قتادة عن طلاق السكران فدخل محمد يعني البخاري فقال للسائل هذا احمد بن حنبل واسحق بن راهويه وعلي ابن المديني ساقهم الله اليك واشار الى البخاري انتهى وقال الامام النووي في التهذيب ومناقبه لا تستقصى لخروجها عن ان تحصى وهي منقسمة الى حفظ ودراية واجتهاد الى اخر ما قال وقد عده الرملي مجتهدا مستقلا لكنا لا نطيل الكلام بنقل عباراته ترجمہ

کہا امام احمد نی کہ دیار خراسان نی بخاری جیسا کوئی نہین نکالا یعنی وہان ایسا کوئی نہین پیدا ہوا اور کہا اسحق ابن راہویہ نی اگر ہوتا بخاری حسن بصری کی زمانہ مین تو وہ محتاج ہوتا بخاری کا بسبب اسکی کہ وہ خوب جانتا تہا حدیث اور اجتہاد اور کہا نعیم بن حماد نی بخاری کی حق مین کہ یہہ اس امت کا مجتہد ہی اور ایسا ہی کہا ہی یعقوب ابن ابراہیم دورقی نی اور بعضون نے اسکو امام احمد بن حنبل اور اسحق بن راہویہ سی بہی غالب ٹہیرایا ہی حدیث اور اجتہاد مین اور کہا ابو محمد عبد اللہ بن عبد الرحمن نے کہ محمد بن اسمعیل بخاری ہم سب سے بڑہکر مجتہد ہی اور عالم اور غور والا ہی اور کہا اسحق بن راہویہ نے کہ بخاری مجہسے بہی زیادہ بصیرت والا ہی نقل کیا ان اقوال کو شیخ حافظ ابن کثیر نی تاریخ بدایۃ والنہایۃ مین اور حافظ ابن حجر نی شرح بخاری اور اپنی تاریخ مین اور شیخ علامہ قسطلانی نی شرح بخاری مین اور انکی سوای اور ونّے بہی اماموں حدیث اور تواریخ کی سی اور نقل کیا ہے ابن حجر نی ابو مصعب سے کہ محمد بن اسمعیل بخاری ہماری نزدیک امام احمد بن حنبل سی بہی بڑا مجتہد اور بڑی بصیرت والا تہا حدیث مین اور اسی ابو مصعب سی یہہ بہی نقل کیا ہی کہ اگر مین امام مالک کو دیکہتا تو کہتا کہ یہہ امام بخاری فقہ

Marfat.com

حدیث مین برابر من اور کہا قتیبہ ابن سعید نی کہ ہمنشین رہا مین مجتہدون اور زاہدون
اور عابدون کا لیکن مینی جب سی ہوش سنبہالا ہی محمد بن اسمعیل کی برابر کسیکو
نہین دیکہا اور کہا کہ یہہ اپنے زمانہ مین ایسا تہا جیسی عمر صحابہ مین اور سوال کیا
کسی نی قتادہ سی کہ ستوالی کی طلاق کا کیا حکم ہی پس اوسوقت امام بخاری اگئی
پس کہا قتادہ نی سایل کو کہ یہہ احمد بن حنبل ہے اور اسحق بن راہویہ ہے اور
علی بن مدینی ہے انکو اللہ تیری طرف کہینچ لایا ہے اور اشارہ کیا بخاری کی
طرف اور کہا امام نووی نی مہذب مین کہ مناقب امام بخاری کے پوری پوری
بیان نہین ہوسکتی کیونکہ شمار سی باہر ہین اور وہ منقسم ہین حفظ اور فہم اور اجتہاد
پر تا آخر اوس کلام تک جو نووی نی فرمایا ہی اور امام رملی نی بہی بخاری کو
مجتہد مستقل شمار کیا ہی اب ہم اوسکی کلام نقل کرنے سی عبارت کو طول نہین
کرتے **اب حال** عبارت رسالہ شاہ ولی اللہ کا جس سی مخاطب چالیٹا ہی
سنا چاہیے کہ معنی عبارت مذکور کی یہہ نہین کہ امام بخاری امام شافعی کا مسایل
فرعیہ مین جو محل بحث ہین مقلد تہا جیساکہ مخاطب نی اسپر متفرع کیا ہی بلکہ مطلب
اوسکا یہہ ہے کہ امام بخاری اپنی اجتہاد مین امام شافعی کی طرف منتسب تہا کیونکہ
طریق اجتہاد اور ترتیب دلایل اور استنباط مسایل مین رای امام بخاری کی
رای امام شافعی سی توافق اور تطابق تہا اور مخاطب نی بہی اولا اسی انتساب
کا دعوی کیا ہی اگرچہ بعد نقل عبارت مذکورہ کی بحکم آنکہ دروغگو را حافظہ نباشد
اوس دعوی کو فراموش کرکی تقلید بخاری کا مدعی ہو گیا ہی الحاصل اس
عبارت سی شاہ صاحب کی مجتہد ہونا بخاری کا ثابت ہوتا ہی نہ مقلد ہونا
غایۃ ما فی الباب یہہ کہ اجتہاد بخاری آپکی نزدیک منتسب ہے نہ مستقل اور عدم
استقلال اجتہاد سی کسی مجتہد کی مقلد ہونا اوس مجتہد کا لازم نہین آتا

یہ مطلب عبارت مذکورہ کا عبارات ماقبل و مابعد سے ایسا روشن ہوتا ہے جیسا نصف النہار کا روشن آفتاب مخاطب ان سب عبارات کو مضر مطلب سمجھ کر سرقہ کر گیا اور شیر مادر کی طرح غٹ غٹ کر کی نوش کر گیا ہی ہم اس مقام مین ان سب عبارات کو نقل کر کے سرقہ و خیانت مخاطب ثابت کرتی ہین اور مجتہد مطلق منتسب غیر مقلد ہونا امام بخاری کا ان عبارات سے ثابت کئی دیتے ہین پس واضح ہو کہ اصل وہ کلام جس سے مخاطب جا لپٹا ہی شاہ صاحب کا خود اپنا کلام نہین بلکہ فقیہ ابن زیاد یمنی شافعی کا کلام ہے جو اوسکی فتاوی سے شاہ صاحب نے نقل کیا ہی اوسکی ابتدا مین امام بلقینی شافعی کے مجتہد مطلق غیر منتسب ہونیکا دعوی ہی پہر اوسکی تائید و تنظیر مین بعضی مجتہدین مطلقین منتسبین کا حال اجتہاد منقول ہے اور شرح قنیہ اور شرح مہذب اور کتاب الرد علی من اخلد الی الارض اور تہذیب و کتاب افعی کے شہادات سے اونکی اجتہاد مطلق کا ثبوت دیا ہی پہر معنی منتسب ہونے اوس مجتہد منتسب کی جنسی مقلد ہونا اوسکا باطل ہوا اور اجتہاد ثابت ہو بیان کئی ہین پہر امام بخاری کو اونکی سلک مین منسلک کیا ہی اور مثل اونکی مجتہد مطلق منتسب قرار دیا ہی حیث

قَالَ بَعْدَ ذِكْرِ الْبُلْقِينِيّ وَغَيْرِهِ مِنَ الْمُجْتَهِدِينَ الْمُطْلَقِينَ الْمُنْتَسِبِينَ وَمَعْنَى انْتِسَابِهِ إِلَى الشَّافِعِيِّ أَنَّهُ جَرَى عَلَى طَرِيقَتِهِ فِي الْاِجْتِهَادِ وَاسْتِقْرَاءِ الْأَدِلَّةِ وَتَرْتِيبِ بَعْضِهَا عَلَى بَعْضٍ وَوَافَقَ اجْتِهَادُهُ اجْتِهَادَهُ وَإِذَا خَالَفَ أَحْيَانًا لَمْ يُبَالِ بِالْمُخَالَفَةِ وَلَمْ يَخْرُجْ عَنْ طَرِيقَتِهِ إِلَّا فِي مَسَائِلَ وَذٰلِكَ لَا يَقْدَحُ فِي دُخُولِهِ فِي مَذْهَبِ الشَّافِعِيِّ وَمِنْ هٰذَا الْقَبِيلِ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمٰعِيلَ الْبُخَارِيُّ فَإِنَّهُ مَعْدُودٌ فِي طَبَقَاتِ الشَّافِعِيَّةِ وَمِمَّنْ ذَكَرَهُ فِي طَبَقَاتِ الشَّافِعِيَّةِ تَاجُ الدِّينِ السُّبْكِيُّ وَقَالَ إِنَّهُ تَفَقَّهَ بِالْحُمَيْدِيِّ وَتَفَقَّهَ الْحُمَيْدِيُّ بِالشَّافِعِيِّ وَاسْتَدَلَّ شَيْخُنَا الْعَلَّامَةُ عَلَى إِدْخَالِ الْبُخَارِيِّ فِي الشَّافِعِيَّةِ بِذِكْرِهِ فِي

Marfat.com

طبقاتهم وكلام النووي شاهد له انتهى ما في الانصاف نقلا عن فتاوى
الفقيه ابن زياد مختصرا **ترجمہ** اور معنی اسکی منسوب ہونیکی طرف شافعی کی یہ ہین
کہ وہ چلا ہی شافعی کی انداز پر اجتہاد مین اور دلیلون کی تلاش اور ترتیب مین اور اوسکا اجتہاد
شافعی کی اجتہاد کی موافق ہوگیا ہی اور کبھی اوس سی مخالفت بھی کرتا ہی تو کچھ پروا
نہین کہتا کیونکہ اس مخالفت سی اوسکی انداز سی نکل نہین جاتا بجز چند مسایل کی جنمین
خروج اوسکا ثابت ہوتا ہی سو وہ اوسکی داخل ہونیکو شافعیون مین توڑ نہین دیتا اور
اسی قسم سی یعنی مجتہدین منتسبین سے جو شافعی کی طرف بسبب توافق اجتہاد و ترتیب دلایل
کی منسوب ہین امام بخاری ہین جو طبقات شافعیہ مین معدود ہین سبکی نے اونکو طبقات
شافعیہ مین ذکر کیا ہی اور کہا ہی کہ بخاری نی فقاہت پیدا کی حمیدی سی اور حمیدی نے
امام شافعی اور ہماری استاذ نی امام بخاری کی طبقات شافعیہ مین مذکور ہونی کو اسپر دلیل
ٹھیرایا ہی کہ وہ شافعیون مین داخل ہے اور نووی کا کلام بھی اسپر شاہد ہی تمام ہوا جو انصاف
مین فقیہ ابن زیاد سی نقل کیا ہی مختصر ہوکر اسکی بعد شاہ صاحب نے عبارت کتاب انوار کی
متضمن تفسیر معنی منتسب ہونی مجتہد کی جس سی صاف ثابت ہوتا ہی کہ مجتہد منتسب مقلد
نہین ہوتا اور منتسب ہونا اوسکا محض توافق رای کی سبب سے ہوا کرتا ہی نقل کی ہے حیث
قال ومن شواهد ما ذكرنا ايضا ما في كتاب الانوار حيث قال والمنتسبون
الى مذهب الشافعي وابي حنيفة ومالك واحمد اصناف احدها العوام و
تقليدهم الشافعي متفرع على تقليد الميت والثاني البالغون الى رتبة الاجتهاد
والمجتهد لا يقلد مجتهدا وانما ينسبون اليه لجريهم على طريقته في الاجتهاد
واستعمال الادلة وترتيب بعضها على بعض والثالث المتوسطون وهم
الذين لم يبلغوا رتبة الاجتهاد لكنهم وقفوا على اصول الامام وتمكنوا
من قياس ما لم يجدوه منصوصا على ما نص عليه وهؤلاء مقلدون له

اِنتھیٰ مَا فِی الاِنصَافِ نَقلاً عَنِ الاَنوَارِ **ترجمہ** جہانپر کہا ہی مولانا شاہ ولی
لی کہ اسکی شاہدون سی وہ بہی ہی جو کتاب انوار مین کہاہی کہ جو لوگ مذہب شافعی وغیرہ
کی طرف منسوب ہین وہ کئی قسم ہین ایک عامی ہوا و نکی تقلید تو فرع ہی تقلید میت کی
دوسرے وہ جو رتبہ اجتہاد کو پہونچ گئی ہین سو مقلد نہین کیونکہ ایک مجتہد دوسری کی
تقلید نہین کرتا پہر جو انکو طرف شافعی کی منسوب کرتی اور شافعی المذہب کرکہا جاتے
ہین تو محض اسی سبب سے کہ یہہ لوگ اپنے اجتہاد اور استعمال و ترتیب دلایل مین امام شافعی
کی انداز پر چلی ہین تیسری بیچا بیچ کی لوگ جو رتبہ اجتہاد کو نہین پہونچی لیکن اپنے امام
کی قواعد پر مطلع ہین اور اوسکی اقوال پر اور نئی باتون کو قیاس کرسکتی ہین سو فقط
یہی لوگ مقلد ہین تمام ہوا جو انصاف مین انوار سی منقول ہے اسکی بعد اپنی مجتہد مطلق
کی دو قسم بیان کئی ہین ایک مستقل دوسرے منتسب الی المستقل پہر اون دونون کے
خصایل بیان کئی ہین اوس سی بہی یہی ثابت ہوتا ہی کہ مجتہد منتسب مجتہدین مطلقین مین داخل
ہے اور ربقہ تقلید سی آزاد لہذا آپکی اوس کلام کو بہی یہان نقل کیا جاتا ہے
قَالَ رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ اِعلَم اَنَّ ھٰذَا المُجتَھِدَ قَد یَکُونُ مُستَقِلًّا وَقَد یَکُونُ
مُنتَسِبًا اِلَی المُستَقِلِّ وَالمُستَقِلُّ مَنِ امتَازَ عَن سَائِرِ المُجتَھِدِینَ بِثَلَاثِ
خِصَالٍ اَحَدُھَا اَن یَتَصَرَّفَ فِی الاُصُولِ وَالقَوَاعِدِ الَّتِی یُستَنبَطُ مِنھَا
الفِقہُ وَثَانِیھَا اَن یَجمَعَ الاَحَادِیثَ وَالاٰثَارَ فَیُحَصِّلَ اَحکَامَھَا وَیَتَنَبَّہَ
لِمَاٰخَذِ الفِقہِ مِنھَا وَیَجمَعَ مُختَلِفَاتِھَا وَیُرَجِّحَ بَعضَھَا عَلیٰ بَعضٍ وَیُعَیِّنَ بَعضَ
مُحتَمَلَاتِھَا وَثَالِثُھَا اَن یُفَرِّعَ التَّفَارِیعَ الَّتِی تَرِدُ عَلَیہِ مِمَّا لَم یُسبَق بِالجَوَابِ
فِیھَا مِنَ القُرُونِ المَشھُودِ لَھَا بِالخَیرِ وَالمُجتَھِدُ المُنتَسِبُ ھُوَ المُقتَدِی المُسَلِّمُ
لَہٗ فِی الخَصلَۃِ الاُولیٰ الجَارِی مَجرَاہُ فِی الخَصلَۃِ الثَّانِیَۃِ وَالمُجتَھِدُ فِی
المَذھَبِ ھُوَ الَّذِی سَلَّمَ مِنہُ الاُولیٰ وَالثَّانِیَۃَ وَجَریٰ مَجرَاہُ فِی التَّفَارِیعِ

علی منہاج تقاریعہ انتہی مختصرًا غایۃ الاختصار **ترجمہ** فرمایا مولانا
شاہ ولی اللہ رحمہ نے جان لے کہ یہہ مجتہد یعنے مجتہد مطلق کبھی مستقل ہوتا ہی اور کبھی منسوب
طرف کسی مستقل کے پس مستقل وہ ہی جو ممتاز ہو باقی مجتہدین سی تین خصلتون مین
ایک خصلت یہہ کہ تصرف کری اون قاعدون مین جنسی مسایل فقہی نکالی جاوین خصلت
دوسری یہہ کہ احادیث اور آثار کو اکٹھا کری اور انسی احکام حاصل کری اور انمین
مسئلہ نکلنی کے جگہ کو جان جاوی اور متعارض احادیث کو آپسمین متفق کردی اور بعضی
احادیث مرجحہ کو غیر مرجحہ پر ترجیح دی اور جن حدیثون کی معانی کئی احتمال رکھتے
ہون انمین ایک احتمال کو معین کردی خصلت تیسری یہہ کہ جو مسایل فرعیہ پہلی کسی نے
نہ نکالی ہون جب اسپر دہ پیش ہون انکو اون احادیث سی استنباط کرلی اور مجتہد منسوب
طرف دوسری کی وہ ہی کہ جو خصلت اول مین تو اوسی کی چال چلے اور اوسکو قبول کرلی
اور خصلت دوسری مین خود اوس جیسا ہو اور ان دونون کی سوای ایک اور مجتہد فی المذہب
کہلاتا ہی یہہ وہ ہی جو خصلت اولی مین بھی اسی کی چال چلے اور خصلت ثانی مین بھی
اوسکا تابع ہو رہے اور خصلت ثالث مین یعنی استنباط مسایل فرعیہ جدیدہ مین اوسکی
قایم مقام ہو تمام ہوا کلام شاہ صاحب کا نہایت مختصر ہوکر سوان عبارات سی شاہ
صاحب کی صاف ثابت ہوتا ہی کہ امام بخاری آپکے نزدیک بھی مجتہد تھا نہ مقلد
امام شافعی کا اور منسوب ہونا اوسکا طرف شافعی کی اور معدود ہونا شافعیون مین محض
بنظر توافق رای واتحاد طریق اجتہاد امام بخاری اور امام شافعی کے تھا نہ بنظر مقلد ہونے
امام بخاری کی اب آیندہ جو مخاطب نے سب وشتم سی اپنے نامہ اعمال کو سیاہ کیا ہی
اوسکا جواب وجزای بعد آنکھ بند کرنے کے اللہ سی پاویگا **بیت** بوقت صبح شود
ہمچو روز معلومت * کہ با کہ باختہ عشق در شب دیجور * رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ
قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَأَنْتَ خَيْرُ الْفَاتِحِينَ

Marfat.com

التماس برای آینده

اگر اسکے جواب مین کچھہ آپکو لکھنا منظور ہو تو قلم کو سب و شتم و طعن و تشنیع سے روک کر
لکھنا ابکی تو اسطرف سے آپکے دشنام و طعنون کی جواب دینے سے اعراض اور عمل آیہ
وَاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجَاهِلُوْنَ قَالُوْا سَلَامًا پر کیا گیا آئندہ شاید نفس راغب انتقام
